سولہ سورہ رضویہ ۱۶

ترجمہ

اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرّہ

ترجمہ
اعلیٰحضرت شاہ امام احمد رضا خانصاحب
بریلوی قدس سرہٗ

تفسیر از مولانا مولوی سید محمد نعیم الدین صاحب
مرادآبادیؒ

۱۶

عکسی مترجم سولہ سورہ

مع

وظائفِ رضویہ مکمل

کوہِ نور پبلیکیشنز موبائل
۳۱۰۱، کوچہ پنڈت، لال کنواں، دہلی ۶ ۹۸۹۹۹۸۸۹۹۷

فہرست ۱۶ سولہ سورہ مع وظائف رضویہ مکمل مترجم

فضائلِ سُورۂ یٰسٓ

○ جناب رسالت پناہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تحقیق ہر چیز کے لئے دِل ہے اور قرآن مجید کا دِل سُورۂ یٰسٓ ہے اور جو شخص کہ پڑھتا ہے۔ سُورۂ یٰسٓ شریف لکھتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ پڑھنے والے کے حق میں ثواب دس مرتبہ کامل قرآن مجید پڑھنے کا۔

○ نیز فرمایا رسُولِ خدا صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس مُسلمان مرد یا عورت کی حالتِ نزع میں سُورۂ یٰسٓ پڑھی جائے گی تو ہر حرف کے بدلے دس دس فرشتے رحمت کے نازل ہو کر صاحبِ نزع کے سامنے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے اور اس کے واسطے رحمت کی التجا کریں گے اور مغفرت کے ملتمس ہوں گے اور اسکے نہلانے کے وقت حاضر رہیں گے اور جنازے کے ساتھ چلیں گے۔

○ نیز فرمایا سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے کہ اس سُورۃ کو بہت پڑھا کرو کیوں کہ اس میں بہت فائدے ہیں۔ شارحین نے اس حدیث کی شرح میں کہا ہے کہ اگر بھوکا خلوصِ دِل حضورِ قلب سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کی بھوک دفع کر دے گا اور قوت ملکیہ اس کی غذا ہو جائے گی۔ اگر خوف زدہ پڑھے گا تو اس کا خوف وغم دُور ہوگا۔ اگر قرض دار پڑھے گا بارِ قرض سے سبکدوش ہوگا اور اگر کوئی حاجت مند پڑھے گا تو اس کی حاجت برآئے گی۔

○ اور جو شخص اس کو صبح کے وقت پڑھے گا شام تک اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا اور جو رات کو پڑھے گا صبح تک مع اہل وعیال کے خدا کے حفظ میں رہے گا۔

○ اگر کسی میّت پر پڑھی جائے تو عذابِ قبر آسان ہو اگر میّت اہلِ عذاب

سے ہے تو ورنہ میت کی راحت و خوشی زیادہ ہوگی اس لئے کہ قبر یا تو ایک باغ ہے بہشت کے باغوں میں سے یا ایک گڑھا ہے دوزخ کے گڑھوں میں سے۔

○ دیلمی اور ابو الشیخ ابن حیان حضرت عبدُاللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث نقل کرتے ہیں کہ جو شخص قریب المرگ ہو اس کے رُو برُو یٰسٓ شریف پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر آسانی فرمادے گا۔

○ حضرت معقل بن یسارؓ سے مروی ہے کہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے مُردوں کو سُورۂ یٰسٓ سُناؤ۔ (ابوداؤد شریف)

○ امام دارمی اور طبرانی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص رات کو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے سُورۂ یٰسٓ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔ مریض اچھا ہوگا خواہ اس کا مرض کتنا ہی شدید اور مریض کتنا ہی ضعیف و کمزور کیوں نہ ہو۔

○ اس سورۃ کے خواص اس قدر ہیں کہ قلم کو یارا نہیں کیونکہ یہ قرآن مجید کا دل ہے۔ جو شخص اس نقش کو لکھ کر گلے میں پہنے تو انشاءاللہ تعالیٰ ہر آفت سے نجات ہو۔ سُورۂ یٰسٓ کا نقش یہ ہے:

٧٨٦/٩٢			
٦٦٤٤٨	٦٦٤٥١	٦٦٤٥٤	٦٦٤٤١
٦٦٤٥٣	٦٦٤٤٢	٦٦٤٤٧	٦٦٤٥١
٦٦٤٤٣	٦٦٤٥٦	٦٦٤٤٩	٦٦٤٤٦
٦٦٤٥٠	٦٦٤٤٥	٦٦٤٤٤	٦٦٤٥٥

○ امام طبری حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص رات کو ہمیشہ سُورۂ یٰسٓ پڑھتا رہے گا اور پھر اسی حالت میں مرجائے تو شہید مرے گا۔

○ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایصالِ ثواب کرنے سے پڑھنے والوں کو زیادہ ثواب ملتا ہے اور مُردے کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

ف١ سورۂ یٰسٓ مکیہ ہے اس میں پانچ رکوع تراسی آیتیں سات سو انتیس کلمے تین ہزار حرف ہیں۔ ترمذی کی حدیث شریف میں ہے کہ ہر چیز کے لیے قلب ہے اور قرآن کا قلب یٰسٓ ہے اور جس نے یٰسٓ پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس بار قرآن پڑھنے کا ثواب لکھتا ہے یہ حدیث غریب ہے اور اس کی اسناد میں ایک راوی مجہول ہے ابوداؤد کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے اموات پر یٰسٓ پڑھو اسی لیے قرب موت عالم نزع میں مرنے والے کے پاس یٰسٓ پڑھی جاتی ہے۔ ف٢ اے سید انبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ف٣ جو منزل مقصود کو پہنچانے والی ہے۔ یہ راہ توحید و ہدایت کی راہ ہے تمام انبیاء علیہم السلام اسی راہ پر رہے ہیں اس آیت میں کفار کا رد ہے جو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتے تھے لَسْتَ مُرْسَلًا تم رسول نہیں ہو اس کے بعد قرآن کریم کی نسبت ارشاد فرمایا۔ ف٤ یعنی ان کے پاس کوئی نبی نہ پہنچے اور قوم قریش کا یہی حال ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ان میں کوئی رسول نہیں آیا۔ ف٥ یعنی حکم الٰہی و قضائے ازلی ان کے عذاب پر جاری ہوچکی ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ان کے حق میں ثابت ہوچکا ہے اور عذاب ان کے لیے مقرر ہوجانا اس سبب سے ہے کہ وہ کفر و انکار پر اپنے اختیار سے مُصر رہنے والے ہیں۔ ف٦ اس کے بعد ان کے کفر میں پختہ ہونے کی ایک تمثیل ارشاد فرمائی۔

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ یٰسٓ مکیہ ہے اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف١

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ

حکمت والے قرآن کی قسم بے شک

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾

تم ف٢ سیدھی راہ پر بھیجے گئے ہو ف٣

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

عزت والے مہربان کا اُتارا ہوا تاکہ تم اس قوم کو

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ

ڈر سناؤ جس کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے ف٤ تو وہ بے خبر ہیں

الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾

بے شک ان میں اکثر پر بات ثابت ہوچکی ہے ف٥ تو وہ ایمان نہ لائیں گے ف٦

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

ہم نے ان کی گردنوں میں طوق کردیے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ

تو یہ تو اوپر کو منہ اٹھائے رہ گئے ف ۷ اور ہم نے ان کے

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

آگے دیوار بنادی اور ان کے پیچھے ایک دیوار اور انہیں اوپر

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ

سے ڈھانک دیا تو انہیں کچھ نہیں سوجھتا ف ۸ اور انہیں

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا

ایک سا ہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ ایمان لانے کے

يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ

نہیں تم تو اسی کو ڈر سناتے ہو ف ۹ جو نصیحت پر

وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّ

چلے اور رحمٰن سے بے دیکھے ڈرے تو اُسے بخشش اور عزت

اَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَ

کے ثواب کی بشارت دو ف ۱۰ بے شک ہم مُردوں کو جِلائیں گے اور

نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ

ہم لکھ رہے ہیں جو انھوں نے آگے بھیجا ف ۱۱ اور جو نشانیاں پیچھے چھوڑ گئے ف ۱۲ اور ہر چیز

ف ۷ یہ تمثیل ہے ان کے کفر میں ایسے راسخ ہونے کی کہ آیاتِ نذر و پند و ہدایت کسی سے وہ منتفع نہیں ہو سکتے جیسے کہ وہ اشخاص جن کی گردنوں میں غل کی قسم کا طوق پڑا ہو جو ٹھوڑی تک پہونچتا ہے اور اس کی وجہ سے وہ سر نہیں جھکا سکتے یہی حال اُن کا ہے کہ کسی طرح حق کی طرف التفات نہیں ہوتا اور اس کے حضور سر نہیں جھکاتے اور بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ ان کی حقیقت حال ہے جہنم میں انہیں اسی طرح کا عذاب کیا جائیگا جیسا کہ دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ شانِ نزول یہ آیت ابو جہل اور اس کے دو مخزومی دوستوں کے حق میں نازل ہوئی ابو جہل نے قسم کھائی تھی کہ اگر وہ سیدِ عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھے گا تو پتھر سے سر کچل ڈالے گا جب اس نے حضور کو نماز پڑھتے دیکھا تو وہ اسی ارادۂ فاسدہ سے ایک بھاری پتھر لیکر آیا جب اس پتھر کو اٹھایا تو اس کے ہاتھ گردن میں چپکے رہ گئے اور پتھر ہاتھ کو لپٹ گیا یہ حال دیکھ کر اپنے دوستوں کی طرف واپس ہوا اور اُن سے واقعہ بیان کیا تو اسکے دوست ولید بن مغیرہ نے کہا کہ یہ کام میں کروں گا اور میں انکا سر کچل کر ہی آؤنگا چنانچہ وہ پتھر لے کر آیا حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی نماز ہی پڑھ رہے تھے جب یہ قریب پہنچا اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی سلب کرلی حضور کی آواز سنتا تھا آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتا تھا یہ بھی پریشان ہو کر اپنے یاروں کی طرف لوٹا وہ بھی نظر نہ آئے انہوں نے ہی اسے پکارا اور اس سے کہا

توکیا کیا کہنے لگا میں نے ان کی آواز تو سنی مگر وہ مجھے نظر ہی نہیں آئے اب ابوجہل کے تیسرے دوست نے دعویٰ کیا کہ وہ اس کام کو انجام دیگا اور بڑے دعوے کے ساتھ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا تھا کہ اُلٹے پاؤں ایسا بدحواس ہو کر بھاگا کہ یہ اوندھے مُنہ گر گیا اس کے دوستوں نے حال پوچھا تو کہنے لگا کہ میرا حال بہت سخت ہے میں نے ایک بہت بڑا سانڈ دیکھا جو میرے اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے درمیان حائل ہو گیا لات و عزّیٰ کی قسم اگر میں ذرا بھی آگے بڑھتا تو مجھے کھا ہی جاتا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی (خازن و جمل) ف۸ یہ بھی تمثیل ہے کہ جیسے کسی شخص کے لیے دونوں طرف دیواریں ہوں اور ہر طرف سے راستہ بند کر دیا گیا ہو وہ کسی طرح منزلِ مقصود تک نہیں پہونچ سکتا یہی حال ان کفار کا ہے کہ ان پر ہر طرف سے ایمان کی راہ بند ہے سامنے ان کے غرورِ دنیا کی دیوار ہے اور ان کے پیچھے تکذیبِ آخرت کی، اور وہ جہالت کے قید خانہ میں محبوس ہیں آیات و دلائل میں نظر کرنا انھیں میسّر نہیں ع ف۹ یعنی آپ کے ڈر سُنانے اور خوف دلانے سے وہی نفع اُٹھاتا ہے۔ ف۱۰ یعنی جنّت کی ف۱۱ یعنی دنیا کی زندگانی میں جو نیکی یا بدی کی تاکہ اس پر جزا دی جائے ف۱۲ یعنی اور ہم ان کی وہ نشانیاں وہ طریقے بھی لکھتے ہیں جو وہ اپنے بعد چھوڑ گئے خواہ وہ طریقے نیک ہوں یا بد جو نیک طریقے اُمتی نکالتے ہیں ان کو بدعتِ حسنہ کہتے ہیں اور اس طریقے کو نکالنے والوں اور عمل کرنے والوں دونوں کو ثواب ملتا ہے اور جو بُرے طریقے نکالتے ہیں ان کو بدعتِ سیئہ کہتے ہیں اس طریقے کے نکالنے والے اور عمل کرنے والے دونوں گنہگار ہوتے ہیں مسلم شریف کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے

ع ۱۲ / ۱۸

أَحْصَيْنَٰهُ فِىٓ إِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿١٢﴾ وَاضْرِبْ

ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب میں ف۱۳ اور ان سے نشانیاں

لَهُم مَّثَلًا أَصْحَٰبَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَآءَهَا

بیان کرو اس شہر والوں کی ف۱۴ جب ان کے پاس

الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ

فرستادے آئے ف۱۵ جب ہم نے ان کی طرف دو بھیجے ف۱۶

فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ

پھر انہوں نے انکو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے سے زور دیا ف۱۷ اب ان سب نے

إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ﴿١٤﴾ قَالُوا مَآ أَنتُمْ إِلَّا

کہا ف۱۸ کہ بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں بولے تم تو نہیں مگر ہم جیسے آدمی

بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَىْءٍ

اور رحمٰن نے کچھ نہیں اتارا تم نرے

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ

جھوٹے ہو وہ بولے ہمارا رب جانتا ہے

إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلَٰغُ

کہ بیشک ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارے ذمہ نہیں مگر صاف

اسلام میں نیک طریقہ نکالا اس کو طریقہ نکالنے کا بھی ثواب ملے گا اور اس پر عمل کرنے والوں کا بھی ثواب بغیر اس کے کہ عمل کرنے والوں کے ثواب میں کچھ کمی کی جائے اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ نکالا تو اس پر وہ طریقہ نکالنے کا بھی گناہ اور اس طریقہ پر عمل کرنے والوں کے بھی گناہ بغیر اس کے کہ ان

الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ

پہنچا دینا ف۱۹ بولے ہم تمہیں منحوس سمجھتے ہیں ف۲۰ بے شک اگر تم

لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا

باز نہ آئے ف۲۱ تو ضرور ہم تمہیں سنگسار کریں گے اور بے شک ہمارے ہاتھوں تم پر دُکھ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ

کی مار پڑے گی انہوں نے فرمایا تمہاری نحوست تو تمہارے

اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ

ساتھ ہے ف۲۲ کیا اس پر بدکتے ہو کہ تم سمجھائے گئے ف۲۳ بلکہ تم حد سے بڑھنے والے

جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ

لوگ ہو ف۲۴ اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک مرد دوڑتا آیا ف۲۵ بولا اے

يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ

میری قوم بھیجے ہوؤں کی پیروی کرو ایسوں کی پیروی

لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

کرو جو تم سے کچھ نیگ نہیں مانگتے اور وہ راہ پر ہیں ف۲۶

وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ

اور مجھے کیا ہے کہ اس کی بندگی نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف

عمل کرنیوالوں کے گناہوں میں کچھ کمی کی جائے اس سے معلوم ہوا کہ صدہا امور خیر مثل فاتحہ گیارہویں و تیجہ و چالیسویں و عرس و توشہ و ختم و محافل ذکر میلاد و شہادت جنکو بدمذہب لوگ بدعت کہہ کر منع کرتے ہیں اور لوگوں کو ان نیکیوں سے روکتے ہیں یہ سب درست اور باعث اجر و ثواب ہیں اور انکو بدعتِ سیئہ بتانا غلط و باطل ہے یہ طاعات اور اعمال صالحہ جو ذکر و تلاوت اور صدقہ و خیرات پر مشتمل ہیں بدعتِ سیئہ نہیں بدعتِ سیئہ وہ بُرے طریقے ہیں جن سے دین کو نقصان پہنچتا ہے اور جو سنت کے مخالف ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں آیا جو قوم بدعت نکالتی ہے اس سے ایک سُنت اٹھ جاتی ہے تو بدعتِ سیئہ وہی ہے جس سے سُنت اٹھتی ہو جیسے کہ رفض و خروج و وہابیت یہ سب انتہا درجہ کی خراب سیئہ بدعتیں ہیں۔ رفض و خروج جو اصحاب و اہلِ بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت پر مبنی ہیں ان سے اصحاب اور اہلِ بیت کے ساتھ محبت و نیاز مندی رکھنے کی سُنت اٹھ جاتی ہے جس کے شریعت میں تاکیدی حکم ہیں وہابیت مقبولانِ حق حضرات انبیاء و اولیاء کی جناب میں بے ادبی و گستاخی اور تمام مسلمانوں کو مشرک قرار دینا ہے اس سے بزرگانِ دین کی

حرمت و عزت اور ادب و تکریم اور مسلمانوں کے ساتھ اخوت و محبت کی سنتیں اٹھ جاتی ہیں جن کی بہت شدید تاکیدیں ہیں اور جو دین میں بہت ضروری چیز ہیں اور اس آیت کی تفسیر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ آثار سے مراد وہ قدم ہیں جو نمازی مسجد کی طرف چلنے میں رکھتا

تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً

تمہیں پلٹنا ہے ف۲۷ کیا اللہ کے سوا اور خدا ٹھہراؤں ف۲۸

اِنْ یُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّیْ

کہ اگر رحمٰن میرا کچھ برا چاہے تو ان کی سفارش میرے کچھ کام

شَفَاعَتُهُمْ شَیْـًٔا وَّ لَا یُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّیْۤ اِذًا

نہ آئے اور نہ وہ مجھے بچاسکیں بیشک جب

لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّیْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

تو میں کھلی گمراہی میں ہوں ف۲۹ مقرر میں تمہارے رب

فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ

پر ایمان لایا تو میری سنو ف۳۰ اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو ف۳۱

یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ

کہا کسی طرح میری قوم جانتی جیسی میرے رب نے میری

وَ جَعَلَنِیْ مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿٢٧﴾ وَ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰی

مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں کیا ف۳۲ اور ہم نے اس

قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ

کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اتارا ف۳۳ اور نہ

ہے اور اس معنی پر آیت کی شانِ نزول یہ بیان کی گئی ہے کہ بنی سلمہ مدینہ طیبہ کے کنارے پر رہتے تھے انہوں نے چاہا کہ مسجد شریف کے قریب آ بسیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے قدم لکھے جاتے ہیں تم مکان تبدیل نہ کرو یعنی جتنی دور سے آؤ گے اتنے ہی قدم زیادہ پڑیں گے اور اجر و ثواب زیادہ ہوگا ف۱۳ یعنی لوحِ محفوظ میں ف۱۴ اس شہر سے مراد انطاکیہ ہے یہ ایک بڑا شہر ہے اس میں چشمے ہیں کئی پہاڑ ہیں ایک سنگین شہر پناہ ہے بارہ میل کے دور میں بستا ہے ف۱۵ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کا مختصر بیان یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دو حواریوں صادق و صدوق کو انطاکیہ بھیجا تاکہ وہاں کے لوگوں کو جو بت پرست تھے دینِ حق کی دعوت دیں جب یہ دونوں شہر کے قریب پہنچے تو انہوں نے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا کہ بکریاں چرا رہا ہے اس شخص کا

نام حبیب نجار تھا اُس نے ان کا حال دریافت کیا ان دونوں نے کہا کہ ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بھیجے ہوئے ہیں تمہیں دینِ حق کی دعوت دینے آئے ہیں کہ بت پرستی چھوڑ کر خدا پرستی اختیار کرو حبیب نجار نے نشانی دریافت کی انہوں نے کہا کہ نشانی یہ ہے کہ ہم

بیماروں کو اچھا کرتے ہیں اندھوں کو بینا کرتے ہیں برص والے کا مرض دور کرتے ہیں۔ حبیب نجار کا ایک بیٹا دو سال سے بیمار تھا انہوں نے اس
پر ہاتھ پھیرا وہ تندرست ہو گیا حبیب نجار ایمان لائے اور اس واقعہ کی خبر مشہور ہو گئی تا آنکہ ایک خلق کثیر نے ان کے ہاتھوں اپنے امراض سے شفا

مَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً
نہیں وہاں کوئی لشکر اتارنا تھا وہ تو بس ایک ہی چیخ تھی
وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً
جب ہی وہ بجھ کر رہ گئے ف۳۴ اور کہا گیا کہ ہائے
عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا
افسوس ان بندوں پر ف۳۵ جب ان کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو
كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ
اس سے ٹھٹھا ہی کرتے ہیں کیا انہوں نے نہ دیکھا
اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ
ف۳۶ ہم نے ان سے پہلے کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب ان کی
لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ
طرف پلٹنے والے نہیں ف۳۷ اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے
لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ
حضور حاضر لائے جائیں گے ف۳۸ اور ان کے لئے ایک نشانی مردہ زمین ہے
الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ
ف۳۹ ہم نے اسے زندہ کیا ف۴۰ اور پھر اس سے اناج نکالا تو اس میں سے

پائی یہ خبر پہنچنے پر بادشاہ نے انہیں بلا کر کہا کیا ہمارے معبودوں کے سوا اور کوئی معبود بھی ہے ان دونوں نے کہا ہاں وہی جس نے تجھے اور تیرے معبودوں کو پیدا کیا پھر لوگ ان کے درپے ہوئے اور انہیں مارا اور یہ دونوں قید کر لئے گئے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شمعون کو بھیجا وہ اجنبی بن کر شہر میں داخل ہوئے اور بادشاہ کے مصاحبین و مقربین سے رسم و راہ پیدا کر کے بادشاہ تک پہنچے اور اس پر اپنا اثر پیدا کر لیا جب دیکھا کہ بادشاہ ان سے خوب مانوس ہو گیا ہے تو ایک روز بادشاہ سے ذکر کیا کہ دو آدمی جو قید کئے گئے ہیں کیا ان کی بات سنی گئی تھی وہ کیا کہتے تھے بادشاہ نے کہا کہ نہیں جب انہوں نے نئے دین کا نام لیا فوراً ہی مجھے غصہ آگیا۔ شمعون نے کہا کہ اگر بادشاہ کی رائے ہو تو انہیں بلایا جائے دیکھیں ان کے پاس کیا ہے چنانچہ وہ دونوں بلائے گئے شمعون
نے ان سے دریافت کیا تمہیں کس نے بھیجا ہے انہوں نے کہا اس اللہ نے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا اور ہر جاندار کو روزی دی اور جس
کا کوئی شریک نہیں شمعون نے کہا کہ اس کی مختصر صفت بیان کرو انہوں نے کہا وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے

شمعون نے کہا تمہاری نشانی کیا ہے انہوں نے کہا جو بادشاہ چاہے تو بادشاہ نے ایک اندھے لڑکے کو بلایا انہوں نے دعا کی وہ فوراً
بینا ہو گیا شمعون نے بادشاہ سے کہا کہ اب مناسب یہ ہے کہ تو اپنے معبودوں سے کہہ کہ وہ بھی ایسا ہی کر کے دکھائیں تاکہ تیری اور

يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

کھاتے ہیں اور ہم نے اس میں ف۴۱ باغ بنائے کھجوروں

نَّخِيلٍ وَّأَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ

اور انگوروں کے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے کہ اس کے

الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾ لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ

پھلوں میں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ کے

أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ

بنائے نہیں تو کیا حق نہ مانیں گے ف۴۲ پاکی ہے اسے

الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا

جس نے سب جوڑے بنائے ف۴۳ ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی

تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا

ہے ف۴۴ اور خود ان سے ف۴۵ اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں

يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ ج نَسْلَخُ

ف۴۶ اور ان کے لئے ایک نشانی رات ہے ف۴۷ ہم اس پر سے

مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾ وَ

دن کھینچ لیتے ہیں ف۴۸ جبھی وہ اندھیروں میں ہیں اور

ان کی عزت ظاہر ہو بادشاہ
نے شمعون سے کہا کہ تم سے
کچھ چھپانے کی بات نہیں ہے
ہمارا معبود نہ دیکھے نہ سنے نہ
کچھ بگاڑ سکے نہ بنا سکے پھر
بادشاہ نے ان دونوں حواریوں
سے کہا کہ اگر تمہارے معبود کو
مُردے کے زندہ کر دینے کی
قدرت ہو تو ہم اس پر ایمان
لے آئیں انہوں نے کہا ہمارا
معبود ہر شے پر قادر ہے بادشاہ
نے ایک دہقان کے لڑکے
کو منگایا جس کو مرے ہوئے
سات دن ہو گئے تھے اور
جسم خراب ہو چکا تھا بدبو پھیل
رہی تھی انکی دعا سے اللہ نے
اسکو زندہ کیا اور وہ اٹھ کھڑا
ہوا اور کہنے لگا کہ میں مشرک
مرا تھا مجھ کو جہنم کی سات
وادیوں میں داخل کیا گیا
میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں کہ
جس دین پر تم ہو بہت
نقصان دہ ہے ایمان لاؤ
اور کہنے لگا کہ آسمان کے
دروازے کھلے اور ایک حسین
جوان مجھے نظر آیا جو ان تینوں
شخصوں کی سفارش کرتا ہے
بادشاہ نے کہا کون تین اس
نے کہا ایک شمعون اور دو یہ بادشاہ کو تعجب ہوا شمعون نے دیکھا کہ اسکی بات بادشاہ پر اثر کر گئی تو اس نے بادشاہ کو نصیحت کی وہ ایمان لایا اور
اس کی قوم کے کچھ لوگ ایمان لائے اور کچھ ایمان نہ لائے اور عذاب الٰہی سے ہلاک کئے گئے ف۱۶ یعنی دو حواری وہ جیسے کہا کہ انکے نام یوحنا اور پولس

تھے اور کعب کا قول ہے کہ صادق و صدوق ف۱۷ یعنی شمعون سے تقویت اور تائید پہنچائی ف۱۸ یعنی تینوں فرستادوں نے ف۱۹ اول وہ منہ کے ساتھ اور وہ اندھوں اور بیماروں کو اچھا کرتا اور مردوں کو زندہ کرتا ہے ف۲۰ جب سے تم آئے ہو بارش ہی نہیں ہوئی ف۲۱

الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ

سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے ف۴۹ یہ حکم ہے زبردست

الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ

علم والے کا ف۵۰ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں ف۵۱

حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ

یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال ف۵۲ سورج کو نہیں

یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ

پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے ف۵۳ اور نہ رات دن پر سبقت

سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَ

لے جائے ف۵۴ اور ہر ایک ایک گھیرے میں پیر رہا ہے اور

اٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ

ان کے لئے ایک نشانی یہ ہے کہ انہیں ان کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے

الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا

بھری کشتی میں سوار کیا ف۵۵ اور ان کے لئے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں جن پر

یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ

سوار ہوتے ہیں اور ہم چاہیں تو انہیں ڈبو دیں ف۵۶ تو نہ کوئی ان کی

اپنے دین کی تبلیغ سے ف۲۲ یعنی تمہارا کفر ف۲۳ اور تمہیں اسلام کی دعوت دی گئی ف۲۴ ضلال و طغیان میں اور یہی بڑی نحوست ہے ف۲۵ یعنی حبیب نجار جو پہاڑ کے غار میں مصروف عبادت الٰہی تھا جب اس نے سنا کہ قوم نے ان فرستادوں کی تکذیب کی ف۲۶ حبیب نجار کی یہ گفتگو سن کر قوم نے کہا کہ کیا تو ان کے دین پر ہے اور تو ان کے معبود پر ایمان لے آیا اس کے جواب میں حبیب نجار نے کہا ف۲۷ یعنی ابتدائے ہستی سے جس کی ہم پر نعمتیں ہیں اور آخر کار بھی اسی کی طرف رجوع کرنا ہے اس مالک حقیقی کی عبادت نہ کرنا کیا معنی اور اس کی نسبت اعتراض کیسا ہر شخص اپنے وجود پر نظر کر کے اس کے حق نعمت و احسان کو پہچان سکتا ہے ف۲۸ یعنی کیا بتوں کو معبود بناؤں ف۲۹ جب حبیب نجار نے اپنی قوم سے ایسا نصیحت آمیز کلام کیا تو وہ لوگ ان پر یکبارگی ٹوٹ پڑے اور ان پر پتھراؤ شروع کیا اور پاؤں سے کچلا یہاں تک کہ قتل کر ڈالا قبر ان کی انطاکیہ میں ہے جب قوم نے ان پر حملہ شروع کیا تو انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرستادوں سے بہت جلدی کر کے یہ کہا ف۳۰ یعنی میرے ایمان کے شاہد رہو جب وہ قتل ہو چکے تو

بطریق اکرام ف۳۱ جب وہ جنت میں داخل ہوئے اور وہاں کی نعمتیں دیکھیں ف۳۲ حبیب نجار نے یہ تمنا کی کہ ان کی قوم کو معلوم ہو جائے کہ
اللہ تعالیٰ نے حبیب نجار کی مغفرت کی اور اکرام فرمایا تاکہ قوم کو مرسلین کے دین کی طرف رغبت ہو جب حبیب قتل کر دیئے گئے تو

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ﴿٤٣﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

فریاد کو پہونچنے والا ہو اور نہ وہ بچائے جائیں مگر ہماری طرف کی رحمت اور

وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا

ایک وقت تک برتنے دینا ف۵۷ اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے ڈرو تم

مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اس سے جو تمہارے سامنے ہے ف۵۸ اور جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے۔

تُرْحَمُونَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ

ف۵۹ اس امید پر کہ تم پر مہر ہو تو منہ پھیر لیتے ہیں اور جب کبھی ان کے رب کی

رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٤٦﴾ وَإِذَا

نشانیوں سے کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو اس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں ف۶۰

قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ

اور جب ان سے فرمایا جائے اللہ کے دیئے میں سے کچھ اس کی راہ میں خرچ کرو

الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن

تو کافر مسلمانوں کے لئے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ

لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي

چاہتا کھلا دیتا ف۶۱ تم تو نہیں مگر کھلی

اللہ رب العزت کا اس قوم پر غضب ہوا اور اس کی عقوبت و سزا میں تاخیر نہ فرمائی گئی حضرت جبریل کو حکم ہوا اور ان کی ایک ہی ہولناک آواز سے سب کے سب مر گئے چنانچہ ارشاد فرمایا جاتا ہے ف۳۳ اس قوم کی ہلاکت کیلئے ف۳۴ فنا ہو گئے جیسے آگ بجھ جاتی ہے ف۳۵ ان پر اور ان کی مثل اور سب پر جو رسولوں کی تکذیب کر کے ہلاک ہوئے ف۳۶ یعنی اہلِ مکہ نے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے ہیں کہ ف۳۷ یعنی دنیا کی طرف لوٹنے والے نہیں کیا یہ لوگ ان کے حال سے عبرت حاصل نہیں کرتے ف۳۸ یعنی تمام امتیں روزِ قیامت ہمارے حضور حساب کیلئے موقف میں حاضر کی جائیں گی ف۳۹ جو اس پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ مردہ کو زندہ فرمائے گا ف۴۰ پانی برسا کر ف۴۱ یعنی زمین میں ف۴۲ اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر بجا نہ لائیں گے ف۴۳ یعنی اصناف و اقسام ف۴۴ غلے پھل وغیرہ ف۴۵ اولاد ذکور و اناث ف۴۶ بر و بحر کی عجیب و غریب مخلوقات میں سے جس کی انسانوں کو خبر بھی نہیں ہے ف۴۷ ہماری قدرتِ عظیمہ پر دلالت کرنے والی ف۴۸ تو بالکل تاریک رہ جاتی ہے جس طرح کالے بھجنگے حبشی کا سفید لباس اتار لیا جائے

تو وہ پھر سیاہ ہی سیاہ رہ جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ آسمان وزمین کے درمیان کی فضا اصل میں تاریک ہے آفتاب کی روشنی اس کے لیے ایک سفید لباس کی طرح ہے جب آفتاب غروب ہو جاتا ہے تو یہ لباس اُتر جاتا ہے اور فضا اپنی اصلی حالت میں تاریک رہ جاتی ہے ف۴۹ یعنی جہاں تک اس کی سیر کی نہایت مقرر فرمائی گئی ہے اور وہ روزِ قیامت ہے اس وقت تک وہ چلتا ہی رہے گا یا یہ معنیٰ ہیں کہ وہ اپنی منزلوں میں چلتا ہے اور جب سب سے دُور والے مغرب میں پہنچتا ہے تو پھر لوٹ پڑتا ہے کیونکہ یہی اس کا مُستقر ہے ف۵۰ اور یہ نشانی ہے جو اس کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ پر دلالت کرتی ہے ف۵۱ چاند کی ۲۸ منزلیں ہیں ہر شب ایک منزل میں ہوتا ہے اور پُوری منزل طے کر لیتا ہے نہ کم چلے نہ زیادہ طلوع کی تاریخ سے اٹھائیسویں تاریخ تک تمام منزلیں طے کر لیتا ہے اور اگر مہینہ تیس کا ہو تو دو شب اور انتیس کا ہو تو ایک شب چُھپتا ہے اور جب اپنے آخر منازل میں پہنچتا ہے تو باریک اور کمان کی طرح خمیدہ اور زرد ہو جاتا ہے ف۵۲ جو سُوکھ کر پتلی اور خمیدہ اور زرد ہو گئی ہو ف۵۳ یعنی شب میں جو اس کے ظہورِ شوکت کا وقت ہے اس کے ساتھ جمع ہو کر اس کے نور کو مغلوب کر کے کیونکہ سُورج اور چاند میں سے ہر ایک کے ظہورِ شوکت کے لئے ایک وقت مقرر ہے سورج کے لئے دن اور چاند کے لئے رات ف۵۴ کہ دن کا وقت پورا ہونے سے پہلے آجائے ایسا بھی نہیں بلکہ رات اور دن

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۴۷﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا

گمراہی میں — اور کہتے ہیں کب آئے گا یہ وعدہ

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴۸﴾ مَا یَنْظُرُوْنَ

ف۶۲ اگر تم سچے ہو ف۶۳ راہ نہیں دیکھتے

اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَ هُمْ

مگر ایک چیخ کی ف۶۴ کہ انہیں آلے گی جب وہ دُنیا کے جھگڑے میں

یَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ تَوْصِیَةً

پھنسے ہوں گے ف۶۵ تو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ

وَّ لَاۤ اِلٰۤی اَهْلِهِمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَ نُفِخَ فِی

اپنے گھر پلٹ کر جائیں ف۶۶ اور پھونکا جائے گا

الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ

صور ف۶۷ جبھی وہ قبروں سے ف۶۸ اپنے رب کی طرف

یَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ

دوڑتے چلیں گے کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں

مَّرْقَدِنَا ٜ سکتة هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ

سوتے سے جگا دیا ف۶۹ یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ دیا تھا اور

دونوں مُعیّن حساب کے ساتھ آتے جاتے ہیں کوئی ان میں سے اپنے وقت سے قبل نہیں آتا اور مُتعیّن یعنی آفتاب و ماہتاب میں سے کوئی دوسرے کے حدود شوکت میں داخل نہیں ہوتا نہ آفتاب رات میں چمکے نہ ماہتاب دن میں ف۵۵ جو سامان اسباب وغیرہ سے بھری ہوئی تھی مراد اس سے کشتیِ نوحؑ ہے جس میں انکے پہلے اجداد سوار کئے گئے تھے اور یہ اور ان کی ذریتیں ان کی پشت میں تھیں ف۵۶ باوجود کشتیوں کے ف۵۷ جو انکی زندگانی کے لئے مقرر فرمایا ہے ف۵۸ یعنی عذاب دنیا ف۵۹ یعنی عذاب آخرت ف۶۰ یعنی انکا دستور اور طریقہ کار ہی یہ ہے کہ وہ ہر آیت و موعظت سے اعراض و رُوگردانی کیا کرتے ہیں ف۶۱ شانِ نزول یہ آیت کفارِ قریش کے حق میں نازل ہوئی جن سے مسلمانوں نے کہا تھا کہ تم اپنے مالوں کا وہ حصہ مسکینوں پر خرچ کرو جو تم نے بزعم خود اللہ تعالیٰ کے لیے نکالا ہے اس پر انہوں نے کہا کہ کیا ہم ان کو کھلائیں جنہیں اللہ تعالیٰ کھلانا چاہتا تو کھلا دیتا مطلب یہ تھا کہ خدا ہی کو مسکینوں کا محتاج رکھنا منظور ہے تو انہیں کھانے کو دینا اس کی مشیّت کے خلاف ہوگا یہ بات انہوں نے بخیلی اور کنجوسی سے بطورِ تمسخر کے کہی تھی اور نہایت باطل تھی کیونکہ دنیا دارالامتحان ہے فقیری اور امیری دونوں آزمائشیں ہیں فقیر کی آزمائش صبر سے اور غنی کی انفاق فی سبیل اللہ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ مکہ مکرمہ میں زندیق لوگ تھے جب ان سے کہا جاتا تھا کہ مسکینوں کو صدقہ دو تو کہتے

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

رسولوں نے حق فرمایا ف۷۰ وہ تو نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ

فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ

ف۷۱ جبھی وہ سب کے سب ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے۔

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

ف۷۲ تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا اور تمہیں بدلا نہ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

ملے گا مگر اپنے کئے کا بے شک جنت والے آج دل کے

فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ

بہلاووں میں چین کرتے ہیں ف۷۳ وہ اور ان کی بیبیاں سایوں

ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ

میں ہیں تختوں پر تکیہ لگائے ان کے

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ

لئے اس میں میوہ ہے اور ان کے لئے ہے اس میں جو مانگیں ان پر سلام

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ

ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا ف۷۴ اور آج الگ پھٹ جاؤ

تھے ہرگز نہیں یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ محتاج کرے ہم کھلائیں ف۶۲ بعث و قیامت کا ف۶۳ اپنے دعوے میں اکا یہ خطاب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب سے تھا اللہ تعالیٰ ان کے حق میں فرماتا ہے ف۶۴ یعنی صُور کے پہلے نفخہ کی جو حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے

أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٩﴾ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي

اے مجرمو ف۷۵ اے اولادِ آدم کیا میں نے تم سے عہد

آدَمَ أَنْ لَا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ ۖ إِنَّهُ لَكُمْ

نہ لیا تھا ف۷۶ کہ شیطان کو نہ پُوجنا ف۷۷ بے شک وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿٦٠﴾ وَأَنِ اعْبُدُونِي ۚ هَٰذَا

کُھلا دشمن ہے اور میری بندگی کرنا ف۷۸

صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنْكُمْ

یہ سیدھی راہ ہے اور بے شک اس نے تم میں سے

جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾

بہت سی خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمہیں عقل نہ تھی ف۷۹

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾

یہ ہے وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ تھا۔

اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

آج اسی میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ

آج ہم ان کے مونھوں پر مہر کردیں گے ف۸۰ اور ان کے ہاتھ ہم سے

ف۶۵ خرید و فروخت میں اور کھانے پینے میں اور بازاروں اور مجلسوں میں دُنیا کے کاموں میں کہ اچانک قیامت ہوجائے گی حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خریدار اور بائع کے درمیان کپڑا پھیلا ہوگا نہ سودا تمام ہونے پائے گا نہ کپڑا لپٹ سکے گا کہ قیامت قائم ہوجائے گی یعنی لوگ اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہوں گے اور وہ کام ویسے ہی ناتمام رہ جائیں گے نہ انہیں خود پورا کرسکیں گے نہ کسی دوسرے سے پورا کرنے کو کہہ سکیں گے اور جو گھر سے باہر گئے ہیں وہ واپس نہ آسکیں گے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے ف۶۶ وہیں مرجائیں گے اور قیامت فرصت و مہلت نہ دیگی ف۶۷ دوسری مرتبہ یہ نفخۂ ثانیہ ہے جو مُردوں کے اٹھانے کے لئے ہوگا اور ان دونوں نفخوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہوگا ف۶۸ زندہ ہوکر ف۶۹ یہ مقولہ کفار کا ہوگا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وہ یہ بات اس لئے کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ دونوں نفخوں کے درمیان ان سے عذاب اٹھا دے گا اور اتنا زمانہ وہ سوتے رہیں گے اور نفخۂ ثانیہ کے بعد جب اٹھائے جائیں گے اور احوال قیامت دیکھیں گے

وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ

بات کریں گے اور ان کے پاؤں ان کے کئے کی گواہی دیں گے ف۸۱ اور

لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا

اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے ف۸۲ پھر لپک کر راستہ

الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ

کی طرف جاتے تو انھیں کچھ نہ سوجھتا ف۸۳ اور اگر ہم چاہتے تو ان کے

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ

گھر بیٹھے ان کی صورتیں بدل دیتے ف۸۴ نہ آگے بڑھ سکتے نہ پیچھے

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ

لوٹتے ف۸۵ اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اسے پیدائش

فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

میں الٹا پھیریں ف۸۶ تو کیا سمجھتے نہیں ف۸۷ اور ہم نے ان کو

الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

شعر کہنا نہ سکھایا ف۸۸ اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

مگر نصیحت اور روشن قرآن ف۸۹ کہ اسے ڈرائے جو زندہ ہو ف۹۰

تو جو ہو چکی انھیں گے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب کفار جہنم اور اس کے عذاب کو دیکھیں گے تو اس کے مقابل میں عذاب قبر انھیں سہل معلوم ہوگا اس لئے وہ ویل و افسوس پکار اٹھیں گے اور اس وقت کہیں گے ف۷۰ اور اس وقت کا اقرار انھیں کچھ نافع نہ ہوگا ف۷۱ یعنی نفخۂ اخیرہ ایک ہولناک آواز ہوگی ف۷۲ حساب کے لئے پھر ان سے کہا جائے گا ف۷۳ طرح طرح کی نعمتیں اور قسم قسم کے سرور اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضیافت جنتی نہروں کے کنارے بہشتی اشجار کی دلنواز فضائیں طرب انگیز نغمات حسینان جنت کا قرب اور قسم قسم کی نعمتوں سے التذاذ یہ اعمال کے شغل ہوں گے ف۷۴ یعنی اللہ عزوجل ان پر سلام فرمائیگا خواہ بواسطہ یا بے واسطہ اور یہ سب سے بڑی اور پیاری مراد ہے۔ ملائکہ اہل جنت کے پاس ہر دروازے سے آکر کہیں گے تم پر تمہارے رحمت والے رب کا سلام ف۷۵ جس وقت مومن جنت کی طرف روانہ کئے جائیں گے اس وقت کفار سے کہا جائیگا کہ الگ پھٹ جاؤ مومنین سے علیحدہ ہو جاؤ اور ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ حکم کفار کو ہوگا کہ الگ الگ جہنم میں اپنے اپنے مقام پر جائیں ف۷۶ اپنے انبیاء کی معرفت ف۷۷ اس کی فرمانبرداری نہ کرنا ف۷۸ اور کسی کو عبادت میں میرا شریک نہ کرنا ف۷۹ کہ تم اس کی عداوت اور گمراہ گری کو سمجھتے اور جب وہ جہنم کے قریب پہنچیں گے تو ان سے کہا جائیگا ف۸۰ کہ وہ بول نہ سکیں اور یہ مہر کرنا ان کے یہ کہنے کے سبب ہوگا کہ ہم مشرک تھے نہ ہم نے رسولوں کو جھٹلایا ف۸۱ ان کے اعضا بول اٹھیں گے اور جو کچھ ان سے

قادر ہوا ہے سب بیان کر دیں گے ف۸۲ کہ نشان بھی باقی نہ رہتا اس طرح کا اندھا کر دیتے ف۸۳ لیکن ہم نے ایسا نہ کیا اور ہم نے اپنے فضل و کرم سے نعمت لبصارت کے پاس باقی رکھی تو اب ان پر حق یہ ہے کہ وہ شکر گزاری کریں کفر نہ کریں ف۸۴ اور انھیں بندر یا سُور بنا دیتے ف۸۵ اور ان کے جُرم اس کے مستدعی تھے لیکن ہم نے اپنی رحمت و حکمت کے حسب اقتضا عذاب میں جلدی نہ کی اور ان کیلئے مہلت رکھی ف۸۶ کہ وہ بچپن کے سے ضعف و ناتوانی کی طرف واپس ہونے لگے اور دمبدم اس کی طاقتیں قوتیں اور جسم اور عقل گھٹنے لگے ف۸۷ کہ جو احوال کے بدلنے پر ایسا قادر ہو کہ بچپن کے ضعف و ناتوانی اور صغر جسم و نادانی کے بعد شباب کی قوتیں و توانائی اور جسم قوی و دانائی عطا فرماتا ہے اور پھر کبر سن اور آخر عمر میں اسی قوی ہیکل جوان کو دُبلا اور حقیر کر دیتا ہے اب نہ وہ جسم باقی ہے نہ قوتیں نشست و برخاست میں مجبوریاں درپیش ہیں عقل کام نہیں کرتی بات یاد نہیں رہتی عزیز و اقارب کو پہچان نہیں سکتا جس پروردگار نے یہ تغیر کیا وہ قادر ہے کہ آنکھیں دینے کے بعد انھیں مٹا دے اور اچھی صورتیں عطا کرنے کے بعد ان کو مسخ کر دے اور موت دینے کے بعد پھر زندہ کر دے ف۹۹ معنی یہ ہیں کہ ہم نے آپ کو شعر گوئی کا ملکہ نہ دیا یا یہ کہ قرآن تعلیم شعر نہیں ہے اور شعر سے کلام کاذب مراد ہے خواہ موزوں ہو یا غیر موزوں اس آیت میں اشارہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم اولین و آخرین تعلیم فرمائے گئے جن

وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

اور کافروں پر بات ثابت ہو جائے ف۹۱ کیا اور انہوں نے

اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَاۤ اَنْعَامًا

نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے انکے لئے پیدا کئے

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا

تو یہ ان کے مالک ہیں اور انہیں ان کے لئے نرم کر دیا

رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

ف۹۲ تو کسی پر سوار ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں اور ان کے لئے

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَ

ان میں کئی طرح کے نفع ف۹۳ اور پینے کی چیزیں ہیں ف۹۴ تو کیا شکر نہ کریں گے ف۹۵

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ

اور انہوں نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرا لئے ف۹۶ کہ شاید ان کی مدد ہو

يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

ف۹۷ اور وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے ف۹۸ اور وہ ان کے لشکر

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ

سب گرفتار حاضر آئیں گے ف۹۹ تو تم ان کی بات کا غم نہ کرو

سے کشف صفائی ہوتا ہے اور آپ کی معلومات واقعی نفس الامری ہیں کذب شعری نہیں جو حقیقت میں جہل ہے وہ آپ کی شان کے لائق نہیں اور آپ کا دامن تقدس اس سے پاک ہے اس میں شعر یعنی کلام موہوم کے جاننے اور اس کے موہوم مقدمے پیدا کرنے کو پہچاننے کی نفی نہیں بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں طعن کرنے والوں کے لئے یہ آیت کسی طرح سند نہیں ہوسکتی اللہ تعالیٰ نے حضور کو علوم کائنات عطا فرمائے اس کے انکار میں اس آیت کو پیش کرنا محض غلط ہے شان نزول کفار قریش نے کہا تھا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شاعر ہیں اور جو وہ فرماتے ہیں یعنی قرآن پاک وہ شعر ہے اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ (معاذ اللہ) یہ کلام کاذب ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ان کا مقولہ نقل فرمایا گیا ہے بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ اسی کا اس آیت میں رد فرمایا گیا کہ ہم نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسی باطل گوئی کا ملکہ ہی نہیں دیا اور یہ کتاب اشعار یعنی اکاذیب پر مشتمل نہیں کفار قریش زبان سے ایسے بدذوق اور نظم عروضی سے ایسے ناواقف نہ تھے کہ نثر کو نظم کہہ دیتے اور کلام پاک کو شعر عروضی بتا بیٹھتے اور کلام کا محض وزن عروضی پر ہونا ایسا بھی نہ تھا کہ اس پر اعتراض کیا جاسکے اس سے ثابت ہوگیا کہ ان بے دینوں کی مراد شعر سے کلام کاذب تھی (مدارک و جمل و روح البیان) اور حضرت شیخ اکبر قدس سرہ نے اس آیت کے معنی میں فرمایا ہے کہ معنی یہ ہیں کہ ہم نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معمے اور اجمال کے ساتھ خطاب نہیں فرمایا جس میں مراد کے مخفی رہنے

قَوْلُهُمْ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا

ف بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور ظاہر

يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا

کرتے ہیں ف۱۰۱ اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی

خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ

کی ایک بوند سے بنایا جبھی وہ صریح جھگڑالو ہے

مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ

ف۱۰۲ اور ہمارے لئے کہاوت کہتا ہے ف۱۰۳ اور اپنی

خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ

پیدائش بھول گیا ف۱۰۴ بولا ایسا کون ہے جو ہڈیوں کو زندہ کرے جب وہ

رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا

بالکل گل گئیں تم فرماؤ انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار انہیں

أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

بنایا اور اسے ہر پیدائش کا علم ہے ف۱۰۵

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ

جس نے تمہارے لئے ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا کی جبھی

کا احتمال ہو بلکہ صاف صریح کلام فرمایا ہے جس سے تمام حجاب اٹھ جائیں اور علوم روشن ہو جائیں تو ایسی شعر و نغز تہم ایسا اور رموز اجمال کا محل ہوتا ہے
اس لئے شعر کی نفی فرما کر اس معنی کو بیان فرمایا وف ۸۹ صاف صریح حق و ہدایت کہاں وہ پاک آسمانی کتاب تمام علوم کی جامع اور کہاں شعر جیسا

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَ

تم اس سے سلگاتے ہو وف ۱۰۶ اور

لَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

کیا وہ جس نے آسمان اور زمین بنائے

بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۗ وَ

ان جیسے اور نہیں بنا سکتا وف ۱۰۷ کیوں نہیں وف ۱۰۸

هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ

اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا، اس کا کام تو یہی

اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾

ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے وف ۱۰۹ تو اس سے فرمائے ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے وف ۱۱۰

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ

تو پاکی ہے اسے جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف

شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

پھیرے جاؤ گے وف ۱۱۱

کلام کاذب بہ نسبت ننگ
را با عالم پاک (الکبریت الاحمر
للشیخ الاکبر) وف ۹۰ ولی زندہ
رکھتا ہو تو کلام خطاب کو سمجھے
اور یہ شان مومن کی ہے وف ۹۱
یعنی حجت عذاب قائم ہو جائے
وف ۹۲ یعنی مسخر و زیر حکم کر دیا
وف ۹۳ اور مغلوب ہیں کہ انکی
کھالیں بال اون وغیرہ
کام میں لاتے ہیں وف ۹۴ دودھ
اور دودھ سے بننے والی چیزیں
دہی مٹھا وغیرہ وف ۹۵ اللہ تعالیٰ
کی ان نعمتوں کا وف ۹۶ یعنی
بتوں کو پوجنے لگے وف ۹۷ اور
مصیبت کے وقت کام آئیں
اور عذاب سے بچائیں اور ایسا
ممکن نہیں وف ۹۸ کیونکہ جماد
بے جان بے قدرت بے شعور
ہیں وف ۹۹ یعنی کافروں کے
ساتھ ان کے بت بھی گرفتار
کر کے حاضر کئے جائیں گے اور
سب جہنم میں داخل ہوں گے
بت بھی اور ان کے پجاری
بھی وف ۱۰۰ یہ خطاب ہے سید
عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو
اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی تسلی فرماتا ہے
کہ کفار کی تکذیب و انکار سے

ع ۵ ۱۶ ۴

اور ان کی ایذاؤں اور جفا کاریوں سے آپ غمگین نہ ہوں وف ۱۰۱ ہم انہیں انکے کردار کی جزا دیں گے۔ وف ۱۰۲ شان نزول یہ آیت عاص بن وائل
یا ابوجہل اور بقول مشہور اُبی بن خلف جمحی کے حق میں نازل ہوئی جو انکار بعث میں یعنی مرنے کے بعد اُٹھنے کے انکار میں سید عالم

فَضَائِلِ سُوْرَۂ فَتْح

نمازِ ظہر کے بعد دشمن پر نصرت پانے کے لئے اکتالیس بار یہ سُورۂ فتح پڑھنا نہایت ہی اثر رکھتا ہے۔ صلح حدیبیہ سے جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم واپس ہوئے تو اثنائے راہ میں ایک رات کو یہ سُورۃ نازل ہوئی۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ آج رات ایک ایسی سُورۃ مجھ پر نازل ہوئی ہے جس کو میں تمام دُنیا سے زیادہ دوست رکھتا ہوں۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرامؓ کو مبارک باد دی) اگر اس نقش کو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے حاسدوں کے حسد سے بچا رہے گا۔ جس وقت رمضان شریف کا چاند دیکھا جائے تو سُورۂ فتح کو تین بار پڑھنے سے تمام سَال رزق میں فراخی ہوتی ہے۔ کشتی میں سوار ہوتے وقت پڑھنے سے غرق ہونے سے مامون رہتا ہے۔ جدال اور قتال کے وقت لکھ کر پاس رکھنے سے حفاظت ہوتی ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جو سورۃ فتح کی مداومت کرے گا۔ قیامت کے دن صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ساتھ اٹھے گا۔ (اعجاز نما)

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۲۰۲	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۹

امام یافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے دُرّالنظم میں لکھا ہے کہ جو شخص اس سُورۃ کے پڑھنے پر مداومت کرے جب تک اپنی جگہ جنّت میں نہ دیکھ لے اس وقت تک نہ مرے گا اور اس کے رنج و غم کو اللہ تعالیٰ دور کرے گا اور ظالموں کے شر سے اُس کو امن میں رکھے گا۔

سورۂ فتح کے نقش کو سحر، آسیب اور مرض میں مریض کو پانی میں دھو کر پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد صحت یاب ہو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آج کی رات مجھ پر ایک ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو مجھ کو دنیا اور دنیا کی ہر چیز سے محبوب ہے۔ اس کے بعد حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سُوْرَۃُ فَتَحْ پڑھی۔ (بیہقی)

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ جو اس سورۃ کو رمضان المبارک کا چاند دیکھتے وقت پڑھے تو سال بھر اس کی روزی کشادہ ہوگی اور جو ہمیشہ پڑھے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خواب میں بیعت کا شرف حاصل کرے گا۔ اور کمزور قوی ہو جائے گا، فقیر تونگر ہو جائے گا، مقروض قرض سے سبکدوش ہوگا۔

جس شخص پر کوئی مصیبت ناگہانی آن پڑی ہو یا کسی مصیبت کے آنے کا خوف ہو یا کوئی مہم درپیش ہو، اس کو چاہیئے کہ جمعرات کی رات کو غسل کر کے پاک کپڑے پہنے اور اس کے بعد چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ پڑھے، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پڑھے اور سلام کے بعد اسی طرح بیٹھے اور سو مرتبہ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ پڑھے، پھر سجدہ میں جا کر سو مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ عاملان کامل کا تجربہ ہے کہ سجدہ سے سر اٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔ اس نماز کو کُنْ فَیَکُوْنُ کہتے ہیں۔

سورة الفتح مدنية وهي تسع وعشرون آية وأربع ركوعات

سورۂ فتح مدنی ہے اس میں انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿١﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ

بیشک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی ف۲ تاکہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے

مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے ف۳ اور اپنی نعمتیں تم پر تمام

عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢﴾ وَّيَنْصُرَكَ

کردے ف۴ اور تمہیں سیدھی راہ دکھادے ف۵ اور اللہ تمہاری

اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿٣﴾ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ

زبردست مدد فرمائے ف۶ وہی ہے جس نے ایمان والوں کے دلوں

فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْۤا اِيْمَانًا مَّعَ

میں اطمینان اتارا تاکہ انہیں یقین پر یقین بڑھے۔

اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور اللہ ہی کی ملک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے ف۸

ف۱ سورۂ فتح مدنیہ ہے اس میں چار رکوع انتیس آیتیں پانچ سو ساٹھ کلمے دو ہزار پانچ سو اڑسٹھ حروف ہیں ۔ شان نزول انا فتحنا حدیبیہ سے واپس ہوتے ہوئے حضور پر نازل ہوئی حضور کو اس کے نازل ہونے سے بہت خوشی حاصل ہوئی اور صحابہ نے حضور کو مبارک بادیں دیں (بخاری و مسلم و ترمذی) حدیبیہ ایک کنواں ہے مکہ مکرمہ کے نزدیک مختصر واقعہ یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب دیکھا کہ حضور مع اپنے اصحاب کے امن کے ساتھ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے کوئی حلق کئے ہوئے کوئی قصر کئے ہوئے اور کعبہ معظمہ میں داخل ہوئے کعبہ کی کنجی لی طواف فرمایا عمرہ کیا اصحاب کو اس خواب کی خبر دی سب خوش ہوئے پھر حضور نے عمرہ کا قصد فرمایا اور ایک ہزار چار سو اصحاب کے ساتھ یکم ذی القعدہ سنہ ۶ھ کو روانہ ہوگئے ذوالحلیفہ میں پہونچکر وہاں مسجد میں دو رکعتیں پڑھ کر عمرہ کا احرام باندھا اور حضور کے ساتھ اکثر اصحاب نے بھی بعض اصحاب نے جحفہ سے احرام باندھا راہ میں پانی ختم ہوگیا اصحاب نے عرض کیا کہ پانی لشکر میں بالکل باقی نہیں ہے سوائے حضور کے آفتابہ کے کہ اس میں تھوڑا سا ہے حضور نے آفتابہ میں دست مبارک ڈالا تو انگشت ہائے مبارک سے چشمے جوش مارنے لگے تمام لشکر نے پیا وضو کئے جب مقام عسفان میں پہنچے تو خبر آئی کہ کفار قریش بڑے سروسامان کے ساتھ جنگ کے لئے تیار ہیں جب حدیبیہ پہنچے تو اس کا پانی ختم ہوگیا ایک قطرہ نہ رہا گرمی بہت شدید تھی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنوئیں میں کلی فرمائی اس کی برکت سے کنواں پانی سے بھر گیا

سب نے پیا اونٹوں کو پلایا یہاں تک کہ قریش کی طرف سے حال معلوم کرنے کے لیے کئی شخص بھیجے گئے سب نے یہی بیان کیا کہ حضور عمرہ کے لیے تشریف لائے ہیں جنگ کا ارادہ نہیں ہے لیکن انھیں یقین نہ آیا آخر کار انہوں نے عُروہ بن مسعود ثقفی کو جو طائف کے بڑے سردار اور

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ④ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ

اور اللہ علم و حکمت والا ہے ف۹ تاکہ ایمان والے مردوں اور ایمان

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں ہمیشہ

خٰلِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۗ وَكَانَ

ان میں رہیں اور ان کی برائیاں ان سے اتار دے اور یہ کہ

ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيمًا ⑤ وَيُعَذِّبَ

اللہ کے یہاں بڑی کامیابی ہے اور عذاب دے

الْمُنٰفِقِينَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكٰتِ

منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو

الظَّآنِّينَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

اللہ پر گمان رکھتے ہیں ف۱۰ انھیں پر ہے بڑی گردش

السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَ

ف۱۱ اور اللہ نے ان پر غضب فرمایا اور انھیں لعنت کی اور

اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۚ وَسَآءَتْ مَصِيرًا ⑥ وَ

ان کے لئے جہنم تیار فرمایا اور وہ کیا ہی برا انجام ہے اور

عرب کے نہایت متمول شخص تھے تحقیق حال کے لیے بھیجا انہوں نے آکر دیکھا کہ حضور دستِ مبارک دھوتے ہیں تو صحابہ تبرک کے لیے غُسالہ شریف حاصل کرنے کے لیے ٹوٹ پڑتے ہیں اگر کبھی تھوکتے ہیں تو لوگ اس کے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جس کو وہ حاصل ہو جاتا ہے وہ اپنے چہرے اور بدن پر برکت کے لیے ملتا ہے کوئی بال جسمِ اقدس کا گرنے نہیں پاتا اگر اکھڑا تو بڑا ہوا تو صحابہ اس کو بہت ادب کے ساتھ لیتے اور جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں جب حضور کلام فرماتے ہیں تو سب ساکت ہو جاتے ہیں حضور کے ادب و تعظیم سے کوئی شخص نظر اوپر کو نہیں اٹھا سکتا عُروہ نے قریش سے جا کر یہ سب حال بیان کیا اور کہا کہ میں بادشاہانِ فارس و روم و مصر کے درباروں میں گیا ہوں میں نے کسی بادشاہ کی یہ عظمت نہیں دیکھی جو محمد مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی ان کے اصحاب میں ہے مجھے اندیشہ ہے کہ تم ان کے مقابل کامیاب نہ ہو سکو گے قریش نے کہا ایسی بات مت کہو ہم اِس سال انہیں واپس کر دیں گے وہ اگلے سال آئیں عُروہ نے کہا کہ مجھے اندیشہ ہے کہ تمہیں کوئی مصیبت پہنچے یہ کہہ کر وہ مع اپنے ہمراہیوں کے طائف واپس چلے گئے اور اس واقعہ

ے بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں مشرف باسلام کیا۔ یہیں حضور نے اپنے اصحاب سے بیعت لی اس کو بیعتِ رضوان کہتے ہیں بیعت کی خبر سے
کفار خوفزدہ ہوئے اور ان کے اہل الرائے نے یہی مناسب سمجھا کر صلح کر لیں چنانچہ صلح نامہ لکھا گیا اور سالِ آئندہ حضور کا تشریف لانا

لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

اللہ ہی کی ملک ہیں آسمانوں اور زمین کے سب لشکر اور اللہ

عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۷﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ

عزت و حکمت والا ہے بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر ف۱۲ اور

مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًاۙ ﴿۸﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

خوشی اور ڈر سناتا ف۱۳ تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر

وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم کرو اور صبح و شام اللہ کی پاکی

اَصِیْلًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا

بولو ف۱۴ وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں ف۱۵ وہ تو

یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَؕ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْۚ فَمَنْ

اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ف۱۶ انکے ہاتھوں پر ف۱۷ اللہ کا ہاتھ ہے تو جس

نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖۚ وَ مَنْ اَوْفٰى

نے عہد توڑا اس نے اپنے بڑے عہد کو توڑا ف۱۸ اور جس نے پورا کیا وہ عہد جو

بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۱۰﴾ ع

اس نے اللہ سے کیا تھا تو بہت جلد اللہ اسے بڑا ثواب دے گا ف۱۹

قرار پایا اور یہ صلح مسلمانوں کے حق میں بہت نافع ہوئی بلکہ نتائج کے اعتبار سے فتح ثابت ہوئی اسی لئے اکثر مفسرین فتح سے صلح حدیبیہ مراد لیتے ہیں اور بعض تمام فتوحاتِ اسلام جو آئندہ ہونے والی تھیں اور ماضی کے صیغہ سے تعبیر انکے یقینی ہونے کی وجہ سے ہے (خازن رُوح البیان) ف۳ اور تمہاری بدولت اُمّت کی مغفرت فرمائے (خازن رُوح البیان) ف۴ دنیوی بھی اور اخروی بھی ف۵ تبلیغ رسالت و اقامتِ مراسم ریاست میں (بیضاوی) ف۶ دشمنوں پر کامل غلبہ عطا کرے ف۷ اور باوجود عقیدۂ راسخہ کے اطمینانِ نفس حاصل ہو ف۸ وہ قادر ہے جس سے چاہے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدد فرمائے آسمان و زمین کے لشکروں سے یا تو آسمان و زمین کے فرشتے مراد ہیں یا آسمانوں کے فرشتے اور زمین کے حیوانات ف۹ اس نے مومنین کے دلوں کی تسکین اور وعدۂ فتح و نصرت اس لئے فرمایا ف۱۰ کہ

وہ اپنے رسول سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان پر ایمان لانے والوں کی مدد نہ فرمائے گا ف۱۱ عذاب و ہلاک کی ف۱۲ اپنی اُمت کے اعمال و
احوال کا تاکہ روزِ قیامت ان کی گواہی دو ف۱۳ یعنی مومنین کو جنت کی خوشی اور نافرمانوں کو عذاب دوزخ کا ڈر سناتا ف۱۴ صبح کی تسبیح میں نمازِ فجر

اور شام کی تسبیح میں باقی چاروں نمازیں داخل ہیں ف۱۵ مراد اس بیعت سے بیعتِ رضوان ہے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں لی تھی
ف۱۶ کیونکہ رسول سے بیعت کرنا اللہ تعالیٰ ہی سے بیعت کرنا ہے جیسے کہ رسول کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے ف۱۷ جن سے انہوں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا

اب تم سے کہیں گے جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے ف۲۰ کہ ہمیں ہمارے

أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ

مال اور ہمارے گھر والوں نے جانے سے مشغول رکھا ف۲۱ اب حضور ہماری مغفرت

بِأَلْسِنَتِهِمْ مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَنْ

چاہیں ف۲۲ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ف۲۳ تم فرماؤ تو

يَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا

اللہ کے سامنے کسے تمہارا کچھ اختیار ہے اگر وہ تمہارا برا چاہے یا تمہاری

أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

بھلائی کا ارادہ فرمائے بلکہ اللہ کو تمہارے کاموں کی

خَبِيرًا ﴿١١﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ أَنْ لَنْ يَنْقَلِبَ الرَّسُولُ

خبر ہے بلکہ تم تو یہ سمجھے ہوئے تھے کہ رسول

وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ

اور مسلمان ہرگز گھروں کو واپس نہ آئیں گے ف۲۴ اور اسی کو اپنے دلوں

فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنْتُمْ

میں بھلا سمجھے ہوئے تھے اور تم نے برا گمان کیا ف۲۵ اور تم ہلاک

علیہ وسلم کی بیعت کا شرف حاصل کیا ف۱۸ اس عہد توڑنے کا وبال اسی پر پڑے گا ف۱۹ یعنی حدیبیہ سے تمہاری واپسی کے وقت ف۲۰ قبیلہ غفار و مزینہ و جہینہ و اشجع و اسلم کے جب کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سالِ حدیبیہ بہ نیت عمرہ مکہ مکرمہ کا ارادہ فرمایا تو حوالیِ مدینہ کے گاؤں والے اور اہلِ بادیہ بخوف قریش آپ کے ساتھ جانے سے رکے باوجودیکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کا احرام باندھا تھا اور قربانیاں ساتھ تھیں اور اس سے صاف ظاہر تھا کہ جنگ کا ارادہ نہیں ہے پھر بھی بہت سے اعراب پر جانا بار ہوا اور وہ کام کا حیلہ کر کے رہ گئے اور ان کا گمان یہ تھا کہ قریش بہت طاقتور ہیں مسلمان ان سے بچ کر نہ آئیں گے سب وہیں ہلاک ہو جائیں گے اب جب کہ مددِ الٰہی سے معاملہ ان کے خیال کے بالکل خلاف ہوا تو انہیں اپنے نہ جانے پر افسوس ہوگا اور معذرت کریں گے ف۲۱ کیونکہ عورتیں اور بچے اکیلے تھے اور ان کا کوئی خبرگیراں نہ تھا اس لئے ہم قاصر رہے ف۲۲ اللہ تعالیٰ ان کی تکذیب فرماتا ہے ف۲۳ یعنی وہ اعتذار و طلب استغفار میں جھوٹے ہیں ف۲۴ دشمن ان سب کا وہیں خاتمہ کر دیں گے ف۲۵ کفر و فساد کے غلبہ کا اور وعدۂ الٰہیہ کے پورا نہ ہونے کا ف۲۶ عذاب الٰہی کے

مستحق ف٢٦ اس آیت میں اعلام ہے کہ جو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر ایمان نہ لائے ان میں سے کسی ایک کا بھی منکر ہو وہ کافر ہے ٢٩
یہ سب اس کی مشیت و حکمت پر ہے ف٢٩ جو حدیبیہ کی حاضری سے قاصر رہے تھے اے ایمان والو ف٣٠ خیبر کی اس کا واقعہ یہ تھا کہ جب مسلمان صلح حدیبیہ سے فارغ ہو کر واپس ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فتح خیبر کا وعدہ فرمایا اور وہاں کی غنیمتیں حدیبیہ میں حاضر ہونے والوں کیلئے مخصوص کر دی گئیں جب مسلمانوں کو خیبر کی طرف روانہ ہونے کا وقت آیا تو ان لوگوں کو لالچ آیا اور انہوں نے بطمع غنیمت کہا ف٣١ یعنی ہم بھی خیبر کو تمہارے ساتھ چلیں اور جنگ میں شریک ہوں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ف٣٢ یعنی اللہ کا وعدہ جو اہل حدیبیہ کے لئے فرمایا تھا کہ خیبر کی غنیمت خاص ان کے لئے ہے ف٣٣ یعنی ہمارے مدینہ آنے سے پہلے ف٣٤ اور یہ گوارہ نہیں کرتے کہ ہم تمہارے ساتھ غنیمتیں پائیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ف٣٥ دین کی ف٣٦ یعنی محض دنیا کی حتیٰ کہ ان کا زبانی اقرار بھی دنیا ہی کی غرض سے تھا اور امورِ آخرت کو بالکل نہیں سمجھتے تھے (جمل) ف٣٧ جو مختلف قبائل کے لوگ ہیں اور ان میں بعض ایسے بھی ہیں جن کے تائب ہونے کی امید کی

قَوْمًا بُوْرًا ﴿١٢﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

ہونے والے لوگ تھے ف٢٦ اور جو ایمان نہ لائے اللہ اور اس کے رسول پر ف٢٧

فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿١٣﴾ وَلِلّٰهِ

بیشک ہم نے کافروں کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے اور اللہ ہی

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ

کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت جسے چاہے بخشے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۤءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

اور جسے چاہے عذاب کرے ف٢٨ اور اللہ بخشنے والا مہربان

رَّحِيْمًا ﴿١٤﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ

ہے اب کہیں گے پیچھے بیٹھ رہنے والے ف٢٩ جب تم

اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ

غنیمتیں لینے چلو ف٣٠ تو ہمیں بھی اپنے پیچھے آنے دو ف٣١

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ

وہ چاہتے ہیں اللہ کا کلام بدل دیں ف٣٢ تم فرماؤ

لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

ہرگز تم ہمارے ساتھ نہ آؤ اللہ نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے ف٣٣

جاتی تھی بعض ایسے بھی ہیں جو نفاق میں بہت پختہ اور سخت ہیں انہیں آزمائش میں ڈالنا منظور ہے تاکہ تائب و غیر تائب میں فرق ہو جائے اس لئے حکم ہوا کہ ان سے فرما دیجئے ف٣٨ اس قوم سے بنی حنیفہ یمامہ کے رہنے والے جو مسیلمہ کذاب کی قوم کے لوگ ہیں وہ مراد ہیں جن سے

فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا

تو اب کہیں گے بلکہ تم ہم سے جلتے ہو ف۳۴ بلکہ وہ بات نہ سمجھتے تھے

يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ

ف۳۵ مگر تھوڑی ف۳۶ ان پیچھے رہ گئے ہوئے گنواروں سے فرماؤ

الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ

ف۳۷ عنقریب تم ایک سخت لڑائی والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے ف۳۸

شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِنْ

کہ ان سے لڑو یا وہ مسلمان ہو جائیں پھر اگر تم

تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِنْ

فرمان مانو گے اللہ تمہیں اچھا ثواب دے گا ف۳۹ اور اگر

تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ

پھر جاؤ گے جیسے پہلے پھر گئے ف۴۰ تو تمہیں دردناک عذاب

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦﴾ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَ

دے گا اندھے پر تنگی نہیں ف۴۱ اور نہ

لَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ

لنگڑے پر مضائقہ اور نہ بیمار پر

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ فرمائی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان سے مراد اہل فارس و روم ہیں جن سے جنگ کے لئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعوت دی ف۳۹ **مسئلہ** یہ آیت شیخین جلیلین حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے صحت خلافت کی دلیل ہے کہ ان حضرات کی اطاعت پر جنت کا اور انکی مخالفت پر جہنم کا وعدہ دیا گیا ف۴۰ حدیبیہ کے موقع پر ف۴۱ جہاد کے رہ جانے میں شانِ نزول جب اوپر کی آیت نازل ہوئی تو جو لوگ اپاہج و صاحبِ عذر تھے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارا کیا حال ہوگا اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی ف۴۲ کہ یہ عذر ظاہر ہیں اور جہاد میں حاضر نہ ہونا ان لوگوں کیلئے جائز ہے کیونکہ نہ یہ لوگ دشمن پر حملہ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں نہ اس کے حملے سے بچنے اور بھاگنے کی انہیں کے حکم میں داخل ہیں وہ بڈھے ضعیف جنہیں نشست و برخاست کی طاقت نہیں یا جنہیں دمہ یا کھانسی ہے یا جن کی تلی بہت بڑھ گئی ہے اور جنہیں چلنا پھرنا دشوار ہے ظاہر ہے کہ یہ اعذار جہاد سے روکنے والے ہیں ان کے علاوہ اور بھی اعذار ہیں مثلاً غایت درجہ کی محتاجی اور سفر کے ضروری حوائج پر قدرت نہ رکھنا یا ایسے اشغالِ ضروریہ جو سفر سے مانع ہوں جیسے کسی ایسے مریض کی خدمت جس کی خدمت اس پر لازم ہے اور اس کے سوائے کوئی اس کا انجام دینے والا نہیں ف۴۳ طاعت سے اعراض کریگا اور کفر و نفاق پر رہے گا ف۴۴ حدیبیہ میں چونکہ ان بیعت کرنے والوں کو رضائے الٰہی کی بشارت دی

گئی اس سے اس بیعت کو بیعت رضوان کہتے ہیں اس بیعت کا سبب بسلسلہ بیان ظاہر ہو یہ پیش آیا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اشراف قریش کے پاس مکہ مکرمہ بھیجا کہ انہیں خبر دیں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت اللہ کی زیارت کے لئے بقصد عمرہ تشریف لائے ہیں آپ کا ارادہ جنگ کا نہیں ہے اور یہ بھی فرمایا تھا کہ جو کمزور مسلمان وہاں ہیں انہیں اطمینان دلا دیں کہ مکہ مکرمہ عنقریب فتح ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے دین کو غالب فرمائے گا قریش اس بات پر متفق رہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سال تو تشریف نہ لائیں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ اگر آپ کعبہ معظمہ کا طواف کرنا چاہیں تو کریں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہو سکتا کہ میں بغیر رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طواف کروں یہاں مسلمانوں نے کہا کہ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے خوش نصیب ہیں جو کعبہ معظمہ پہنچے اور طواف سے مشرف ہوئے حضور نے فرمایا میں جانتا ہوں کہ وہ بغیر ہمارے طواف نہ کریں گے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکہ معظمہ کے ضعیف

حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ

حرج نہیں ف۴۱ اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے باغوں میں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں اور جو پھر

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَضِيَ

جائے گا ف۴۲ اسے دردناک عذاب فرمائے گا بیشک اللہ راضی

اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ

ہوا ایمان والوں سے جب وہ اس پیڑ کے نیچے

الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ

تمہاری بیعت کرتے تھے ف۴۴ تو اللہ نے جانا جو ان کے دلوں میں ہے ف۴۵

السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّ

تو ان پر اطمینان اتارا اور انہیں جلد آنے والی فتح کا انعام دیا ف۴۶ اور

مَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

بہت سی غنیمتیں ف۴۷ جن کو لیں اور اللہ عزت و حکمت

حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

والا ہے اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے بہت سی غنیمتوں کا

مسلمانوں کو حسب حکم فتح کی بشارت بھی سنائی پھر قریش نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روک لیا یہاں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید کر دیئے گئے اس پر مسلمانوں کو بہت جوش آیا اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ سے کفار

کے مقابل جہاد میں ثابت رہنے پر بیعت لی یہ بیعت ایک بہت بڑے خاردار درخت کے نیچے ہوئی جس کو عرب میں ثمرہ کہتے ہیں حضور نے اپنا بایاں دستِ مبارک داہنے دستِ اقدس میں لیا اور فرمایا کہ یہ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت ہے اور فرمایا یارب عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تیرے اور تیرے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کام میں ہیں اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نورِ نبوت سے معلوم تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید نہیں ہوئے جب ہی تو ان کی بیعت لی مشرکین اس بیعت کا حال سن کر خائف ہوئے اور انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجدیا حدیث شریف میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جن لوگوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی ان میں سے کوئی بھی دوزخ میں داخل نہ ہوگا (مسلم شریف) اور جس درخت کے نیچے بیعت کی گئی تھی اللہ تعالیٰ نے اس کو ناپید کردیا سالِ آئندہ صحابہ نے ہر چند تلاش کیا کسی کو اس کا پتہ بھی نہ چلا ف۴۵ صدق اخلاص و وفا ف۴۶ یعنی فتحِ خیبر کا جو حدیبیہ سے واپس ہوکر چھ ماہ بعد حاصل ہوئی ف۴۷ خیبر کی اور اہل خیبر کے اموال کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تقسیم فرمائے ف۴۸ اور تمہاری فتوحات ہوتی رہیں گی ف۴۹ کہ وہ خائف ہوکر تمہارے اہل و عیال کو ضرر نہ پہنچا سکیں اس کا واقعہ یہ تھا کہ جب مسلمان جنگ خیبر کے لئے روانہ ہوئے تو اہل خیبر کے حلیف بنی اسد و غطفان نے

تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ

کہ تم لو گے ف۴۸ تو تمہیں یہ جلد عطا فرمادی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے

أَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُونَ اٰيَةً

روک دیئے ف۴۹ اور اس لئے کہ ایمان

لِّلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿۲۰﴾ وَّ

والوں کے لئے نشانی ہو ف۵۰ اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے ف۵۱ اور

أُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا

ایک اور ف۵۲ جو تمہارے بل کی نہ تھی ف۵۳ اور اللہ کے قبضہ میں ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور اگر

قَاتَلَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ

کافر تم سے لڑیں ف۵۴ تو ضرور تمہارے مقابلہ سے پیٹھ پھیر

لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ

دیں گے ف۵۵ پھر کوئی حمایتی نہ پائیں گے نہ مددگار اللہ کا دستور ہے

الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ

کہ پہلے سے چلا آتا ہے ف۵۶ اور ہرگز تم اللہ کا

لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ

دستور بدلتا نہ پاؤ گے اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ

اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ

ف٥٧ تم سے روک دیئے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے

مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ

وادیٔ مکہ میں ف٥٨ بعد اس کے کہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا اور

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے وہ ف٥٩ وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا

وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ

اور تمہیں مسجد حرام سے ف٦٠ روکا اور قربانی کے

مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ

جانور رُکے پڑے اپنی جگہ پہنچنے سے ف٦١ اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ

مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ

مسلمان مرد اور کچھ مسلمان عورتیں ف٦٢ جن کی تمہیں خبر نہیں

اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ

ف٦٣ کہیں تم انہیں روند ڈالو ف٦٤ تو تمہیں ان کی طرف سے انجانی میں

چاہا کہ مدینہ طیبہ پر حملہ کرکے مسلمانوں کے اہل و عیال کو لوٹ لیں اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈالا اور ان کے ہاتھ روک دیئے ف٥٠ یہ غنیمت دینا اور دشمنوں کے ہاتھ روک دینا ف٥١ اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا اور اس پر کام مفوض کرنے کی جس سے بصیرت و یقین زیادہ ہو ف٥٢ فتح ف٥٣ مراد اس سے یا غنائم فارس و روم ہیں یا خیبر جس کا اللہ تعالیٰ نے پہلے سے وعدہ فرمایا تھا اور مسلمانوں کو امید کامیابی تھی اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح دی اور ایک قول یہ ہے کہ وہ فتح مکہ ہے اور ایک قول یہ ہے کہ وہ ہر فتح ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ نے مسلمانوں کو عطا فرمائی ف٥٤ یعنی اہل مکہ یا اہل خیبر کے حلفاء اسد و غطفان ف٥٥ مغلوب ہوں گے اور انہیں ہزیمت ہوگی ف٥٦ کہ وہ مومنین کی مدد فرماتا ہے اور کافروں کو مقہور کرتا ہے ف٥٧ یعنی کفار کے ف٥٨ روز فتح مکہ اور ایک قول یہ ہے کہ بطن مکہ سے حدیبیہ مراد ہے اور اس کے شانِ نزول میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اہل مکہ میں سے اسّی ہتھیار بند جوان جبل تنعیم سے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے ارادہ سے اترے مسلمانوں نے انہیں گرفتار کرکے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر کیا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاف فرمایا اور چھوڑ دیا ف٥٩ کفار مکہ ف٦٠ وہاں پہنچنے سے اور اس کا طواف کرنے سے ف٦١ یعنی مقام ذبح سے جو حرم میں ہے ف٦٢ مکہ مکرمہ میں ہیں ف٦٣ تم انہیں پہچانتے نہیں ف٦٤ کفار سے قتال کرنے میں ف٦٥ یعنی مسلمان کافروں سے

ممتاز ہو جاتے ف۶۶ تمہارے ہاتھ سے قتل کرا کے اور تمہاری قید میں لا کر ف۶۷ کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کو کعبہ معظمہ سے روکا ف۶۸ کہ انہوں نے سال آئندہ آنے پر صلح کی اگر وہ بھی کفار قریش کی طرح ضد کرتے تو ضرور جنگ ہو جاتی

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِىْ رَحْمَتِهٖ مَنْ

کوئی مکروہ پہنچے تو ہم تمہیں ان کے قتال کی اجازت دیتے ان کا یہ بچاؤ اس لئے

يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ

ہے کہ اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے جسے چاہے اگر وہ جدا ہو جاتے ف۶۵ تو ضرور

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہم ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب دیتے ف۶۶ جب کہ کافروں نے اپنے

فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ

دلوں میں اڑ رکھی وہی زمانہ جاہلیت کی اڑ ف۶۷

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

تو اللہ نے اپنا اطمینان اپنے رسول اور ایمان والوں پر اتارا

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ

ف۶۸ اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا ف۶۹ اور

كَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے ف۷۰ اور اللہ سب کچھ

شَىْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا

جانتا ہے ف۷۱ بے شک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب

ف۶۹ کلمہ تقویٰ سے مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے ف۷۰ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے دین اور اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت سے مشرف فرمایا ف۷۱ کافروں کا حال بھی جانتا ہے مسلمانوں کا بھی کوئی چیز اس سے مخفی نہیں ف۷۲ شان نزول رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ کا قصد فرمانے سے قبل مدینہ طیبہ میں خواب دیکھا تھا کہ آپ مع اصحاب کے مکہ معظمہ میں باامن داخل ہوئے اور اصحاب نے سر کے بال منڈوائے بعض نے ترشوائے یہ خواب آپ نے اپنے اصحاب سے بیان فرمایا تو انہیں خوشی ہوئی اور انہوں نے خیال کیا کہ اسی سال وہ مکہ مکرمہ میں داخل ہوں گے جب مسلمان حدیبیہ سے بعد صلح کے واپس ہوئے اور اس سال مکہ مکرمہ میں داخلہ نہ ہوا تو منافقین نے تمسخر کیا طعن کئے اور کہا کہ وہ خواب کیا ہوا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس خواب کے مضمون کی تصدیق فرمائی کہ ضرور ایسا ہوگا چنانچہ اگلے سال ایسا ہی ہوا اور مسلمان اگلے سال بڑے شان و شوکت کے ساتھ مکہ مکرمہ میں فاتحانہ داخل ہوئے ف۷۳ تمام ف۷۴ تھوڑے سے ف۷۵ یعنی یہ کہ تمہارا داخل ہونا اگلے سال ہے اور تم اسی سال سمجھے تھے اور تمہارے لئے یہ

تا فیہ بہتر تھی کہ اس کے باعث وہاں کے ضعیف مسلمان پامال ہونے سے بچ گئے ف۷۱ یعنی دخولِ حرم سے قبل مکہ فتح خیبر ہی وعدہ کے حاصل ہونے تک مسلمانوں کے دل اس سے راحت پائیں گے اس کے بعد جب اگلا سال آیا تو اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب کا جلوہ دکھا دیا اور واقعات نے اس کی تصدیق رونما ہوئے چنانچہ ارشاد فرماتا ہے ف۷۲ تباہ محمد مصطفیٰ کے دین ہونے کا ہے کہ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ نعمت عطا فرمائی اسلام کو تمام ادیان پر غالب فرمایا ف۷۹ اپنے حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر جیسا کہ فرماتا ہے ف۸۰ یعنی ان کے اصحاب ف۸۱ جیسے کہ شیر شکار پر اور صحابہ کا تشدد کفار کے ساتھ اس حد پر تھا کہ وہ لحاظ رکھتے تھے کہ ان کا بدن کسی کافر کے بدن سے نہ چھو جائے اور ان کے کپڑے سے کسی کافر کا کپڑا نہ لگنے پائے (مدارک) ف۸۲ ایک دوسرے پر محبت و مہربانی کرنے والے ایسی کہ جیسے باپ بیٹے میں ہو اور یہ محبت اس حد تک پہنچ گئی کہ جب ایک مومن دوسرے مومن کو دیکھے تو فرط محبت سے مصافحہ و معانقہ کرے ف۸۳ کثرت سے نمازیں پڑھتے نمازوں پر مداومت کرتے ف۸۴ اور یہ

بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ

ف۷۲ بے شک تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہوگے اگر اللہ چاہے

اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ

امن وامان سے اپنے سروں کے ف۷۳ بال منڈاتے یا ف۷۴ ترشواتے

لَا تَخَافُوْنَ ۗ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ

بے خوف تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں ف۷۵ تو اس سے

دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ

پہلے ف۷۶ ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی ف۷۷ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو

رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ

ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے

عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾

ف۷۸ اور اللہ کافی ہے گواہ ف۷۹

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ

محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے ف۸۰

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا

کافروں پر سخت ہیں ف۸۱ اور آپس میں نرم دل ف۸۲ تو انہیں دیکھے گا

علامت دور ہے جو روز قیامت ان کے چہروں سے تاباں ہوگا اس سے پہچانے جائیں گے کہ انہوں نے دنیا میں اللہ تعالیٰ کے لئے بہت سجدے کئے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کے چہروں میں سجدہ کا مقام ماہ شب چہاردہم کی طرح چمکتا دمکتا ہوگا عطاؔ کا قول ہے کہ شب کی دراز

نمازوں سے ان کے چہروں پر نور نمایاں ہوتا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ جو رات کو نماز کی کثرت کرتا ہے صبح کو اس کا چہرہ خوب صورت ہو جاتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ گرد کا نشان بھی سجدہ کی علامت ہے ف۸۵ یہ مذکور ہے کہ ف۸۶ یہ مثال ابتدائے اسلام اور اس کی ترقی کی بیان فرمائی گئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تنہا اٹھے پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو آپ کے مخلصین اصحاب سے تقویت دی قتادہ نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کی مثال انجیل میں یہ لکھی ہے کہ ایک قوم کھیتی کی طرح پیدا ہوگی وہ نیکیوں کا حکم کریں گے بدیوں سے منع کریں گے کہا گیا ہے کہ کھیتی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور اس کی شاخیں اصحاب اور مومنین ف۸۷ صحابہ سب کے سب صاحبِ ایمان و عملِ صالح ہیں اس لئے یہ وعدہ سبھی سے ہے۔

سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ

رکوع کرتے سجدے میں گرتے ف۸۳ اللہ کا فضل و رضا چاہتے ان کی علامت

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ

ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے ف۸۴

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۛۚ وَمَثَلُهُمْ فِي

یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت

الْاِنْجِيْلِ ۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ

انجیل میں ف۸۵ جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا پھر اسے

فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی کسانوں کو

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ

بھلی لگتی ہے ف۸۶ تاکہ ان سے کافروں کے دل جلیں اللہ نے وعدہ کیا ان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ

سے جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں ف۸۷

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع

بخشش اور بڑے ثواب کا

ع ۳ / ۱۲

فضائلِ سورۂ رحمٰن

اس سورۃ کو تسخیر عام کے لئے اس طرح پڑھتے ہیں کہ جب آفتاب ایک نیزہ بلند ہو جائے۔ اس وقت آفتاب کی طرف منہ کر کے یہ سورۃ پڑھے اور ہر ایک آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ پر آفتاب کی طرف اُنگلی سے اشارہ کرے۔ اوّل چالیس روز بہ نیت زکوٰۃ پڑھے۔ پھر ہر روز ایک بار پڑھ لیا کرے اور جب کسی کے سامنے جائے تو یہ سورۃ ایک بار پڑھ کے جائے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو صرف فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ تین بار پڑھ لے۔ طحال والے کو لکھ کر پلائی جائے تو تلی دور ہو۔ اگر لکھ کر پانی سے دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑک دی جائے تو موذی جانور بھاگ جائیں۔

حاجت براری کے لئے اس کا نقش گلے میں ڈالا جاتا ہے نقش مکرّم و معظم یہ ہے:

۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۹	۳۰۲۹۶
۳۰۳۰۸	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۲	۳۰۳۰۷
۳۰۲۹۸	۳۰۳۱۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۰۱
۳۰۳۰۵	۳۰۳۰۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۱۰

حضرت علی کرّم اللہ تعالیٰ وجہہٗ سے منقول ہے کہ میں نے حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ ہر چیز کی زینت قرآن ہے اور قرآن کی زینت سورۂ رحمٰن ہے۔ (بیہقی)

علمائے کرام اور عاملین عظام فرماتے ہیں کہ جو شخص سُورۂ رَحمٰن کسی مقصد کے لئے گیارہ مرتبہ پڑھے گا اس کا مقصد حاصل ہوگا۔ (اوراد و ظائف)

حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ عَلیہِ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو

شخص سورۂ رحمٰن کو پڑھتا ہے رضوانِ جنت اس پڑھنے والے کو اے جنت کے باشندے کہہ کر پکارتا ہے گویا وہ جنتی ہو جاتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سورۂ رحمٰن کو پڑھتا ہے گویا وہ اللہ رب العزت کی تمام نعمتوں کا شکر کرتا ہے اور دردِ چشم میں پڑھ کر دم کریں تو اللہ تبارک وتعالیٰ شفا بخشے۔

حدیث شریف: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سورۃ جب میں نے جنات کو سنائی تو وہ تم سے اچھا جواب دیتے تھے اور جب میں آیت فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پڑھتا تو وہ کہتے اے ہمارے رب! ہم تیری کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے حمد کی مستحق تیری ہی ذات ہے۔

چیچک کے لئے سورۂ رحمٰن کا عمل نہایت مفید ہے۔ جب چیچک ظاہر ہو تو ایک نیلا ڈورا لے کر سورۂ رحمٰن پڑھنی شروع کرے اور ہر فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر ڈورے میں گرہ دیکر پھونکتا جائے اور پھر اس ڈورے کو مریض کے گلے میں ڈال دے۔

مطلب براری کے لئے گیارہ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنا مفید ہے۔

حدیث شریف: حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا رات کی نماز اختیار کرو یہ تم سے پہلے نیک بندوں کا طریقہ ہے اور قربِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ ہے، گناہ معاف ہونے کا سبب اور بدن کی بیماریاں دور ہونے کے لئے موجب ہے، اور گناہوں سے روکنے والا ہے۔

مسئلہ: جس تعویذ اور عمل میں کوئی کلمۂ کفر یا شرک نہ ہو وہ جائز ہے۔ بالخصوص وہ اعمال جو آیاتِ قرآنیہ سے کئے جاتے ہیں یا احادیث میں وارد ہوئے ہیں ان کے جواز میں اصلاً کلام نہیں۔

ف۱ رحمٰن مکیہ ہے اس میں تین رکوع اور چھہتر یا اٹھتر آیتیں تین سو اکیاون کلمے ایک ہزار چھ سو چھتیس حرف ہیں ف۲ شانِ نزول جب آیت اُسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ نازل ہوئی کفارِ مکہ نے کہا رحمٰن کیا ہے ہم نہیں جانتے اس پر اللہ نے الرحمٰن نازل فرمائی کہ رحمٰن جس کا تم انکار کرتے ہو وہی ہے جس نے قرآن نازل فرمایا اور ایک قول یہ ہے کہ اہلِ مکہ نے جب کہا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی بشر سکھاتا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا کہ رحمٰن نے قرآن اپنے حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سکھایا (خازن)

ف۳ انسان سے اس آیت میں سیدِ عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں اور بیان سے مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ کا بیان کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اولین و آخرین کی خبریں دیتے تھے (خازن)

ف۴ کہ تقدیرِ معین کے ساتھ اپنے بروج و منازل میں سیر کرتے ہیں اور اس میں خلق کے لئے منافع ہیں اوقات کے حساب سالوں اور مہینوں کی شمار انہیں پر ہے۔ ف۵ حکمِ الٰہی کے مطیع ہیں ف۶ اور اپنے ملائکہ کا مسکن اور اپنے احکام کا جائے صدر بنایا

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ رحمٰن مکی ہے اس میں اٹھتر آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

اَلرَّحْمٰنُ ۝۱ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝۲ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝۳

رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا ف۲ انسانیت کی جان محمد کو پیدا کیا

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝۴ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝۵ وَّ

ماکان و مایکون کا بیان انہیں سکھایا ف۳ سورج اور چاند حساب سے ہیں ف۴ اور

النَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۝۶ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَ

پیڑ سجدہ کرتے ہیں ف۵ اور آسمان کو اللہ نے بلند کیا ف۶

وَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝۷ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ۝۸ وَ

اور ترازو رکھی ف۷ کہ ترازو میں بے اعتدالی نہ کرو ف۸ اور

اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝۹

انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن نہ گھٹاؤ

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝۱۰ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّ

اور زمین رکھی مخلوق کے لئے ف۹ اس میں میوے اور

ف۷ جیسے سے اشیاء کا وزن کیا جائے اور ان کی مقداریں معلوم ہوں تاکہ لین دین میں عدل قائم رکھا جائے ف۸ تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔

النَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَ

غلاف والی کھجوریں ف۱۰ اور بُھس کے ساتھ اناج ف۱۱ اور

الرَّيْحَانُ ﴿۱۲﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ

خوشبو کے پھول ف۱۲ تو اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ

اس نے آدمی کو بنایا بجتی مٹی سے جیسے ٹھیکری ف۱۳ اور جن کو

الْجَانَّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ ﴿۱۵﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ

پیدا فرمایا آگ کے لوکے سے ف۱۴ تو تم دونوں اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۱۶﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے دونوں پورب کا رب اور دونوں پچھم

الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۱۸﴾

کا رب ف۱۵ تو تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا

اس نے دو سمندر بہائے ف۱۶ کہ دیکھنے میں معلوم ہوں ملے ہوئے ف۱۷ اور ہے ان میں

يَبْغِيَانِ ﴿۲۰﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ

روک ف۱۸ کہ ایک دوسرے پر بڑھ نہیں سکتا ف۱۹ تو تم اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

ف۹ جو اس میں بستی بستی ہے تاکہ اس میں آرام سے رہیں اور فائدے اٹھائیں۔

ف۱۰ جن میں بہت برکت ہے

ف۱۱ مثل گیہوں جو وغیرہ کے

ف۱۲ اس سورۃ شریفہ میں یہ آیت اکتیس بار آئی ہے بار بار نعمتوں کا ذکر فرما کر یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ اپنے رب کی کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے یہ ہدایت وارشاد کا بہترین اُسلوب ہے تاکہ سامع کے نفس کو تنبیہ ہو اور اسے اپنے جرم اور ناسپاسی کا حال معلوم ہو جائے کہ اس نے کس قدر نعمتوں کو جھٹلایا ہے اور اسے شرم آئے اور وہ ادائے شکر و طاعت کی طرف مائل ہو اور یہ سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں اس پر ہیں حدیث سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سورت میں نے جنات کو سنائی وہ تم سے اچھا جواب دیتے تھے جب میں آیت فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ پڑھتا وہ کہتے اے رب ہمارے ہم کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے — (الترمذی وقال غریب) ف۱۳ یعنی خشک مٹی سے جو بجانے سے بجے اور کوئی چیز کھنکناتی

آواز دے پھر اس مٹی کو تر کیا کہ وہ مثل گارے کے ہوگئی پھر اس کو گلایا کہ وہ مثل سیاہ کیچ کے ہوگئی ف۱۴ یعنی خالص بے دھوئیں

مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

ان میں سے موتی اور مونگا نکلتا ہے — تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَآتُ فِي الْبَحْرِ

جھٹلاؤ گے — اور اسی کی ہیں وہ چلنے والیاں کہ دریا میں اٹھی ہوئی ہیں

كَالْأَعْلَامِ ﴿۲۴﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۲۵﴾ كُلُّ

جیسے پہاڑ ف۲۰ — تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے — زمین

مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو

پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے ف۲۱ اور باقی ہے تمہارے رب کی ذات

الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

عظمت اور بزرگی والا ف۲۲ — تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿۲۸﴾ يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

جھٹلاؤ گے — اسی کے منگتا ہیں جتنے آسمانوں اور زمین میں ہیں ف۲۳

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ﴿۲۹﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

اسے ہر دن ایک کام ہے ف۲۴ — تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ ﴿۳۱﴾ فَبِأَيِّ

جھٹلاؤ گے — جلد سب کام نبٹا کر ہم تمہارے حساب کا قصد فرماتے ہیں اے دونوں بھاری

والے شعلہ سے۔

ف۱۵ دونوں پورب اور دونوں پچھم سے مراد آفتاب کے طلوع ہونے کے دونوں مقام ہیں گرمی کے بھی اور جاڑے کے بھی اسی طرح غروب ہونے کے بھی دونوں مقام ہیں۔

ف۱۶ شیریں اور شور

ف۱۷ نہ ان کے درمیان ظاہر میں کوئی فاصل نہ حائل۔

ف۱۸ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے

ف۱۹ ہر ایک اپنی حد پر رہتا ہے اور کسی کا ذائقہ تبدیل نہیں ہوتا۔

ف۲۰ جن چیزوں سے وہ کشتیاں بنائی گئیں وہ بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں اور ان کو ترکیب دینے اور کشتی بنانے اور صناعی کرنے کی عقل بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کی اور دریاؤں میں ان کشتیوں کا چلنا اور تیرنا یہ سب اللہ تبارک و تعالیٰ کی قدرت سے ہے۔

ف۲۱ ہر جاندار وغیرہ ہلاک ہونے والا ہے۔

ف۲۲ کہ وہ خلق کے فنا کے

ع ۲۵ / ۱۱

بعد انہیں زندہ کرے گا اور ابدی حیات عطا فرمائے گا اور ایمانداروں پر لطف و کرم کرے گا ف۲۳ فرشتے ہوں یا جن یا انسان یا

اور کوئی مخلوق کوئی بھی اس سے بے نیاز نہیں سب اس کے فضل کے محتاج ہیں اور زبانِ حال و قال سے اس کے حضور سائل ف۲۴ یعنی وہ

الآءِ ربکما تکذبٰن ﴿۳۲﴾ یٰمعشر الجن والانس

گروہ ف۲۵ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے — اے جن و انسان کے گروہ اگر

ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوٰت و

تم سے ہو سکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ

الارض فانفذوا ۚ لا تنفذون الا بسلطٰن ﴿۳۳﴾

جہاں نکل کر جاؤ گے اسی کی سلطنت ہے ف۲۶

فبای الآء ربکما تکذبٰن ﴿۳۴﴾ یرسل علیکما

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے — تم پر ف۲۷ چھوڑی جائیگی بے دھوئیں کی

شواظ من نار ۙ و نحاس فلا تنتصرٰن ﴿۳۵﴾

آگ کی لپٹ اور بے لپٹ کا کالا دھواں ف۲۸ تو پھر بدلا نہ لے سکو گے ف۲۹

فبای الآء ربکما تکذبٰن ﴿۳۶﴾ فاذا انشقت السماء

تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے — پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو

فکانت وردۃ کالدھان ﴿۳۷﴾ فبای الآء

گلاب کے پھول سا ہو جائے گا ف۳۰ جیسے سرخ نری — تو اپنے رب کی کونسی

ربکما تکذبٰن ﴿۳۸﴾ فیومئذ لا یسئل عن

نعمت جھٹلاؤ گے — تو اس دن ف۳۱ گنہگار کے گناہ کی پوچھ

ہر وقت اپنی قدرت کے تجلیٰ ظاہر فرماتا ہے کسی کو روزی دیتا ہے کسی کو مارتا ہے کسی کو جلاتا ہے کسی کو عزت دیتا ہے کسی کو ذلت کسی کو غنی کرتا ہے کسی کو محتاج کسی کے گناہ بخشتا ہے کسی کی تکلیف رفع کرتا ہے شانِ نزول کہا گیا ہے کہ یہ آیت یہود کے رد میں نازل ہوئی جو کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سنیچر کے روز کوئی کام نہیں کرتا ان کے قول کا بطلان ظاہر فرمایا گیا منقول ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنے وزیر سے اس آیت کے معنی دریافت کئے اس نے ایک روز کی مہلت چاہی اور نہایت متفکر و مغموم ہو کر اپنے مکان پر آیا اس کے ایک حبشی غلام نے وزیر کو پریشان دیکھ کر کہا کہ اے میرے آقا آپ کو کیا مصیبت پیش آئی بیان کیجئے وزیر نے بیان کیا تو غلام نے کہا کہ اس کے معنی بادشاہ کو میں سمجھا دوں گا وزیر نے اس کو بادشاہ کے سامنے پیش کیا تو غلام نے کہا کہ اے بادشاہ اللہ کی شان یہ ہے کہ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں اور مُردے سے زندہ نکالتا ہے اور زندہ سے مردہ اور بیمار کو تندرستی دیتا ہے اور

تندرست کو بیمار کرتا ہے مصیبت زدہ کو رہائی دیتا ہے اور بے غموں کو مصیبت میں مبتلا کرتا ہے عزت والوں کو ذلیل کرتا ہے ذلیلوں کو عزت دیتا ہے مالداروں کو محتاج کرتا ہے محتاجوں کو مالدار، بادشاہ نے غلام کا جواب پسند کیا اور وزیر کو حکم دیا کہ اس غلام کو خلعتِ وزارت پہنائے غلام نے وزیر سے کہا اے آقا یہ بھی اللہ تعالیٰ کی ایک شان ہے

ف ۲۵ جن و انس کے۔

ف ۲۶ تم اس سے کہیں بھاگ نہیں سکتے۔

ف ۲۷ روز قیامت جب تم قبروں سے نکلو گے۔

ف ۲۸ حضرت مترجم قدس سرہ نے فرمایا لپٹ میں دھواں ہو تو اس کے سب اجزا جلانے والے نہ ہوں گے کہ زمین کے اجزا شامل ہیں جن سے دھواں بنتا ہے اور دھوئیں میں لپٹ ہو تو وہ پورا سیاہ اور اندھیرا نہ ہوگا کہ لپٹ کی رنگت شامل ہے ان پر بے دھوئیں کی لپٹ بھی جائے گی جس کے سب اجزا جلانیوالے اور بے لپٹ کا دھواں جو سخت کالا اندھیرا اور اسی کی وجہ کریم کی پناہ

ف ۲۹ اس عذاب سے نہ بچ سکو گے اور آپس میں ایک دوسرے کی مدد نہ۔

ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّ لَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نہ ہوگی کسی آدمی اور جن سے ف ۳۲ تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ

جھٹلاؤ گے مجرم اپنے چہرے سے پہچانے جائیں گے ف ۳۳ تو ماتھا اور پاؤں

بِالنَّوَاصِیْ وَ الْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے ف ۳۴ تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُكَذِّبُ بِهَا

جھٹلاؤ گے یہ ہے وہ جہنم جسے مجرم جھٹلاتے ہیں

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَ بَیْنَ حَمِیْمٍ

ف ۳۵ پھیرے کریں گے اس میں اور انتہا کے جلتے کھولتے

اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ وَ

پانی میں ف ۳۶ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اور

لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَیِّ

جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے ف ۳۷ اسکے لئے دو جنتیں ہیں ف ۳۸ تو اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِاَیِّ

رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے بہت سی ڈالوں والیاں ف ۳۹ تو اپنے

وقف لازم

ع ۲ / ۲۰ / ۱۲

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾
رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں دو چشمے بہتے ہیں ف۳۰

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيهِمَا مِن كُلِّ
تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں ہر میوہ دو

فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾
دو قسم کا تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

مُتَّكِـِٔيْنَ عَلٰى فُرُشٍ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ وَ
اور ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے جن کا استر قناویز کا ف۳۱ اور

جَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
دونوں کے میوے اتنے جھکے ہوئے کہ نیچے سے چن لو ف۳۲ تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ
جھٹلاؤ گے ان بچھونوں پر وہ عورتیں ہیں کہ شوہر کے سوا کسی کو

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتیں ف۳۳ ان سے پہلے انہیں نہ چھوا کسی آدمی نے اور نہ جن نے تو اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾
کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے گویا وہ لعل اور یاقوت اور مونگا ہیں ف۳۴

اس کی نافرمانی سے باز رہ کر اپنے آپ کو اس بلا سے بچا سکو۔
ف۳۰ کہ جگہ جگہ سے شق اور رنگت کا سُرخ (حضرت مترجم قدس سرہٗ)
ف۳۱ یعنی جبکہ قبروں سے اُٹھائے جائیں گے اور آسمان پھٹے گا۔
ف۳۲ اس روز ملائکہ مجرمین سے دریافت نہ کریں گے ان کی صورتیں ہی دیکھ کر پہچان لیں گے اور سوال دوسرے وقت ہوگا جب کہ لوگ موقف میں جمع ہوں گے۔
ف۳۳ کہ ان کے منہ کالے اور آنکھیں نیلی ہوں گی۔
ف۳۴ پاؤں پیٹھ کے پیچھے سے لا کر پیشانیوں سے ملا دئے جائیں گے اور گھسیٹ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بعضے پیشانی سے گھسیٹے جائیں گے بعضے پاؤں سے۔
ف۳۵ اور ان سے کہا جائیگا
ف۳۶ کہ جب جہنم کی آگ سے جل بھن کر فریاد کریں گے تو انہیں جلتا کھولتا پانی پلایا

جائے گا اور اس کے عذاب میں مبتلا کئے جائیں گے خدا کی نافرمانی کے انجام سے آگاہ فرما دینا اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے ف۳۷ یعنی

جسے اپنے رب کے حضور روزِ قیامت موقف میں حساب کے لئے کھڑے ہونے کا ڈر ہو اور وہ معاصی ترک کرے اور فرائض بجا لائے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٥٩ هَلْ جَزَآءُ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے نیکی کا بدلہ

الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝٦٠ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کیا ہے مگر نیکی ف۴۵ تو اپنے رب کی کون سی

تُكَذِّبٰنِ ۝٦١ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝٦٢ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نعمت جھٹلاؤ گے اور ان کے سوا دو جنتیں اور ہیں ف۴۶ تو اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٦٣ مُدْهَآمَّتٰنِ ۝٦٤ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کونسی نعمت جھٹلاؤ گے نہایت سبزی سے سیاہی کی جھلک دے رہی ہیں تو اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٦٥ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝٦٦

کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں دو چشمے ہیں چھلکتے ہوئے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٦٧ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں میوے اور کھجوریں

نَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝٦٨ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٦٩

اور انار ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۝٧٠ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

انہیں عورتیں ہیں عادت کی نیک صورت کی اچھی تو اپنے رب کی کون سی نعمت

ف۳۸ جنتِ عدن اور جنتِ نعیم اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک جنت رب سے ڈرنے کا صلہ اور ایک شہوات ترک کرنے کا صلہ۔

ف۳۹ اور ہر ڈالی میں قسم قسم کے میوے۔

ف۴۰ ایک آبِ شیریں کا اور ایک شرابِ پاک کا ایک تسنیم اور دوسرا سلسبیل

ف۴۱ یعنی سنگین ریشم کا جب استر کا یہ حال ہے تو ابرا کیسا ہوگا سبحان اللہ

ف۴۲ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ درخت اتنا قریب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے پیارے کھڑے بیٹھے اس کا میوہ چن لیں گے۔

ف۴۳ جنتی بیبیاں اپنے شوہر سے کہیں گی مجھے اپنے رب کے عزت وجلال کی قسم جنت میں مجھے کوئی چیز تجھ سے زیادہ اچھی نہیں معلوم ہوتی تو اس خدا کی حمد جس نے تجھے شوہر کیا اور مجھے تیری بیوی بنایا۔

ف۴۴ صفائی اور خوشش رنگی میں حدیث شریف میں ہے کہ جنتی حوروں کے صفائے ابدان کا یہ عالم ہے کہ ان کی پنڈلی کا مغز اس طرح نظر آتا ہے جس

طرح آبگینہ کی صراحی میں شراب سرخ ف۴۵ یعنی جس نے دُنیا میں نیکی کی اس کی جزا آخرت میں احسانِ الٰہی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا ہے کہ جو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا قائل ہو اور شریعت محمدیہ پر عامل اسکی جزا جنت ہے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوۡرٌ مَّقۡصُوۡرٰتٌ فِی الۡخِیَامِ ﴿۷۲﴾

جھٹلاؤ گے حوریں ہیں خیموں میں پردہ نشین ف۴۷

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمۡ یَطۡمِثۡہُنَّ

تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان سے پہلے انہیں

اِنۡسٌ قَبۡلَہُمۡ وَ لَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

ہاتھ نہ لگایا کسی آدمی اور نہ جن نے تو اپنے رب کی کونسی

تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّکِـِٕیۡنَ عَلٰی رَفۡرَفٍ خُضۡرٍ

نعمت جھٹلاؤ گے ف۴۸ تکیہ لگائے ہوئے سبز بچھونوں اور منقش

وَّ عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

خوب صورت چاندنیوں پر تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَکَ اسۡمُ رَبِّکَ

جھٹلاؤ گے بڑی برکت والا ہے تمہارے رب

ذِی الۡجَلٰلِ وَ الۡاِکۡرَامِ ﴿۷۸﴾

کا نام جو عظمت اور بزرگی والا

ف۴۶ حدیث شریف میں ہے کہ دو جنتیں ایسی ہیں کہ جن کے ظروف اور سامان چاندی کے ہیں اور دو جنتیں ایسی کہ جن کے ظروف سونے کے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ پہلی دو جنتیں سونے اور چاندی کی اور دوسری یاقوت و زبرجد کی۔

ف۴۷ کہ ان خیموں سے باہر نہیں نکلتیں یہ انکی شرافت و کرامت ہے حدیث شریف میں ہے کہ اگر جنتی عورتوں میں سے زمین کی طرف کسی ایک کی جھلک پڑ جائے تو آسمان زمین کے درمیان کی تمام فضا روشن ہو جائے اور خوشبو سے بھر جائے اور ان کے خیمے موتی اور زبرجد کے ہوں گے۔

ف۴۸ اور ان کے شوہر جنت میں عیش کریں گے

فضائلِ سورۂ واقعہ

بعض بزرگوں نے حصولِ غنا کے لئے سُورۃ الواقعۃ کا عمل اس طرح لکھا ہے کہ جمعہ کے روز سے سات روز تک بلا ناغہ ہر فرض نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ پڑھیں، پھر جب شبِ جمعہ آئے تو اس سورۃ کو نماز مغرب کے بعد ۲۵ بار اور پھر نماز عشاء کے بعد ۲۵ بار مع درود شریف پڑھیں۔ بعد ازاں ہر روز صبح و شام ایک مرتبہ نماز کے بعد پڑھ لیا کریں تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی کر دے گا۔ یا جس مطلب کے واسطے پڑھے گا وہ مطلب پورا ہوگا۔

اس سُورۃ کا چالیس دن تک ہر روز چالیس مرتبہ لگاتار پڑھنا اس طرح کے تھکے نہیں موجب رزق واسع ہے۔

اگر اس سُورۃ کو حاملہ کے شکم پر لکھ کر باندھ دیا جائے تو وضعِ حمل میں آسانی ہو۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو سُورۂ واقعہ کو ہر رات پڑھے گا اس کو فاقہ نہ ہوگا، وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کبھی محتاج نہ ہوگا۔ خود پڑھے اور بچوں کو بھی سکھائے۔ (ابو یعلی)

امام ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ سورہ واقعہ کو پڑھتا رہے گا اس کو ساری زندگی میں کبھی فقر و فاقہ سے دوچار ہونا نہ پڑے گا۔ (اوراد و وظائف)

سُورۂ واقعہ بعد غروبِ آفتاب کے صبح کے وقت ایک بار پڑھنا فاقہ سے امان ہے۔ (از سیدی اعلیٰ حضرت)

ف١ سورۂ واقعہ مکیہ ہے سوائے آیت اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اور آیت ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ کے اس سورت میں تین رکوع اور چھیانوے یا ستانوے یا ننانوے آیتیں اور تین سو اٹھتر کلمے اور ایک ہزار سات سو تین حروف ہیں امام بغوی نے ایک حدیث روایت کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ واقعہ کو ہر شب پڑھے وہ فاقہ سے ہمیشہ محفوظ رہے گا (خازن)

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ واقعہ مکی ہے اس میں چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف١

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ① لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب ہولے گی وہ ہونے والی ف٢ اس وقت اسکے ہونے میں کسی کو انکار

كَاذِبَةٌ ② خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ③ اِذَا رُجَّتِ

کی گنجائش نہ ہوگی کسی کو پست کرنے والی ف٣ کسی کو بلندی دینے والی

الْاَرْضُ رَجًّا ④ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ⑤

ف٤ جب زمین کانپے گی تھرتھرا کر ف٥ اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے چورا ہو کر تو ہو جائینگے

فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ⑥ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا

جیسے روزن کی دھوپ میں غبار کے باریک ذرے پھیلے ہوئے اور تم تین قسم کے ہو

ثَلٰثَةً ⑦ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

جاؤ گے تو داہنی طرف والے ف٦ کیسے داہنی طرف

الْمَيْمَنَةِ ⑧ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

والے ف٧ اور بائیں طرف والے ف٨ کیسے بائیں طرف

ف٢ یعنی جب قیامت قائم ہو جو ضرور ہونیوالی ہے

ف٣ جہنم میں گرا کر

ف٤ دخولِ جنت کے ساتھ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جو لوگ دُنیا میں اُونچے تھے قیامت انھیں پست کرے گی اور جو دُنیا میں پستی میں تھے ان کے مرتبے بلند کرے گی اور یہ بھی کہا گیا ہیکہ اہلِ معصیت کو پست کرے گی اور اہلِ طاعت کو بلند۔

ف٥ حتیٰ کہ اس کی تمام عمارتیں گر جائیں گی۔

ف٦ یعنی جن کے نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھوں میں دیئے جائیں گے ف٧ یہ ان کی تعظیم شان کے لئے فرمایا وہ بڑی شان رکھتے ہیں سعید ہیں جنّت میں داخل ہوں گے ف٨ جنکے نامۂ اعمال

بائیں ہاتھوں میں دیئے جائیں گے ف۹ یہ ان کی تحقیر شان کے لئے فرمایا کہ وہ شقی ہیں جہنم میں داخل ہوں گے ف۱۰ نیکیوں میں ف۱۱ دخول

الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿۱۰﴾

والے ف۹ اور جو سبقت لے گئے ف۱۰ وہ تو سبقت ہی لے گئے ف۱۱

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۱۱﴾ فِيْ جَنّٰتِ

وہی مقرب بارگاہ میں چین کے باغوں

النَّعِيْمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَ

میں اگلوں میں سے ایک گروہ اور

قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ عَلٰى سُرُرٍ

پچھلوں میں سے تھوڑے ف۱۲ جڑاؤ تختوں پر

مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾

ہوں گے ف۱۳ ان پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے سامنے ف۱۴

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾

ان کے گرد لئے پھریں گے ف۱۵ ہمیشہ رہنے والے لڑکے ف۱۶

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ

کوزے اور آفتابے اور جام اور آنکھوں

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا

کے سامنے بہتی شراب کہ اس سے نہ انہیں دردِ سر ہو نہ ہوش میں فرق

جنّت میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وہ ہجرت میں سبقت کرنے والے ہیں کہ آخرت میں جنّت کی طرف سبقت کریں گے ایک قول یہ ہے کہ وہ مہاجرین و انصار ہیں جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف نمازیں پڑھیں ف۱۲ یعنی سابقین اگلوں میں سے بہت ہیں اور پچھلوں میں سے تھوڑے اور اگلوں سے مراد یا تو پہلی اُمتیں ہیں زمانہ حضرت آدم علیہ السلام سے ہمارے سرکار سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک تک کی جیسا کہ اکثر مفسرین کا قول ہے لیکن یہ قول نہایت ضعیف ہے اگرچہ مفسرین نے اس کے وجوہ ضعیف کے جواب میں بہت سی توجیہات بھی کی ہیں قول صحیح مفسرین میں یہ ہے کہ اگلوں سے اُمتِ محمدیہ ہی کے پہلے لوگ مہاجرین و انصار ہیں سے جو سابقین اوّلین ہیں وہ مراد ہیں اور پچھلوں سے انکے

بعد والے احادیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے حدیث مرفوع میں ہے کہ اوّلین و آخرین یہاں اسی اُمت کے پہلے اور پچھلے ہیں

اور یہ بھی مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں گروہ میری ہی امت کے ہیں (تفسیر کبیر و بحر العلام وغیرہ) ف۱۳ جن میں لعل و یاقوت موتی وغیرہ جواہرات جڑے ہوں گے ف۱۴ حسن معاشرت کے ساتھ باشان وشکوہ ایک دوسرے کو دیکھ کر مسرور و دلشاد ہوں گے۔ ف۱۵ آداب خدمت کیساتھ ف۱۶ جو نہ مریں نہ بوڑھے ہوں نہ ان میں تغیر آئے یہ اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کی خدمت کے لئے جنت میں پیدا فرمائے۔ ف۱۷ بخلاف شراب دنیا کے کہ اس کے پینے سے حواس مختل ہو جاتے ہیں۔ ف۱۸ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اگر جنتی کو پرندوں کے گوشت کی خواہش ہوگی تو اسکے حسب مرضی پرند اڑتا ہوا سامنے آئے گا اور رکابی میں آکر سامنے پیش ہوگا اس میں سے جتنا چاہے گا جنتی کھائے گا پھر وہ اڑ جائے گا (خازن) ف۱۹ ان کے لئے ہوں گی ف۲۰ یعنی جیسا موتی صدف میں چھپا ہوا ہوتا ہے کہ ... تر و تازہ ...

وَلَا یُنۡزِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَ فَاکِہَۃٍ مِّمَّا

آئے ف۱۷ اور میوے جو پسند

یَتَخَیَّرُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَ لَحۡمِ طَیۡرٍ مِّمَّا یَشۡتَہُوۡنَ ﴿۲۱﴾

کریں اور پرندوں کا گوشت جو چاہیں ف۱۸

وَ حُوۡرٌ عِیۡنٌ ﴿۲۲﴾ کَاَمۡثَالِ اللُّؤۡلُؤِ

اور بڑی آنکھ والیاں حوریں ف۱۹ جیسے چھپے رکھے ہوئے موتی

الۡمَکۡنُوۡنِ ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوۡا

ف۲۰ صلہ ان کے اعمال کا

یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ لَا یَسۡمَعُوۡنَ فِیۡہَا لَغۡوًا وَّ

ف۲۱ اس میں نہ سنیں گے کوئی بیکار بات نہ گنہگاری

لَا تَاۡثِیۡمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِیۡلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَ

ف۲۲ ہاں یہ کہنا ہوگا سلام سلام ف۲۳ اور

اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ﴿۲۷﴾

داہنی طرف والے کیسے داہنی طرف والے ف۲۴

فِیۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ﴿۲۸﴾ وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۲۹﴾

بے کانٹوں کی بیریوں میں اور کیلے کے گچھوں میں ف۲۵

... اس کے بعد ... نہایت ... اس طرح وہ حوریں اچھوتی ہوں گی یہ بھی مروی ہے کہ ...

وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿۳۱﴾ وَّفَاكِهَةٍ

اور ہمیشہ کے سائے میں اور ہمیشہ جاری پانی میں اور بہت سے

كَثِيْرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿۳۳﴾

میووں میں جو نہ ختم ہوں ف۲۶ اور نہ روکے جائیں ف۲۷

وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ

اور بلند بچھونوں میں ف۲۸ بیشک ہم نے ان عورتوں کو اچھی

اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا

اٹھان اٹھایا تو انہیں بنایا کنواریاں اپنے شوہر پر پیاریاں انہیں پیار دلاتیاں

اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾ ع ثُلَّةٌ

ایک عمر والیاں ف۲۹ داہنی طرف والوں کے لئے اگلوں

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾

میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے ایک گروہ ف۳۰

وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِيْ

اور بائیں طرف والے ف۳۱ کیسے بائیں طرف والے ف۳۲ جلتی

سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾

ہوا اور کھولتے پانی میں اور جلتے دھوئیں کی چھاؤں میں ف۳۳

کے تبسم سے جنت میں نور چمکے گا اور جب وہ چلیں گی تو ان کے ہاتھوں اور پاؤں کے زیوروں سے تقدیس و تحمید کی آوازیں آئیں گی اور یاقوتی ہار ان کی گردنوں کے حسن و خوبی سے ہنسیں گے۔

ف۲۱ کہ دنیا میں انہوں نے فرماں برداری کی۔

ف۲۲ یعنی جنت میں کوئی ناگوار اور باطل بات سننے میں نہ آئے گی۔

ف۲۳ جنتی آپس میں ایک دوسرے کو سلام کریں گے ملائکہ اہل جنت کو سلام کریں گے اللہ رب العزت کی طرف سے ان کی طرف سلام آئے گا یہ حال تو سابقین مقربین کا تھا اس کے بعد جنتیوں کے دوسرے گروہ اصحاب یمین کا ذکر فرمایا جاتا ہے۔

ف۲۴ ان کی عجیب شان ہے کہ اللہ کے حضور میں معزز و مکرم ہیں۔

ف۲۵ جن کے درخت جڑ سے چوٹی تک پھلوں سے بھرے ہوں گے۔

ف۲۶ جب کوئی پھل

لَا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ

جو نہ ٹھنڈی نہ عزت کی — بے شک وہ اس سے پہلے ف۳۴

ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى

نعمتوں میں تھے — اور اس بڑے گناہ کی ف۳۵ ہٹ

الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا

رکھتے تھے — اور کہتے تھے کیا ہم مرجائیں — اور

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾

ہڈیاں مٹی ہوجائیں تو کیا ہم ضرور اٹھائے جائیں گے

اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی — تم فرماؤ بے شک سب اگلے

وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ

اور پچھلے — ضرور اکٹھے کئے جائیں گے — ایک جانے ہوئے دن

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

کی میعاد پر ف۳۶ — پھر بے شک — تم اے گمراہو ف۳۷

الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ

جھٹلانے والو — ضرور تھوہڑ کے پیڑ میں سے کھاؤ گے

توڑا جائے فوراً اس کی جگہ ویسے ہی دوسرا موجود۔

ف۲۷ اہل جنت پھلوں کے لینے سے۔

ف۲۸ جو مرصع اونچے اونچے تختوں پر ہوں گے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بچھونوں سے مراد عورتیں ہیں اس تقدیر پر معنی یہ ہوں گے کہ عورتیں فضل و جمال میں بلند درجہ رکھتی ہوں گی۔

ف۲۹ جوان اور ان کے شوہر بھی جوان اور یہ جوانی ہمیشہ قائم رہنے والی۔

ف۳۰ یہ اصحاب یمین کے دو گروہوں کا بیان ہے کہ وہ اس اُمّت کے پہلوں پچھلوں دونوں گروہوں میں سے ہوں گے پہلے گروہ تو اصحاب رسول اللہ ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) اور پچھلے ان کے بعد والے اس سے پہلے رکوع میں سابقین مقربین کی دو جماعتوں کا ذکر تھا اور اس آیت میں اصحاب یمین کے دو گروہوں کا بیان ہے۔

ف۳۱ جن کے نامہ اعمال بائیں ہاتھوں میں دیئے جائیں گے۔

زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ

پھر اس سے پیٹ بھروگے پھر اس پر

عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ

کھولتا پانی پیوگے پھر ایسا پیوگے جیسے سخت پیاسے

الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ نَحْنُ

اونٹ پئیں ف۳۸ یہ ان کی مہمانی ہے انصاف کے دن ہم نے

خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَرَءَيْتُمْ

تمہیں پیدا کیا ف۳۹ تو تم کیوں نہیں سچ مانتے ف۴۰ تو بھلا دیکھو تو وہ منی

مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ

جو گراتے ہو ف۴۱ کیا تم اس کا آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے

الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

والے ہیں ف۴۲ ہم نے تم میں مرنا ٹھہرایا

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾ عَلٰۤى

ف۴۳ اور ہم اس سے ہارے نہیں کہ تم

اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا

جیسے اور بدل دیں اور تمہاری صورتیں وہ کر دیں جس کی تمہیں

ف۳۱ ان کا حال شقاوت میں عجیب ہے ان کے عذاب کا بیان فرمایا جاتا ہے کہ وہ اس حال میں ہوں گے۔ ف۳۲ جو نہایت تاریک و سیاہ ہوگا ف۳۴ دنیا کے اندر ف۳۵ یعنی شرک کی ف۳۶ وہ روز قیامت ہے ف۳۷ اے حق سے بہکنے والو اور حق کو ف۳۸ ان پر ایسی بھوک مسلط کی جائے گی کہ وہ مضطر ہو کر جہنم کا جلتا تھوہڑ کھائیں گے پھر جب اس سے پیٹ بھر لیں گے تو ان پر پیاس مسلط کی جائے گی جس سے مضطر ہو کر ایسا کھولتا پانی پئیں گے جو آنتیں کاٹ ڈالے گا ف۳۹ نیست سے ہست کیا ف۴۰ مرنے کے بعد زندہ کئے جانے کو ف۴۱ عورتوں کے رحم میں ف۴۲ کہ نطفہ کو صورت انسانی دیتے ہیں زندگی عطا فرماتے ہیں تو مُردوں کو زندہ کرنا ہماری قدرت سے کیا بعید ف۴۳ حسب اقتضائے حکمت و مشیت اور عمریں مختلف رکھیں کوئی بچپن ہی میں مر جاتا ہے کوئی

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى

خبر نہیں ف۴۴ اور بیشک تم جان چکے ہو پہلی اٹھان ف۴۵

فَلَوْ لَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

پھر کیوں نہیں سوچتے ف۴۶ تو بھلا بتاؤ جو

تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ

بوتے ہو کیا تم اس کی کھیتی بناتے ہو یا ہم بنانے

الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا

والے ہیں ف۴۷ ہم چاہیں تو ف۴۸ اسے روندن کر دیں ف۴۹

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ

پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤ ف۵۰ کہ ہم پر چٹی پڑی ف۵۱ بلکہ

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ

ہم بے نصیب رہے تو بھلا بتاؤ تو وہ پانی جو

الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ

پیتے ہو کیا تم نے اسے بادل سے اتارا

مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ

یا ہم ہیں اُتارنے والے ف۵۲ ہم

جوان ہو کر کوئی ادھیڑ عمر میں کوئی بڑھاپے تک پہنچتا ہے جو ہم مقدر کرتے ہیں وہی ہوتا ہے ف۴۴ یعنی مسخ کر کے بندر سور وغیرہ کی صورت بنا دیں۔ یہ سب ہماری قدرت میں ہے ف۴۵ کہ ہم نے تمہیں نیست سے ہست کیا ف۴۶ کہ جو نیست کو ہست کر سکتا ہے وہ بالیقین مُردے کو زندہ کرنے پر قادر ہے ف۴۷ اس میں شک نہیں کہ بالیں بنانا اور اس میں دانے پیدا کرنا اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے اور کسی کا نہیں ف۴۸ جو تم بوتے ہو ف۴۹ خشک گھاس چورا چورا جو کسی کام کی نہ رہے ف۵۰ متحیر اور نادم و غمگین ف۵۱ ہمارا مال بے کار ضائع ہو گیا ف۵۲ اپنی قدرت کاملہ سے ف۵۳ کہ کوئی پی نہ سکے ف۵۴ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور اس کے احسان و کرم کا ف۵۵ دو تر لکڑیوں سے جن کو زندو زند کہتے ہیں ان کے رگڑنے سے آگ نکلتی ہے ف۵۶ مرخ و عفار جن سے زندو زند بنائی جاتی ہے۔

نَشَاءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

چاہیں تو اسے کھاری کر دیں ف۵۳ پھر کیوں نہیں شکر کرتے ف۵۴

اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ

تو بھلا بتاؤ تو وہ آگ جو تم روشن کرتے ہو ف۵۵ کیا تم نے

اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿۷۲﴾

اس کا پیڑ پیدا کیا ف۵٦ یا ہم ہیں پیدا کرنے والے

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا

ہم نے اسے ف۵۷ جہنم کا یادگار بنایا ف۵۸ اور جنگل میں

لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿۷۳﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ

مسافروں کا فائدہ ف۵۹ تو اے محبوب تم پاکی بولو اپنے عظمت والے

الْعَظِیْمِ ﴿۷۴﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾

رب کے نام کی تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں ف٦۰

وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ﴿۷٦﴾ اِنَّهٗ

اور تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے بیشک

لَقُرْاٰنٌ كَرِیْمٌ ﴿۷۷﴾ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا

یہ عزت والا قرآن ہے ف٦۱ محفوظ نوشتہ میں ف٦۲ اسے

ف۵۷ یعنی آگ کو ف۵۸ کہ دیکھنے والا اس کو دیکھ کر جہنم کی بڑی آگ کو یاد کرے اور اللہ تعالیٰ سے اور اس کے عذاب سے ڈرے ف۵۹ کہ اپنے سفروں میں اس سے نفع اٹھاتے ہیں ف٦۰ کہ وہ مقام ہیں ظہور قدرت و جلال الٰہی کے ف٦۱ جو سید عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل فرمایا گیا کیونکہ یہ کلام الٰہی اور وحی ربانی ہے ف٦۲ جس میں تبدیل و تحریف ممکن نہیں ف٦۳ مسئلہ، جس کو غسل کی حاجت ہو جس کا وضو نہ ہو یا حائضہ عورت یا نفاس والی ان میں سے کسی کو قرآن مجید بغیر غلاف وغیرہ کسی کپڑے کے چھونا جائز نہیں بے وضو کو یاد پر قرآن شریف پڑھنا جائز ہے لیکن بے غسل اور حیض والی کو یہ بھی جائز نہیں ف٦۴ اور نہیں مانتے ف٦۵ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ بندہ بڑے ٹوٹے میں ہے جس کا حصہ کتاب اللہ کی تکذیب ہو ف٦٦ اہل میت ف٦۷ اپنے علم و قدرت کے ساتھ۔

يمسه الا المطهرون ۝٧٩ تنزيل من

نہ چھوئیں مگر باوضو ف۶۳ اتارا ہوا ہے

رب العلمين ۝٨٠ افبهذا الحديث انتم

سارے جہان کے رب کا تو کیا اس بات میں تم سستی

مدهنون ۝٨١ وتجعلون رزقكم انكم

کرتے ہو ف۶۴ اور اپنا حصہ یہ رکھتے ہو کہ جھٹلاتے

تكذبون ۝٨٢ فلولا اذا بلغت الحلقوم ۝٨٣

ہو ف۶۵ پھر کیوں نہ ہو جب جان گلے تک پہنچے

وانتم حينئذ تنظرون ۝٨٤ ونحن

اور تم ف۶۶ اس وقت دیکھ رہے ہو اور ہم ف۶۷

اقرب اليه منكم ولكن لا تبصرون ۝٨٥

اس کے زیادہ پاس ہیں تم سے مگر تمہیں نگاہ نہیں ف۶۸

فلولا ان كنتم غير مدينين ۝٨٦

تو کیوں نہ ہوا اگر تمہیں بدلہ لینا نہیں ف۶۹

ترجعونها ان كنتم صدقين ۝٨٧ فاما

کہ اسے لوٹا لاتے اگر تم سچے ہو ف۷۰ پھر وہ

ف۶۸ تم بصیرت نہیں رکھتے تم نہیں جانتے ف۶۹ مرنے کے بعد اٹھنے کا رف کفار سے فرمایا گیا کہ اگر بخیال تمہارے مرنے کے بعد اٹھنا اور اعمال کا حساب کیا جانا اور جزا دینے والا معبود یہ کچھ بھی نہ ہو تو کیا سبب ہے کہ جب تمہارے پیاروں کی روح حلق میں پہونچتی ہے تو تم اسے لوٹا کیوں نہیں لاتے اور جب یہ تمہارے اختیار میں نہیں تو سمجھو کہ کام اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے اس پر ایمان لاؤ اس کے بعد مخلوق کے طبقات کے احوال وقت موت اور انکے درجات کا بیان فرمایا۔ ف۷۱ سابقین میں سے جن کا ذکر اوپر ہو چکا تو اس کے لئے ف۷۲ ابوالعالیہ نے کہا کہ مقربین سے جو کوئی دنیا سے مفارقت کرتا ہے اس کے پاس جنت کے پھولوں کی ڈالی لائی جاتی ہے اس کی خوشبو لیتا ہے تب روح قبض ہوتی ہے ف۷۳ آخرت میں ف۷۴ مرنے والا ف۷۵ معنی یہ ہیں کہ اے سید انبیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ انکا سلام

إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّ

مرنے والا اگر مقربوں سے ہے ف۷۱ تو راحت ہے اور

رَيْحَانٌ ۵ وَّجَنَّتُ نَعِيمٍ ﴿٨٩﴾ وَأَمَّا إِنْ

پھول ف۷۲ اور چین کے باغ ف۷۳ اور اگر ف۷۴

كَانَ مِنْ أَصْحٰبِ الْيَمِينِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ

داہنی طرف والوں سے ہو تو اے محبوب تم پر سلام

مِنْ أَصْحٰبِ الْيَمِينِ ﴿٩١﴾ وَأَمَّا إِنْ كَانَ

ہو داہنی طرف والوں سے ف۷۵ اور اگر ف۷۶

مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّآلِّينَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ

جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہو ف۷۷ تو اس کی

مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ﴿٩٤﴾

مہمانی کھولتا پانی اور بھڑکتی آگ میں دھنسانا ف۷۸

إِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ

یہ بے شک اعلیٰ درجہ کی یقینی بات ہے تو اے محبوب

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٩٦﴾ ع

تم اپنے عظمت والے رب کے نام کی پاکی بولو ف۷۹

قبول فرمائیں اور ان کے لئے غم گین نہ ہوں وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے سلامت دمنونا رہیں گے اور آپ ان کو اسی حال میں دیکھیں گے جو آپ کو پسند ہو

ف۷۶ مرنے والا

ف۷۷ یعنی اصحاب شمال میں سے۔

ف۷۸ جہنم کی اور مرنے والوں کے احوال اور جو مضامین اس سورت میں بیان کئے گئے۔ ف۷۹ حدیث جب یہ آیت نازل ہوئی فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ تو سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو اپنے رکوع میں داخل کرو اور جب سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى نازل ہوئی تو فرمایا اسے اپنے سجدوں میں داخل کرو (ابوداؤد) مسئلہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ رکوع و سجود کی تسبیحات قرآن کریم سے ماخوذ ہیں۔

ع ۳ ۱۶

فضائلِ سورۂ ملک

رسُولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ قرآن مجید میں تیس آیات کی ایک سورۃ ہے، جو مُسلمان اس کا ورد کرے گا اُس کے لئے خُدا تعالیٰ کے حضور اِتنی شفاعت کرے گی کہ اس کی بخشش ہو جائے گی۔ وہ سُورۃ شریف تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ ہے۔ ——— (دارمی)

رسُولُ اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس کو ہر رات کو پڑھا کرے اللہ تبارکٗ وتعالیٰ اس کو عذابِ قبر سے بچا لے گا۔ ——— (ابنِ ماجہ)

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

جو شخص اس کو ۴۱ بار پڑھے تو جُملہ مشکلات اس کی حل ہوں اور تمام آفات سے محفوظ رہے اور اگر قرض دار ہو تو قرضہ اس کا اُتر جائے اور اگر اس سُورت کا نقش لکھ کر بطور تعویذ اپنے پاس رکھیں تو جس مطلب کے لئے لِکھا جائے وہ پُورا ہو جائے۔

ابنِ حبان سے روایت ہے کہ یہ سُورۃ استغفار کرتی ہے۔ اپنے صاحب کے لئے یہاں تک کہ وہ بخشا جاتا ہے اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا یہ لفظ ہے کہ یہ سُورۃ منجیہ ہے۔ عذابِ قبر سے نجات دیتی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہ ہر مومن کے دِل میں ہو۔

دُکھتی آنکھوں پر اگر برابر تین روز تک اس سُورۃ کو پڑھ کر دم کر دیا جائے تو بفضلہٖ تعالیٰ آشوب سے صحت ہوگی۔

سُورَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ ملک مکیہ ہے اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں سارا ملک ف۲ اور وہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ

چیز پر قادر ہے وہ جس نے موت اور زندگی پیدا کی

وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَ

کہ تمہاری جانچ ہو ف۳ تم میں کس کا کام زیادہ اچھا ہے ف۴ اور

هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ﴿۲﴾ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

وہی عزت والا بخشش والا ہے جس نے سات آسمان بنائے

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ

ایک کے اوپر دوسرا تو رحمٰن کے بنانے میں کیا فرق

الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ

دیکھتا ہے ف۵ تو نگاہ اٹھا کر دیکھ ف۶

ف۱ سورۂ ملک مکیہ ہے اس میں دو رکوع تیس آیتیں تین سو تیس کلمے ایک ہزار تین سو تیرہ حرف ہیں حدیث میں ہے کہ سورۂ ملک شفاعت کرتی ہے (ترمذی و ابو داؤد) ایک اور حدیث میں ہے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جگہ خیمہ نصب کیا وہاں ایک قبر تھی اور انہیں خیال نہ تھا وہ صاحبِ قبر سورہ ملک پڑھتے رہے یہاں تک کہ تمام کی تو خیمہ والے صحابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میں نے ایک قبر پر خیمہ لگایا مجھے خیال نہ تھا کہ یہاں قبر ہے اور تھی وہاں قبر اور صاحبِ قبر سورۂ ملک پڑھتے تھے یہاں تک کہ ختم کیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ یہ سورت مانعہ منجیہ ہے عذابِ قبر سے نجات دلاتی ہے (الترمذی وقال غریب)

هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

تجھے کوئی رخنہ نظر آتا ہے پھر دوبارہ نگاہ اٹھا ف

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ

نظر تیری ناکام پلٹ آئے گی تھکی

هُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

ماندی ف۸ اور بیشک ہم نے نیچے کے آسمان کو ف۹

بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَ

چراغوں سے آراستہ کیا ف۱۰ اور انھیں شیطانوں کے لئے مار کیا ف۱۱ اور

اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿۵﴾ وَلِلَّذِيْنَ

ان کے لئے ف۱۲ بھڑکتی آگ کا عذاب تیار فرمایا ف۱۳ اور جنہوں نے اپنے

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۶﴾

رب کے ساتھ کفر کیا ف۱۴ ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور کیا ہی برا انجام

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ

جب اس میں ڈالے جائیں گے اس کا رینکنا سنیں گے کہ جوش

تَفُوْرُ ﴿۷﴾ لا تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ

مارتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ شدت غضب میں پھٹ جائیگی جب کبھی کوئی

ف۲ جو چاہے کرے جسے چاہے عزت دے جسے چاہے ذلت۔

ف۳ دنیا کی زندگی میں

ف۴ یعنی کون زیادہ مطیع و مخلص ہے۔

ف۵ یعنی آسمانوں کی پیدائش سے قدرت الٰہی ظاہر ہے کہ اس نے کیسے مستحکم استوار مستقیم مستوی متناسب بنائے۔

ف۶ آسمان کی طرف بار دگر۔

ف۷ اور بار بار دیکھ۔

ف۸ کہ بار بار کی جستجو سے بھی کوئی خلل نہ پا سکے گی۔

ف۹ جو زمین کی طرف سب سے زیادہ قریب ہے

ف۱۰ یعنی ستاروں سے

ف۱۱ کہ جب شیاطین آسمان کی طرف انکی گفتگو سننے اور باتیں چرانے پہنچیں تو کواکب سے شعلے اور چنگاریاں نکلیں جن سے انہیں مارا جائے۔

ف۱۲ یعنی شیاطین کے۔

ف۱۳ آخرت میں

ف۱۴ خواہ وہ انسانوں میں یا

اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمْ یَاْتِكُمْ

گروہ اس میں ڈالا جائیگا اس کے داروغہ ف۱۵ ان سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس

نَذِیْرٌ (۸) قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِیْرٌ ۙ۬

کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا تھا ف۱۶ کہیں گے کیوں نہیں بیشک ہمارے پاس ڈر سنانے

فَكَذَّبْنَا وَ قُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ ۚۖ

والے تشریف لائے ف۱۷ پھر ہم نے جھٹلایا اور کہا اللہ نے کچھ نہیں اتارا

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ (۹) وَ قَالُوْا لَوْ

تم تو نہیں مگر بڑی گمراہی میں اور کہیں گے اگر

كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْۤ اَصْحٰبِ

ہم سنتے یا سمجھتے ف۱۸ تو دوزخ والوں میں نہ

السَّعِیْرِ (۱۰) فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا

ہوتے اب اپنے گناہ کا اقرار کیا ف۱۹ تو پھٹکار ہو

لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ (۱۱) اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ

دوزخیوں کو بیشک وہ جو بے دیکھے اپنے رب سے

رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِیْرٌ (۱۲)

ڈرتے ہیں ف۲۰ ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے ف۲۱

سے ہوں یا جنوں میں سے

ف۱۵ مالک اور ان کے اعوان بطریق توبیخ۔

ف۱۶ یعنی اللہ کا نبی جو تمہیں عذاب الٰہی کا خوف دلاتا۔

ف۱۷ اور انہوں نے احکام الٰہی پہونچائے اور خدا کے غضب اور عذاب آخرت سے ڈرایا۔

ف۱۸ رسولوں کی ہدایت اور اس کو مانتے۔ **مسئلہ** اس سے معلوم ہوا کہ تکلیف کا مدار ادلۂ سمعیہ و عقلیہ دونوں پر ہے اور دونوں حجتیں ملزمہ ہیں۔

ف۱۹ کہ رسولوں کی تکذیب کرتے تھے اور اس وقت کا اقرار کچھ نافع نہیں۔

ف۲۰ اور اس پر ایمان لاتے ہیں۔

ف۲۱ ان کی نیکیوں کی جزا

ف۲۲ اس پر کچھ مخفی نہیں شانِ نزول مشرکین آپس میں کہتے تھے چپکے چپکے بات کرو، محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خدا سن نہ پائے اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور انہیں بتایا گیا کہ اس سے

وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ

اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا آواز سے وہ تو دلوں

بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٣﴾ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَ

کی بات کو خوب جانتا ہے ف ٢٢ کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا کیا ف ٢٣ اور

هُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿١٤﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ

وہی ہے ہر باریکی جانتا خبردار وہی ہے جس نے تمہارے لئے

لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

زمین بنائی تو اس کے رستوں میں چلو

وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ﴿١٥﴾

اور اللہ کی روزی میں سے کھاؤ ف ٢٤ اور اسی کی طرف اٹھنا ہے ف ٢٥

ءَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ

کیا تم اس سے نڈر ہوگئے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تمہیں زمین میں

الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ﴿١٦﴾ أَمْ أَمِنْتُمْ مَنْ فِي

دھنسا دے ف ٢٦ جبھی وہ کانپتی رہے ف ٢٧ یا تم نڈر ہوگئے اس سے جس کی

السَّمَاءِ أَنْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ

سلطنت آسمان میں ہے کہ تم پر پتھراؤ بھیجے ف ٢٨ تو اب جانو گے ف ٢٩

کوئی چیز چھپ نہیں سکتی یہ کوشش فضول ہے۔

ف ٢٣ اپنی مخلوق کے احوال کو ف ٢٤ جو اس نے تمہارے لئے پیدا فرمائی۔

ف ٢٥ قبروں سے جزا کے لئے

ف ٢٦ جیسا قارون کو دھنسایا

ف ٢٧ تاکہ تم اس کے اسفل میں پہونچو۔

ع ١٤

ف ٢٨ جیسا لوط علیہ السلام کی قوم پر بھیجا تھا۔

ف ٢٩ یعنی عذاب دیکھ کر۔

ف ٣٠ یعنی پہلی امتوں نے

ف ٣١ جب میں نے انہیں ہلاک کیا۔

ف ٣٢ ہوا میں اڑتے وقت

ف ٣٣ پر پھیلانے اور سمیٹنے کی حالت میں گرنے سے

ف ٣٤ یعنی باوجودیکہ پرندے بوجھل موٹے جسیم ہوتے ہیں اور شے ثقیل طبعاً پستی کی طرف مائل ہوتی ہے وہ فضا میں نہیں رک سکتی اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ وہ ٹھہرے رہتے ہیں ایسے ہی آسمانوں کو جب تک وہ چاہے رکے ہوئے ہیں اور وہ نہ روکے تو گر

كَيۡفَ نَذِيۡرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ

کیسا تھا میرا ڈرانا اور بیشک ان سے اگلوں نے جھٹلایا ف ۳۰

فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الطَّيۡرِ

تو کیسا ہوا میرا انکار ف ۳۱ اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندے

فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقۡبِضۡنَ ؔ مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا

نہ دیکھے پر پھیلاتے ف ۳۲ اور سمیٹتے انہیں کوئی نہیں روکتا ف ۳۳ سوا

الرَّحۡمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍۢ بَصِيۡرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنۡ هٰذَا

رحمن کے ف ۳۴ بیشک وہ سب کچھ دیکھتا ہے یا وہ کون سا

الَّذِىۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّكُمۡ يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ

تمہارا لشکر ہے کہ رحمن کے مقابل تمہاری مدد

الرَّحۡمٰنِ ؕ اِنِ الۡكٰفِرُوۡنَ اِلَّا فِىۡ غُرُوۡرٍ ﴿۲۰﴾ اَمَّنۡ

کرے ف ۳۵ کافر نہیں مگر دھوکے میں ف ۳۶ یا کونسا

هٰذَا الَّذِىۡ يَرۡزُقُكُمۡ اِنۡ اَمۡسَكَ رِزۡقَهٗ ۚ

ایسا ہے جو تمہیں روزی دے اگر وہ اپنی روزی روک لے ف ۳۷

بَلۡ لَّجُّوۡا فِىۡ عُتُوٍّ وَّنُفُوۡرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنۡ يَّمۡشِىۡ

بلکہ وہ سرکش اور نفرت میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں ف ۳۸ تو کیا وہ جو اپنے

پڑیں۔

ف ۳۵ اگر وہ تمہیں عذاب کرنا چاہے۔

ف ۳۶ یعنی کافر شیطان کے اس فریب میں ہیں کہ ان پر عذاب نازل نہ ہوگا۔

ف ۳۷ یعنی اس کے سوا کوئی روزی دینے والا نہیں۔

ف ۳۸ کہ حق سے قریب نہیں ہوتے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے کافر و مومن کے لئے ایک مثل بیان فرمائی۔

ف ۳۹ نہ آگے دیکھے نہ پیچھے نہ دائیں نہ بائیں۔

ف ۴۰ راستہ کو دیکھتا جو منزل مقصود تک پہنچانے والی ہے مقصود اس مثل کا یہ ہے کہ کافر گمراہی کے میدان میں اس طرح حیران سرگرداں جاتا ہے کہ نہ اسے منزل معلوم نہ راہ پہچانے۔

ف ۴۱ اور مومن آنکھیں کھولے راہ حق دیکھتا پہچانتا چلتا ہے

ف ۴۲ اے مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مشرکین سے کہ جس خدا کی طرف میں تمہیں دعوت دیتا ہوں وہ

ف ۴۳ جو آلات علم ہیں لیکن

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا

منہ کے بل اوندھا چلے ف۳۹ زیادہ راہ پر ہے یا وہ جو سیدھا چلے ف۴۰

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ

سیدھی راہ پر ف۴۱ تم فرماؤ ف۴۲ وہی ہے جس نے

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا

تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لئے کان اور آنکھ اور دل بنائے ف۴۳ کتنا

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ

کم حق مانتے ہو ف۴۴ تم فرماؤ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں

فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

پھیلایا اور اسی کی طرف اٹھائے جاؤ گے ف۴۵ اور کہتے ہیں ف۴۶

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ

یہ وعدہ ف۴۷ کب آئے گا اگر تم سچے ہو تم فرماؤ

اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ

یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تو یہی صاف ڈر سنانے والا

مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْۗـــَٔتْ وُجُوْهُ

ہوں ف۴۸ پھر جب اسے ف۴۹ پاس دیکھیں گے کافروں

تم نے ان قویٰ سے فائدہ نہ اٹھایا، تو سنا وہ نہ مانا جو دیکھا اس سے عبرت حاصل نہ کی جو سمجھا اس میں غور نہ کیا۔

ف۴۴ کہ اللہ تعالیٰ کے عطا فرمائے ہوئے قویٰ اور آلاتِ ادراک سے وہ کام نہیں لیتے جس کے لئے وہ عطا ہوئے۔ یہی سبب ہے کہ شرک و کفر میں مبتلا ہوتے ہو۔

ف۴۵ روزِ قیامت حساب و جزا کے لئے۔ ف۴۶ مسلمانوں سے تمسخر و استہزاء کے طور پر۔

ف۴۷ عذاب یا قیامت کا

ف۴۸ یعنی عذاب و قیامت کے آنے کا تمہیں ڈر سناتا ہوں اتنے ہی کا مامور ہوں یہی سے میرا فرض ادا ہو جاتا ہے وقت کا بتانا میرے ذمہ نہیں۔

ف۴۹ یعنی عذابِ موعود کو۔

ف۵۰ چہرے سیاہ پڑ جائیں گے وحشت و غم سے صورتیں خراب ہو جائیں گی۔

ف۵۱ جہنم کے فرشتے کہیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

کے منہ بگڑ جائیں گے ف۵۰ اور ان سے فرما دیا جائے گا ف۵۱ یہ ہے جو تم

تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

مانگتے تھے ف۵۲ تم فرماؤ ف۵۳ بھلا دیکھو تو اللہ اگر مجھے اور میرے ساتھ والوں

وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ

کو ف۵۴ ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے ف۵۵ تو وہ کونسا ہے جو کافروں کو

مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا

دکھ کے عذاب سے بچا لے گا ف۵۶ تم فرماؤ وہی رحمٰن ہے ف۵۷ ہم اس پر

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ

ایمان لائے اور اسی پر بھروسہ کیا تو اب جان جاؤ گے ف۵۸ کون

هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

کھلی گمراہی میں ہے تم فرماؤ بھلا دیکھو تو

اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے ف۵۹ تو وہ کون ہے جو

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

تمہیں پانی لا دے نگاہ کے سامنے بہتا ف۶۰

ف۵۲ اور انبیاء علیہم السلام سے کہتے تھے کہ وہ عذاب کہاں ہے جلدی لاؤ اب دیکھ لو یہ ہے وہ عذاب جس کی تمہیں طلب تھی

ف۵۳ اے مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفارِ مکہ سے جو آپ کی موت کی آرزو رکھتے ہیں۔

ف۵۴ یعنی میرے اصحاب کو

ف۵۵ اور ہماری عمریں دراز کر دے۔

ف۵۶ تمہیں تو اپنے کفر کے سبب ضرور عذاب میں مبتلا ہونا تمہاری موت تمہیں کیا فائدہ دے گی۔

ف۵۷ جس کی طرف ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں۔

ف۵۸ یعنی وقتِ عذاب

ف۵۹ اور اتنی گہرائی میں پہنچ جائے کہ ڈول وغیرہ سے ہاتھ نہ آسکے۔

ف۶۰ کہ اس تک ہر ایک کا ہاتھ پہنچ سکے یہ صرف اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت میں ہے تو جو کسی چیز پر قدرت نہ رکھتے انہیں کیوں عبادت میں اس قادرِ برحق کا شریک کرتے ہو۔

ع ۲ ۱۹

فضائلِ سُورۂ مُزّمِّل

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص سورۂ مُزّمِّل پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی دینی و دُنیوی مشکلات، بے گمان حادثات دُور فرمائے گا۔

ایک روایت میں ہے کہ سُورۂ مُزّمِّل کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ خوش رکھے گا۔

اکثر عاملین کا مجرّب ہے کہ بااخلاص سُورۂ مُزّمِّل کے پڑھنے والے کو سرکارِ دوعالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار نصیب ہوتا ہے۔

سُورۂ مُزّمِّل کے نقش کو گلے میں ڈالنے سے مریض اچھا ہوجاتا ہے نقش معظم یہ ہے:

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

بعض اولیاء اللہ سے مروی ہے کہ جو شخص نماز کے بعد اس سُورۃ کو پڑھے، اللہ تبارک وتعالیٰ اس سُورۃ کی برکت سے اس کی حاجت برلاتا ہے۔

اگر اس سُورۃ کو پڑھ کے حاکم کے سامنے جائے تو حاکم مہربان ہوجائیگا۔ اور واسطے زبان بندی اور تیغ بندی کے مجرّب ہے اور اگر لکھکر مریض کے گلے میں لٹکائے تو اس کو صحت ہو اور ہر روز سات مرتبہ پڑھے تو کشائش رزق ہو۔ اس میں ۲۲۲۶ عدد ہیں۔ علماء کا بیان ہے کہ جو شخص سُورۂ مُزّمِّل کا وِرد رکھے گا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

سورۃ المزمل مکیۃ وھی عشرون اٰیۃ وفیہا رکوعان

سورہ مزمل مکی ہے اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

یٰۤاَیُّہَا الۡمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّیۡلَ اِلَّا

اے جھرمٹ مارنے والے ف۲ رات میں قیام فرما ف۳ سوا کچھ

قَلِیۡلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصۡفَہٗۤ اَوِ انۡقُصۡ مِنۡہُ قَلِیۡلًا ۙ﴿۳﴾

رات کے ف۴ آدھی رات یا اس سے کچھ کم کرو

اَوۡ زِدۡ عَلَیۡہِ وَ رَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا ؕ﴿۴﴾

یا اس پر کچھ بڑھاؤ ف۵ اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو ف۶

اِنَّا سَنُلۡقِیۡ عَلَیۡکَ قَوۡلًا ثَقِیۡلًا ﴿۵﴾ اِنَّ

بیشک عنقریب ہم تم پر ایک بھاری بات ڈالیں گے ف۷ بیشک

نَاشِئَۃَ الَّیۡلِ ہِیَ اَشَدُّ وَطۡاً وَّ اَقۡوَمُ

رات کا اٹھنا ف۸ وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے ف۹ اور بات خوب سیدھی

قِیۡلًا ؕ﴿۶﴾ اِنَّ لَکَ فِی النَّہَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ؕ﴿۷﴾

نکلتی ہے ف۱۰ بیشک دن میں تو تم کو بہت سے کام ہیں ف۱۱

ف۱ سورۂ مزمل مکیہ ہے اس میں دو رکوع بیس آیتیں دو سو پچاس کلمے آٹھ سو اڑتیس حرف ہیں۔

ف۲ یعنی اپنے کپڑوں سے لپٹنے والے اس کے شانِ نزول میں کئی قول ہیں۔ بعض مفسرین نے کہا کہ ابتداء زمانۂ وحی میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوف سے اپنے کپڑوں میں لپٹ جاتے تھے ایسی حالت میں آپ کو حضرت جبریل نے یٰۤاَیُّہَا الۡمُزَّمِّلُ کہہ کر ندا کی ایک قول یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم چادر شریف میں لپٹے ہوئے آرام فرما رہے تھے اس حالت میں آپ کو ندا کی گئی یٰۤاَیُّہَا الۡمُزَّمِّلُ بہرحال یہ ندا بتاتی ہے کہ محبوب کی ہر ادا پیاری ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ ردائے نبوت و چادر رسالت کے حامل و لائق۔

ف۳ نماز اور عبادت کے ساتھ

ف۴ یعنی تھوڑا حصہ آرام کیلئے ہو باقی شب عبادت

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾

اور اپنے رب کا نام یاد کرو ف۱۲ اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو ف۱۳

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ

وہ پورب کا رب اور پچھم کا رب اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم اسی

فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ﴿٩﴾ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ

کو اپنا کارساز بناؤ ف۱۴ اور کافروں کی باتوں پر صبر فرماؤ

وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِي وَ

اور انہیں اچھی طرح چھوڑ دو ف۱۵ اور مجھ پر چھوڑ دو ان

الْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿١١﴾

جھٹلانے والے مالداروں کو اور انہیں تھوڑی مہلت دو ف۱۶

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ﴿١٢﴾ وَطَعَامًا ذَا

بیشک ہمارے پاس ف۱۷ بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی آگ اور گلے میں پھنستا

غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ

کھانا اور دردناک عذاب ف۱۸ جس دن تھرتھرائیں گے

الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا

زمین اور پہاڑ ف۱۹ اور پہاڑ ہو جائیں گے ریتے کا ٹیلا

میں گزارئیے اب وہ باقی کتنی ہو اس کی تفصیل آگے ارشاد فرمائی جاتی ہے

ف۵ مراد یہ ہے کہ آپ کو اختیار دیا گیا ہے کہ خواہ قیام نصف شب سے کم ہو یا نصف شب یا اس سے زیادہ ہو (بیضاوی) مراد اس قیام سے تہجد ہے جو ابتدائے اسلام میں واجب و بقولے فرض تھا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب شب کو قیام فرماتے اور لوگ جانتے کہ تہائی رات یا آدھی رات یا دو تہائی رات یا آدھی رات کب ہوئی تو وہ تمام شب قیام میں رہتے اور صبح تک نمازیں پڑھتے اس اندیشہ سے کہ قیام قدر واجب سے کم نہ ہو جائے یہاں تک کہ ان حضرات کے پاؤں سوج جاتے تھے پھر یہ حکم ایک سال کے بعد منسوخ ہو گیا اور اس کا ناسخ بھی اسی سورت میں ہے :۔ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

مَّهِيلًا ﴿١٤﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا

بہتا ہوا بیشک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجے ف ۲۰

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ

کہ تم پر حاضر ناظر ہیں ف ۲۱ جیسے ہم نے فرعون کی طرف رسول

رَسُولًا ﴿١٥﴾ فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ

بھیجے ف ۲۲ تو فرعون نے اس رسول کا حکم نہ مانا

فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ

تو ہم نے اسے سخت گرفت سے پکڑا پھر کیسے بچوگے

تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ

ف ۲۳ اگر ف ۲۴ کفر کرو اس دن ف ۲۵ جو بچوں کو بوڑھا کردے گا

شِيبًا ﴿١٧﴾ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ ۚ كَانَ وَعْدُهُ

ف ۲۶ آسمان اسکے صدمے سے پھٹ جائیگا اللہ کا وعدہ ہو کر

مَفْعُولًا ﴿١٨﴾ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ فَمَنْ شَاءَ

رہنا بیشک یہ نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے

اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿١٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ

رب کی طرف راہ لے ف ۲۷ بیشک تمہارا رب

ف ۶ رعایت وقوف و ادائے مخارج کے ساتھ اور حروف کو مخارج کے ساتھ تابامکان صحیح ادا کرنا نماز میں فرض ہے ف ۷ یعنی نہایت جلیل باعظمت مراد اس سے قرآن مجید ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ معنی یہ ہیں کہ ہم آپ پر قرآن نازل فرمائیں گے جس میں اوامر نواہی اور تکلیف شاقہ ہیں جو مکلفین پر بھاری ہوں گے ف ۸ سونے کے بعد ف ۹ بہ نسبت دن کی نماز کے۔ ف ۱۰ کیونکہ وہ وقت سکون و اطمینان کا ہے شور و شغب سے امن ہوتا ہے اخلاص تام و کامل ہوتا ہے ریاء و نمائش کا موقع نہیں ہوتا ف ۱۱ شب کا وقت عبادت کیلئے خوب فراغت کا ہے ف ۱۲ رات دن کے جملہ اوقات میں تسبیح تہلیل نماز تلاوت قرآن مجید درس علم وغیرہ کے ساتھ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اپنی قرأت کی ابتدا میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ
جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب کبھی

الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ
آدھی رات کبھی تہائی اور ایک جماعت

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ
تمہارے ساتھ والی ف۲۸ اور اللہ دن اور رات

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ
کا اندازہ فرماتا ہے اسے معلوم ہے کہ اے مسلمانو تم سے رات

فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ
کا شمار نہ ہو سکے گا ف۲۹ تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمایا اب قرآن میں

الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ
سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو ف۳۰ اسے معلوم ہے کہ عنقریب کچھ تم میں سے بیمار

مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى
ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر

الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ
کریں گے اللہ کا فضل تلاش کرنے ف۳۱

پڑھو ف۱۳ یعنی عبادت میں انقطاع کی صفت ہو کہ دل اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کی طرف مشغول نہ ہو سب علاقے قطع ہو جائیں اسی کی طرف توجہ رہے ف۱۴ اور اپنے کام اسی کی طرف تفویض کرو ف۱۵ وھٰذا منسوخ بآیۃ القتال ف۱۶ بدر تک یا روز قیامت تک ف۱۷ آخرت میں ف۱۸ ان کے لئے جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب کی ف۱۹ وہ قیامت کا دن ہوگا ف۲۰ سید عالم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ف۲۱ مومن کے ایمان اور کافر کے کفر کو جانتے ہیں ف۲۲ حضرت موسیٰ علیہ السلام ف۲۳ عذاب الٰہی سے ف۲۴ دنیا میں ف۲۵ یعنی قیامت کے دن جو نہایت دراز ہوگا ف۲۶ اپنی شدت دہشت سے ف۲۷ ایمان وطاعت اختیار کرکے ف۲۸ تمہارے اصحاب کی وہ بھی قیام لیلی

وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ

اور کچھ اللہ کی راہ میں لڑتے ہوں گے ف۳۲

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا

تو جتنا قرآن میسر ہو پڑھو ف۳۳ اور نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ

رکھو ف۳۴ اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو اچھا

قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ

قرض دو ف۳۵ اور اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے

مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ

اسے اللہ کے پاس بہتر اور

خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ

بڑے ثواب کی پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

میں آپ کا اتباع کرتے ہیں ف۲۹ اور ضبطِ اوقات نہ کر سکو گے ف۳۰ یعنی شب کا قیام معاف فرمایا مسئلہ: اس آیت سے نماز میں مطلق قرأت کی فرضیت ثابت ہوئی۔ مسئلہ: اقلّ درجہ قرأت مفروض ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں ہیں ف۳۱ یعنی تجارت یا طلبِ علم کے لئے ف۳۲ ان سب پر رات کا قیام دشوار ہوگا ف۳۳ اس سے پہلا حکم منسوخ کیا گیا اور یہ بھی پنجگانہ نمازوں سے منسوخ ہوگیا ف۳۴ یہاں نماز سے فرض نمازیں مراد ہیں ف۳۵ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ اس قرض سے مراد زکوٰۃ کے سوا راہِ خدا میں خرچ کرنا ہے صلہ رحمی میں اور مہمانداری میں اور یہ بھی کہا گیا کہ اس سے تمام صدقات مراد ہیں جنہیں اچھی طرح مالِ حلال سے خوش دلی کے ساتھ راہِ خدا میں خرچ کیا جائے۔

فَضَائِلِ سُورۂ نُوح

○ اگر کسی سخت دشمن سے ہنگامہ ہو جائے اور دفعیہ اس کا ناممکن ہو تو ایک ہزار بار سورۂ نوح پڑھیں یا بہت سے آدمی جن کی تعداد وتر ہو، ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر ختم کریں یا دو تین روز میں ختم کریں دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

○ دفع احتلام کے لئے یہ سورۃ رات کو پڑھ کر سونا چاہیئے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ احتلام نہ ہوگا۔ نقش اس کا لکھ کر باندھنا دافع رنج وغم ہے اور لکھ کر میدان میں رکھے بارش ہو۔ عورت گلے میں ڈالے اولاد کی نعمت سے مالا مال ہو۔

○ **تعبیرِ خواب:** جو شخص سورۂ نوح کو خواب میں دیکھے کہ پڑھ رہا ہوں اگرچہ وہ جاہل قوم میں رہتا ہو مگر انجام میں ان پر غلبہ حاصل کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے ان پر مدد ملے گی۔

○ یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ قرآن شریف کی کسی سورۃ یا آیت کو عمل میں لانے کے لئے صدق عقیدہ، دل اور دماغ کی طہارت، پاکیزگی سچائی، فرائض کی پابندی اور اکلِ حلال کی ضرورت ہے۔

نقش سورۂ نوح

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۵۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

سُورَةُ نُوحٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَعِشْرُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورۂ نوح مکّی ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ

بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ ان کو ڈرا اس سے

قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ

پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آئے

أَلِيمٌ ① قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ

ف۲ اس نے فرمایا اے میری قوم میں تمہارے لئے صریح ڈر سنانے

مُّبِينٌ ② أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَ

والا ہوں کہ اللہ کی بندگی کرو ف۳ اور اس سے ڈرو ف۴ اور

أَطِيعُونِ ③ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ

میرا حکم مانو وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے گا ف۵

وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ

اور ایک مقرر میعاد تک ف۶ تمہیں مہلت دے گا ف۷ بیشک

ف۱ سورۂ نوح مکیہ ہے اس میں دو رکوع اٹھائیس آیتیں دو سو چوبیس کلمے نو سو ننانوے حرف ہیں ف۲ دنیا و آخرت کا ف۳ اور اس کا کسی کو شریک نہ بناؤ۔ ف۴ نافرمانیوں سے بچ کر تاکہ وہ غضب نہ فرمائے ف۵ جو تم سے وقتِ ایمان تک صادر ہوئے ہوں گے یا جو بندوں کے حقوق سے متعلق نہ ہوں گے ف۶ یعنی وقتِ موت تک ف۷ کہ اس دوران میں تم پر عذاب نہ فرمائے گا ف۸ اس کو اور ایمان لے آتے ف۹ حضرت نوح علیہ السلام نے ف۱۰ ایمان و طاعت کی طرف ف۱۱ اور جتنی انہیں ایمان لانے کی ترغیب دی گئی اتنی ہی ان کی سرکشی بڑھتی گئی ف۱۲ تجھ پر ایمان لانے کی طرف ف۱۳ تاکہ میری دعوت کو نہ سنیں ف۱۴ اور منہ چھپا لئے تاکہ مجھے نہ دیکھیں کیوں کہ انہیں دینِ الٰہی کی طرف نصیحت کرنے والے کو دیکھنا بھی

أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ

اللہ کا وعدہ جب آتا ہے ہٹایا نہیں جاتا کسی

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّيْ

طرح تم جانتے ف ۸ عرض کی ف ۹ اے میرے رب

دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ﴿۵﴾ فَلَمْ

میں نے اپنی قوم کو رات دن بلایا ف ۱۰ تو میرے

يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ إِلَّا فِرَارًا ﴿۶﴾ وَإِنِّيْ

بلانے سے انہیں بھاگنا ہی بڑھا ف ۱۱ اور میں نے

كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا

جتنی بار انہیں بلایا ف ۱۲ کہ تو ان کو بخشے انہوں نے اپنے

أَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا

کانوں میں انگلیاں دے لیں ف ۱۳ اور اپنے کپڑے اوڑھ

ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿۷﴾

لئے ف ۱۴ اور ہٹ کی ف ۱۵ اور بڑا غرور کیا ف ۱۶

ثُمَّ إِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿۸﴾ ثُمَّ إِنِّيْٓ

پھر میں نے انہیں علانیہ بلایا ف ۱۷ پھر میں نے

گوارا نہ تھا ف ۱۵ اپنے کفر پر ف ۱۶ اور میری دعوت کو قبول کرنا اپنی شان کے خلاف جانا ف ۱۷ بآنگ بلند محفلوں میں ف ۱۸ اور دعوت بالاعلان کی تکرار بھی کی ف ۱۹ ایک ایک سے اور کوئی دقیقہ دعوت کا اٹھا نہ رکھا قوم زمانۂ دراز تک حضرت نوح علیہ السلام کی تکذیب ہی کرتی رہی تو اللہ تعالیٰ نے ان سے بارش روک دی اور ان کی عورتوں کو بانجھ کر دیا چالیس سال تک انکے مال ہلاک ہوگئے جانور مرگئے جب یہ حال ہوا تو حضرت نوح علیہ السلام نے انہیں استغفار کا حکم دیا۔ ف ۲۰ کفر و شرک سے اور ایمان لاکر مغفرت طلب کرو تاکہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنی رحمتوں کے دروازے کھولے کیونکہ طاعات میں مشغول ہونا خیر و برکت اور وسعت رزق کا سبب ہوتا ہے ف ۲۱ توبہ کرنے والوں کو اگر تم ایمان لائے اور تم نے توبہ کی تو وہ ف ۲۲ مال د

أَعْلَنْتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ﴿٩﴾ۙ

ان سے باعلان بھی کہا ف۱۸ اور آہستہ خفیہ بھی کہا ف۱۹

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ

تو میں نے کہا اپنے رب سے معافی مانگو ف۲۰ وہ بڑا

كَانَ غَفَّارًا ﴿١٠﴾ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ

معاف کرنے والا ہے ف۲۱ تم پر شرائے کا مینہ

مِدْرَارًا ﴿١١﴾ۙ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَ

بھیجے گا اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کرے گا

بَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَ

ف۲۲ اور تمہارے لئے باغ بنا دے گا اور

يَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَارًا ﴿١٢﴾ؕ مَا لَكُمْ

تمہارے لئے نہریں بنائے گا ف۲۳ تمہیں کیا ہوا

لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ﴿١٣﴾ۚ وَقَدْ

اللہ سے عزت حاصل کرنے کی امید نہیں کرتے ف۲۴ حالانکہ اس نے

خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ﴿١٤﴾ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ

تمہیں طرح طرح بنایا ف۲۵ کیا تم نہیں دیکھتے

اولاد بکثرت عطا فرمائے گا ف۲۳ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس آیا اور اس نے قلتِ بارش کی شکایت کی آپ نے استغفار کا حکم دیا دوسرا آیا اس نے تنگ دستی کی شکایت کی اسے بھی یہی حکم فرمایا پھر تیسرا آیا اس نے قلتِ نسل کی شکایت کی اس سے بھی یہی فرمایا پھر چوتھا آیا اس نے اپنی زمین کی قلتِ پیداوار کی شکایت کی اس سے بھی یہی فرمایا۔ ربیع بن صبیح جو حاضر تھے انہوں نے عرض کیا چند لوگ آئے قسم قسم کی حاجتیں انہوں نے پیش کیں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب کو ایک ہی جواب دیا کہ استغفار کرو تو آپ نے یہ آیت پڑھی (ان حوائج کے لئے یہ قرآنی عمل ہے) ف۲۴ اس طرح کہ اس پر ایمان لاؤ ف۲۵ کبھی نطفہ کبھی علقہ کبھی مضغہ یہاں تک کہ تمہاری خلقت کامل کی اس کی آفرینش

خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾

اللہ نے کیونکر سات آسمان بنائے ایک پر ایک

وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ

اور ان میں چاند کو روشن کیا ف۲۶ اور سورج

الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ

کو چراغ ف۲۷ اور اللہ نے تمہیں سبزے کی

مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ

طرح زمین سے اگایا ف۲۸ پھر تمہیں اسی میں

فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ

لے جائے گا ف۲۹ اور دوبارہ نکالے گا ف۳۰ اور اللہ

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا

نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا کہ اس کے

مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ

وسیع راستوں میں چلو نوح نے عرض کی اے میرے

اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ

رب انہوں نے میری نافرمانی کی ف۳۱ اور ف۳۲ ایسے کے پیچھے ہولئے

میں خدا کی اس کی خالقیت وقدرت اور اس کی وحدانیت پر ایمان لانے کا وا جب کا ہے ف۲۶ حضرت ابن عباس و ابن عمر سے مروی ہے کہ آفتاب و ماہتاب کے چہرے تو آسمانوں کی طرف ہیں اور پشت زمین کی طرف تو آسمانوں کی لطافت کے باعث ان کی روشنی تمام آسمانوں میں پہنچتی ہے اگرچہ چاند آسمان دنیا میں ہے ف۲۷ کہ دنیا کو روشن کرتا ہے اور اس کی روشنی چاند کے نور سے قوی تر ہے اور آفتاب چوتھے آسمان میں ہے ف۲۸ تمہارے باپ حضرت آدم کو اس سے پیدا کرکے ف۲۹ موت کے بعد ف۳۰ اس سے روز قیامت ف۳۱ اور میں نے جو ایمان واستغفار کا حکم دیا تھا اس کو انہوں نے نہ مانا۔ ف۳۲ ان کے عوام غرباء اور چھوٹے لوگ سرکش رؤسا اور اصحاب اموال واولاد کے تابع ہوئے۔

ع ۲۰ / ۹

يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَ

جسے اس کے مال اور اولاد نے نقصان ہی بڑھایا ف۳۳ اور

مَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوْا

ف۳۴ بہت بڑا داؤں کھیلے ف۳۵ اور بولے ف۳۶

لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ

ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو ف۳۷ اور ہرگز نہ چھوڑنا

وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ

ود اور سواع اور یغوث اور یعوق

وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَ

اور نسر کو ف۳۸ اور بیشک انہوں نے بہتوں کو بہکایا ف۳۹ اور

لَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا

تو ظالموں کو ف۴۰ زیادہ نہ کرنا مگر گمراہی ف۴۱ اپنی

خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ

کیسی خطاؤں پر ڈبوئے گئے ف۴۲ پھر آگ میں داخل کیے گئے ف۴۳

فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تو انہوں نے اللہ کے مقابل اپنا کوئی مددگار

ف۳۳ اور وہ غرورِ مال میں مست ہو کر کفر و طغیان میں بڑھتا رہا ف۳۴ وہ رؤسا ف۳۵ کہ انہوں نے حضرت نوح علیہ السلام کی تکذیب کی اور انہیں اور ان کے متبعین کو ایذائیں پہنچائیں ف۳۶ رؤسا کفار اپنے عوام سے ف۳۷ یعنی انکی عبادت ترک نہ کرنا ف۳۸ یہ ان کے بتوں کے نام ہیں جنہیں وہ پُوجتے تھے بُت تو ان کے بہت تھے مگر یہ پانچ انکے نزدیک بڑی عظمت والے تھے وَدّ تو مرد کی صورت پر تھا اور سُواع عورت کی صورت پر اور یَغوث شیر کی شکل اور یَعوق گھوڑے کی اور نَسر گِرگس کی یہ بُت قوم نوح سے منتقل ہو کر عرب میں پہونچے اور مشرکین کے قبائل سے ایک ایک نے ایک ایک کو اپنے لئے خاص کر لیا ف۳۹ یعنی یہ بُت بہت سے لوگوں کے لئے گمراہی کا سبب ہوئے یا یہ معنٰی ہیں کہ رؤساء قوم نے بتوں کی عبادت کا حکم کر کے بہت

أَنصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ

اور نوح نے عرض کی اے میرے رب ف۴۴ نہ

عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِينَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾

زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ

إِنَّكَ إِن تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ

بیشک اگر تو انہیں رہنے دے گا ف۴۵ تو تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے

وَلَا يَلِدُوا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿٢٧﴾

اور ان کے اولاد ہوگی تو وہ بھی نہ ہوگی مگر بدکار بڑی ناشکر ف۴۶

رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن

اے میرے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو ف۴۷ اور اسے جو

دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَ

ایمان کے ساتھ میرے گھر میں ہے اور سب مسلمان مردوں اور

الْمُؤْمِنٰتِ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِينَ

سب مسلمان عورتوں کو اور کافروں کو نہ بڑھا

إِلَّا تَبَارًا ﴿٢٨﴾ ع

مگر تباہی ف۴۸

سے لوگوں کو گمراہ کر دیا

ف۴۰ جو بتوں کو پوجتے تھے

ف۴۱ یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے جب انہیں وحی سے معلوم ہوا کہ جو لوگ ایمان لا چکے قوم میں ان کے سوا اور لوگ ایمان لانے والے نہیں تب آپ نے یہ دعا کی

ف۴۲ طوفان میں

ف۴۳ بعد غرق ہونے کے

ف۴۴ جو انہیں عذاب الٰہی سے بچا سکتا

ف۴۵ اور ہلاک نہ فرمائے گا

ف۴۶ یہ حضرت نوح علیہ السلام کو وحی سے معلوم ہو چکا تھا اور حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے اور اپنے والدین اور مومنین و مومنات کیلئے دعا فرمائی

ف۴۷ کہ وہ دونوں مومن تھے

ف۴۸ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی اور انکی قوم کے تمام کفار کو عذاب سے ہلاک کر دیا۔

ع ۲ ۸ ۱۰

فضائلِ سُورۂ جنّ

- جس پر آسیب آتا ہو ایک مرتبہ سُورۂ جنّ پڑھ کر اس پر دم کریں یا لکھ کر بازو پر باندھ دیں، ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔
- اگر قیدی، سُورۂ جنّ کو پڑھے تو وہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ تعالیٰ بہت ہی جلد رہائی پائے۔
- اگر کسی پر آسیب کا خلل ہو تو پاک پانی پر سُورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں سُورۂ جنّ کے شروع کی یعنی قُلْ اُوْحِیَ سے کَذِبًا تک پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ پر چھینٹا مارے۔ اس عمل سے وہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ تعالیٰ ہوش میں آجائے گا۔
- اگر کسی مکان میں جن معلوم ہو تو اسی طرح پانی پڑھ کر اس کے سب طرف چھڑک دے، خدا چاہے جن رفع ہو جائے گا۔
- اس کے ۶۶۳۰۳ عدد ہیں سُورۂ جنّ کا نقشِ مُبارک یہ ہے:

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

تعبیرِ خواب:

- سُورۂ جنّ کو جو شخص خواب میں پڑھے گا وہ ایک ایسی قوم سے سخت مضرت پائے گا جن کے دِل سخت ہوں گے
- اگر کوئی شخص جن و پری کو تسخیر کرنا چاہے تو سُورۂ جنّ کو سات سو بار پڑھے جن اور پری مسخر ہو جائیں گے یا ایک ہزار سات نقش سُورۂ شریف کے لکھے تو بھی جن و پری قابو میں آجائیں۔

سورة الجن مكية وهي ثمان وعشرون اٰية وفيها ركوعان

سورۂ جن مکیہ ہے اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

قُلۡ اُوۡحِىَ اِلَىَّ اَنَّهُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ

تم فرماؤ ف۲ مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے ف۳ میرا پڑھنا کان لگا کر سنا ف۴

فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ يَّهۡدِىۡۤ اِلَى

تو بولے ف۵ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ف۶ کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے

الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنۡ نُّشۡرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾

ف۷ تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم ہرگز کسی کو اپنے رب کا شریک نہ کریں گے

وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا

اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے نہ اس نے عورت اختیار کی اور

وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوۡلُ سَفِيۡهُنَا عَلَى

نہ بچہ ف۸ اور یہ کہ ہم میں کا بے وقوف اللہ پر بڑھ کر بات

اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنۡ لَّنۡ تَقُوۡلَ

کہتا تھا ف۹ اور یہ کہ ہمیں خیال تھا کہ ہرگز

ف۱ سورۂ جن مکیہ ہے اس میں دو رکوع اٹھائیس آیتیں دو سو پچاس کلمے آٹھ سو ستر حرف ہیں ف۲ اے محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ف۳ نصیبین کے جن کی تعداد مفسرین نے نو بیان کی ف۴ نماز فجر میں بمقام نخلہ مکہ مکرمہ وطائف کے درمیان ف۵ وہ جن اپنی قوم میں جاکر ف۶ جو اپنی فصاحت وبلاغت وخوبی مضامین وعلو معنی میں ایسا نادر ہے کہ مخلوق کا کوئی کلام اس سے کوئی نسبت نہیں رکھتا اور اس کی یہ شان ہے ف۷ یعنی توحید و ایمان کی ف۸ جیسا کہ کفار جن وانس کہتے ہیں ف۹ جھوٹ بولتا تھا بے ادبی کرتا تھا کہ اس کے لئے شریک واولاد اور بی بی بتاتا تھا ف۱۰ اور اس پر افترا نہ کریں گے اس لئے ہم ان کی باتوں کی تصدیق کرتے تھے جو کچھ وہ شانِ الٰہی میں کہتے تھے اور خداوند عالم کی طرف بی بی اور

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۵ وَّاَنَّهٗ

آدمی اور جن اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے ف۱۰ اور یہ کہ

كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ

آدمیوں میں کچھ مرد جنوں کے کچھ مردوں کی پناہ لیتے

بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝۶ وَّ

تھے ف۱۱ تو اس سے اور بھی ان کا تکبر بڑھا اور

اَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ

یہ کہ انہوں نے ف۱۲ گمان کیا جیسا تمہیں گمان ہے ف۱۳ کہ اللہ ہرگز کوئی

اللّٰهُ اَحَدًا ۝۷ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا

رسول نہ بھیجے گا اور یہ کہ ہم نے آسمان کو چھوا ف۱۴ تو اسے پایا کہ

مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝۸ وَّاَنَّا كُنَّا

ف۱۵ سخت پہرے اور آگ کی چنگاریوں سے بھر دیا گیا ہے ف۱۶ اور یہ کہ ہم ف۱۷

نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۭ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ

پہلے آسمان میں سننے کیلئے کچھ موقعوں پر بیٹھا کرتے تھے پھر اب ف۱۸ جو کوئی سنے

يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝۹ وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ

وہ اپنی تاک میں آگ کا لوکا پائے ف۱۹ اور یہ کہ ہمیں نہیں معلوم

بچے کی نسبت کرتے تھے یہاں تک کہ قرآن شریف کی ہدایت سے ہمیں ان کا کذب و بہتان ظاہر ہوگیا ف۱۱ جب سفر میں کسی خوفناک مقام پر اترتے تو کہتے ہم اس جگہ کے سردار کی پناہ چاہتے ہیں یہاں کے شریروں سے ف۱۲ یعنی کفار قریش نے ف۱۳ اے جنات ف۱۴ یعنی اہل آسمان کا کلام سننے کے لئے آسمان دنیا پر جانا چاہا ف۱۵ فرشتوں کے ف۱۶ تاکہ جنات کو اہل آسمان کی باتیں سننے کے لئے آسمان تک پہنچنے سے روکا جائے ف۱۷ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل ف۱۸ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد ف۱۹ جس سے اس کو مارا جائے ف۲۰ ہماری اس بندش اور روک سے ف۲۱ قرآن مجید سننے کے بعد ف۲۲ اور بعض شقی کافر ف۲۳ فرقے

اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ

کہ ف ۲۰ زمین والوں سے کوئی برائی کا ارادہ فرمایا گیا ہے یا ان کے رب نے

رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝۱۰ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَ

کوئی بھلائی چاہی ہے اور یہ کہ ہم میں ف ۲۱ کچھ نیک ہیں ف ۲۲ اور

مِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝۱۱ وَّ

کچھ دوسری طرح کے ہیں ہم کئی راہیں پھٹے ہوئے ہیں ف ۲۳ اور یہ

اَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ

کہ ہم کو یقین ہوا کہ ہرگز زمین میں اللہ کے قابو سے نہ نکل سکیں گے

وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۝۱۲ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

اور نہ بھاگ کر اس کے قبضہ سے باہر ہوں اور یہ کہ ہم نے جب

الْهُدٰۤى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا

ہدایت سنی ف ۲۴ اس پر ایمان لائے تو جو اپنے رب پر ایمان لائے اسے نہ

يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ۝۱۳ وَّاَنَّا مِنَّا

کسی کمی کا خوف ف ۲۵ اور نہ زیادتی کا ف ۲۶ اور یہ کہ ہم میں

الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ

کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم ف ۲۷ تو جو اسلام لائے

فرقے مختلف ف ۲۴ یعنی قرآن پاک ف ۲۵ یعنی نیکیوں یا ثواب کی کمی کا ف ۲۶ بدیوں کی ف ۲۷ حق سے پھرے ہوئے کافر ف ۲۸ اور ہدایت و راہ حق کو اپنا مقصود ٹھہرایا ف ۲۹ کافر راہ حق سے پھرنے والے ف ۳۰ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ کافر جن آتش جہنم کے عذاب میں گرفتار کئے جائیں گے ف ۳۱ یعنی انسان ف ۳۲ یعنی دین حق و طریقۂ اسلام پر ف ۳۳ کثیر مراد وسعتِ رزق ہے اور یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب کہ سات برس تک وہ بارش سے محروم کر دیئے گئے تھے معنیٰ یہ ہیں کہ اگر وہ لوگ ایمان لاتے تو ہم دنیا میں ان پر رزق وسیع کرتے اور انہیں کثیر پانی اور فراخیٔ عیش عنایت فرماتے ف ۳۴ کہ وہ کیسی شکر گزاری کرتے ہیں ف ۳۵ قرآن مجید سے یا توحید یا عبادت سے ف ۳۶ جس کی شدت

فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ

انہوں نے بھلائی سوچی ف۲۸ اور رہے ظالم ف۲۹

فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا

وہ جہنم کے ایندھن ہوئے ف۳۰ اور فرماؤ کہ مجھے یہ وحی ہوئی

عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾

کہ اگر وہ ف۳۱ راہ پر سیدھے رہتے ف۳۲ تو ضرور ہم انہیں وافر پانی

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ

دیتے ف۳۳ کہ اس پر انہیں جانچیں ف۳۴ اور جو اپنے رب کی یاد سے منہ پھیرے

يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ

ف۳۵ وہ اسے چڑھتے عذاب میں ڈالے گا ف۳۶ اور یہ کہ مسجدیں ف۳۷ اللہ ہی

فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ

کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو ف۳۸ اور یہ کہ جب اللہ کا

عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ

بندہ ف۳۹ اس کی بندگی کرنے کھڑا ہوا ف۴۰ تو قریب تھا کہ وہ جن اس پر ٹھٹھ

لِبَدًا ﴿۱۹﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ

کے ٹھٹھ ہو جائیں ف۴۱ تم فرماؤ میں تو اپنے رب ہی کی بندگی کرتا ہوں اور کسی کو اس کا

دم بدم بڑھے گی ف۳۷ یعنی وہ مکان جو نماز کیلئے بنائے گئے ف۳۸ جیسا کہ یہود و نصاریٰ کا طریقہ تھا کہ وہ اپنے گرجاؤں اور عبادت خانوں میں شرک کرتے تھے ف۳۹ یعنی سیدِ عالم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بطنِ نخلہ میں وقتِ فجر ف۴۰ یعنی نماز پڑھنے ف۴۱ کیونکہ انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت و تلاوت اور آپ کے اصحاب کی اقتداء نہایت عجیب اور پسندیدہ معلوم ہوئی اس سے پہلے انہوں نے کبھی ایسا منظر نہ دیکھا تھا اور ایسا بے مثل کلام نہ سنا تھا ف۴۲ جیسا کہ حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا تھا فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ف۴۳ یہ میرا فرض ہے جس کو انجام دیتا ہوں۔ ف۴۴ اور ان پر ایمان نہ لائے ف۴۵ وہ عذاب ف۴۶ کافر کی یا مومن کی کہ اس روز کافر کا کوئی [illegible]

بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّیْٓ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا

شریک نہیں ٹھہراتا تم فرماؤ میں تمہارے کسی برے بھلے کا مالک

وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ

نہیں تم فرماؤ ہرگز مجھے اللہ سے کوئی نہ

اللّٰهِ اَحَدٌ ۥ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

بچائے گا ف۴۲ اور ہرگز اس کے سوا کوئی پناہ نہ

مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ

پاؤں گا مگر اللہ کے پیام پہنچاتا اور اس کی رسالتیں ف۴۳

وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ

اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم نہ مانے ف۴۴ تو بیشک

نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾

ان کے لئے جہنم کی آگ ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں

حَتّٰٓی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ

یہاں تک کہ جب دیکھیں گے ف۴۵ جو وعدہ دیا جاتا ہے تو اب

مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾

جان جائیں گے کہ کس کا مددگار کمزور اور کس کی گنتی کم ف۴۶

نہ ہوگا اور مومن کی مدد اللہ تعالیٰ اور اس کے انبیاء اور ملائکہ سب فرمائیں گے۔

شانِ نزول نضر بن حارث نے کہا تھا کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اس کے جواب میں اگلی آیت نازل ہوئی

ف۴۷ یعنی وقتِ عذاب کا علم غیب ہے جسے اللہ تعالیٰ ہی جانے ف۴۸ یعنی اپنے غیب خاص پر جس کیساتھ وہ منفرد ہے (خازن و بیضاوی وغیرہ) ف۴۹ یعنی اطلاع کامل نہیں دیتا جس سے حقائق کا کشفِ تام اعلیٰ درجہ یقین کے ساتھ حاصل ہو

ف۵۰ تو انہیں غیوب پر مسلط کرتا ہے اور اطلاع کامل اور کشفِ تام عطا فرماتا ہے اور یہ علم غیب ان کے لئے معجزہ ہوتا ہے اولیاء کو بھی اگرچہ غیوب پر اطلاع دی جاتی ہے مگر انبیا کا علم باعتبارِ کشف و انجلا اولیاء کے علم سے بہت بلند و بالا و ارفع و اعلیٰ ہے اور اولیاء کے علوم انبیا ہی کے وساطت اور انہی

قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ

تم فرماؤ میں نہیں جانتا آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا

اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ

ہے یا میرا رب اسے کچھ وقفہ دے گا ف۴۷ غیب کا جاننے والا

فَلَا یُظْهِرُ عَلٰى غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ

تو اپنے غیب پر ف۴۸ کسی کو مسلط نہیں کرتا ف۴۹ سوائے

ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ

اپنے پسندیدہ رسولوں کے ف۵۰ کہ ان کے آگے

مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾

پیچھے پہرہ مقرر کر دیتا ہے ف۵۱

لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ

تاکہ دیکھ لے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیام پہنچا دیئے

وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ وَ اَحْصٰى كُلَّ

اور جو کچھ ان کے پاس ہے سب اس کے علم میں ہے اور اس نے

شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے ف۵۲

کے فیض سے ہوتے ہیں معتزلہ ایک گمراہ فرقہ ہے وہ اولیاء کیلئے علم غیب کا قائل نہیں اس کا خیال باطل اور احادیث کثیرہ کے خلاف ہے اور اس آیت سے ان کا تمسک صحیح نہیں بیان مذکورہ بالا میں اس کا اشارہ کر دیا گیا ہے سید الرسل خاتم الانبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مرتضیٰ رسولوں میں سب سے اعلیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام اشیاء کے علوم عطا فرمائے جیسا کہ صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہے اور یہ آیت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور تمام مرتضیٰ رسولوں کے لئے غیب کا علم ثابت کرتی ہے ف۵۱ فرشتوں کو جو ان کی حفاظت کرتے ہیں ف۵۲ اس سے ثابت ہوا کہ جمیع اشیاء معدود و محصور و متناہی ہیں۔

ع ۹ ۱۲

فضائلِ سُورۂ کہف

✪ رسولُ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو اس سُورۃ کو جمعہ کے دن پڑھے گا تو اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اس کے لئے روشنی ہوگی۔ (حاکم)

✪ ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ جو اس کی شروع کی دس آیتوں کو حفظ کرے گا وہ دجّال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (مسلم) نقش سُورۂ کہف یہ ہے:

۱۲ ۶۳ ۷۹	۱۲ ۶۳ ۸۲	۱۲ ۶۳ ۸۵	۱۲ ۶۳ ۷۱
۱۲ ۶۳ ۸۴	۱۲ ۶۳ ۷۲	۱۲ ۶۳ ۷۸	۱۲ ۶۳ ۸۳
۱۲ ۶۳ ۷۳	۱۲ ۶۳ ۸۷	۱۲ ۶۳ ۸۰	۱۲ ۶۳ ۷۷
۱۲ ۶۳ ۸۱	۱۲ ۶۳ ۷۶	۱۲ ۶۳ ۷۴	۱۲ ۶۳ ۸۶

✪ جو شخص کہ مبتلائے قرض ہو بعد نماز جمعہ سُورۂ کہف سات بار پڑھے، اور اللہ کے حضور رو رو کر دُعائیں کرے قرض اس کا اتر جائے گا اور وہ حیران ہو جائے گا۔ اور مداومت اختیار کرنے والا طاعون، برص، جذام، سے محفوظ رہے گا۔ اور واسطے زبان بندی، حفاظتِ بلیّات اور کشادگی رزق کے لئے ہر روز صبح کو پڑھیں اور اگر اس کا نقش لکھ کر پاس رکھیں تو دافع بلیّات ہے۔

✪ اصحابِ کہف کے کُتّے "قِطمیر" کا نام پڑھ کر مٹی پر دم کرے۔ کھیتی میں برکت ہو، چوہا، ٹڈی و دیگر موذی جانوروں سے کھیت محفوظ رہے۔

سورۃ کہف مکیۃ وھی مائۃ وعشر آیات واثنا عشر رکوعا

سورۂ کہف مکی ہے اس میں ایک سو دس آیات اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے ف۲ پر

الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ﴿۱﴾ قَيِّمًا

کتاب اتاری ف۳ اور اس میں اصلاً کجی نہ رکھی ف۴ عدل والی

لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ

کتاب کہ ف۵ اللہ کے سخت عذاب سے ڈرائے اور ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ

والوں کو جو نیک کام کریں بشارت دے کہ ان کے لئے

لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ﴿۳﴾ وَّ

اچھا ثواب ہے جس میں ہمیشہ رہیں گے اور

يُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿۴﴾ مَا

ان ف۶ کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنا کوئی بچہ بنایا اس

ف۱ اس سورۃ کا نام سورۂ کہف ہے یہ سورۃ مکیہ ہے اس میں ایک سو گیارہ آیتیں اور ایک ہزار پانچسو ستتر کلمے اور چھ ہزار تین سو ساٹھ حرف ہیں ف۲ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ف۳ یعنی قرآن پاک جو اس کی بہترین نعمت اور بندوں کے لئے نجات و فلاح کا سبب ہے ف۴ نہ لفظی نہ معنوی، نہ اس میں اختلاف نہ تناقض ف۵ کفار کو ف۶ کفار ف۷ خارج جاتی یہ بہتان اٹھاتے اور ایسی باطل بات بکتے ہیں ف۸ یعنی قرآن مجید پر ف۹ اس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تسلیِ قلب فرمائی گئی کہ آپ ان بے ایمانوں کے ایمان سے محروم رہنے پر اس قدر رنج و غم نہ کیجئے اور اپنی جان پاک کو اس غم سے ہلاکت میں نہ ڈالئے ف۱۰ رہ خواہ حیوان ہو یا نبات یا معادن یا انہار ف۱۱ اور کون زہد اختیار کرتا اور محرمات و ممنوعات سے بچتا ہے ف۱۲ اور آباد ہونے کے بعد ویران کردیں گے اور نبات و اشجار وغیرہ جو چیزیں زینت کی تھیں ان میں سے کچھ بھی باقی نہ رہے گا تو دنیا کی ناپائیدار زینت پر شیفتہ نہ ہو ف۱۳ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رقیم اس وادی کا نام ہے جس میں اصحاب کہف ہیں آیت میں ان اصحاب کی نسبت فرمایا کہ وہ ف۱۴ اپنی کافر قوم سے اپنا ایمان بچانے کے لئے ف۱۵ اور

ہدایت و نصرت اور رزق و مغفرت اور دشمنوں سے امن عطا فرما اصحابِ کہف قوی ترین اقوال یہ ہے کہ سات حضرات تھے اگرچہ ان کے ناموں میں کسی قدر اختلاف ہے لیکن حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت پر جو خازن میں ہے ان

لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ

بارے میں نہ وہ کچھ علم رکھتے ہیں نہ ان کے باپ دادا ف کتنا بڑا بول

كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ

ہے کہ ان کے منہ سے نکلتا ہے نرا جھوٹ کہہ رہے ہیں

اِلَّا كَذِبًا ۝۵ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى

تو کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے ان کے

اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

پیچھے اگر وہ اس بات پر ف۸ ایمان نہ لائیں غم سے

اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً

ف۹ بے شک ہم نے زمین کا سنگار کیا جو کچھ

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا

اس پر ہے ف۱۰ کہ انھیں آزمائیں ان میں کس کے کام بہتر ہیں ف۱۱ اور

لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸ ؕ اَمْ

بیشک جو کچھ اس پر ہے ایک دن ہم اسے پٹ پر میدان کر چھوڑیں گے ف۱۲ کیا

حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ

تمہیں معلوم ہوا کہ پہاڑ کی کھوہ اور جنگل کے کنارے والے ف۱۳

رَبُّهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَ

سے بہتر ف۱۷۱ ستھرا اور اس سے زیادہ مہربانی میں قریب عطا کرے ف۱۷۲

أَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي

رہی وہ دیوار وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی ف۱۷۳ اور اس

الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنْزٌ لَهُمَا وَكَانَ

کے نیچے ان کا خزانہ تھا ف۱۷۴ اور ان کا باپ نیک

أَبُوهُمَا صَالِحًا ۚ فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَبْلُغَا

آدمی تھا ف۱۷۵ تو آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی

أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً

جوانی کو پہنچیں ف۱۷۶ اور اپنا خزانہ نکالیں آپ کے رب

ارشاد فرمایا جاتا ہے کہ وہ ف۱۹۳ جانب مشرق میں ف۱۹۴ اس مقام پر جس کے اور آفتاب کے درمیان کوئی چیز پہاڑ درخت وغیرہ حائل نہ تھی نہ وہاں کوئی عمارت قائم ہوسکتی تھی اور وہاں کے لوگوں کا یہ حال تھا کہ طلوعِ آفتاب کے وقت غاروں میں گھس جاتے تھے اور زوال کے بعد نکل کر اپنا کام کاج کرتے تھے ف۱۹۵ فوج لشکر آلاتِ حرب سامان سلطنت اور بعض مفسرین نے فرمایا سلطنت و ملک داری کی قابلیت اور امورِ مملکت کے سرانجام کی لیاقت ف۱۹۶ مفسرین نے کذلک کے معنی میں یہ بھی کہا ہے کہ مراد یہ ہے کہ ذوالقرنین نے جیسا مغربی قوم کے ساتھ سلوک کیا تھا ایسا ہی اہلِ مشرق کے ساتھ بھی کیا کیونکہ یہ لوگ بھی انکی طرح کافر تھے جو ان میں سے ایمان لائے ان کے ساتھ احسان کیا اور جو کفر پر مُصر رہے ان کو تعذیب کی ف۱۹۷ جانب شمال میں (خازن) ف۱۹۸ کیونکہ ان کی زبان عجیب و غریب تھی ان کے ساتھ اشارہ وغیرہ کی مدد سے بہ مشقت بات کی جاسکتی تھی ف۱۹۹ یہ یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے فسادی گروہ ہیں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے زمین میں فساد کرتے تھے ربیع کے زمانے میں نکلتے تھے تو کھیتیاں اور سبزے سب کھا جاتے تھے کچھ نہ چھوڑتے تھے اور خشک چیزیں لاد کر لے جاتے تھے آدمیوں کو کھا لیتے تھے درندوں وحشی جانوروں بچھوؤں

ہم کو کھا جاتے تھے حضرت ذوالقرنین سے لوگوں نے ان کی شکایت کی کہ وہ ف تاکہ وہ ہم تک نہ پہنچ سکیں اور ہم ان سے ایذا سے محفوظ رہیں ف یعنی اللہ کے فضل سے میرے پاس مال کثیر اور ہر قسم کا سامان موجود ہے تم سے کچھ لینے کی حاجت نہیں ف اور جو کام میں بتاؤں وہ انجام دو ف ان لوگوں نے عرض کیا پھر ہمارے متعلق کیا خدمت ہے فرمایا ف اور بنیاد کھدوائی جب پانی تک پہنچی تو اس میں پتھر پگھلائے ہوئے تانبے سے جمائے گئے اور لوہے کے تختے اوپر نیچے چُن کر ان کے درمیان لکڑی اور کوئلہ بھروا دیا اور آگ دی اس طرح یہ دیوار پہاڑ کی بلندی تک اونچی کر دی گئی اور دونوں پہاڑوں کے درمیان کوئی جگہ نہ چھوڑی گئی اوپر سے پگھلایا ہوا تانبہ دیوار میں پلا دیا گیا یہ سب مل کر ایک سخت جسم بن گیا ف۲۰۵ ذوالقرنین نے کہ ف اور یاجوج ماجوج کے خروج کا وقت آپہنچے گا قریب قیامت ف۲۰ حدیث شریف میں ہے کہ یاجوج ماجوج روزانہ اس دیوار کو توڑتے ہیں اور دن بھر محنت کرتے کرتے جب اس کے توڑنے کے قریب ہوتے ہیں تو ان میں سے کوئی کہتا ہے اب چلو باقی کل توڑ لیں گے دوسرے روز جب آتے ہیں تو وہ بحکم الٰہی پہلے سے زیادہ مضبوط ہو جاتی ہے جب ان کے خروج کا وقت آئے گا تو ان میں کہنے والا کہے گا کہ اب چلو باقی دیوار کل توڑ لیں گے

مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ

کی رحمت سے اور یہ کچھ میں نے اپنے حکم سے نہ کیا ف۱۷۷

ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ ع

یہ پھیر ہے ان باتوں کا جس پر آپ سے صبر نہ ہو سکا ف۱۷۸

وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ

اور تم سے ف۱۷۹ ذوالقرنین کو پوچھتے ہیں ف۱۸۰ تم فرماؤ میں

سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ

تمہیں اس کا مذکور پڑھ کر سناتا ہوں بیشک ہم نے اسے

فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾

زمین میں قابو دیا اور ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا ف۱۸۱

فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

تو وہ ایک سامان کے پیچھے چلا ف۱۸۲ یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچا

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ

اسے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا پایا ف۱۸۳ اور وہاں ف۱۸۴

عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن

ایک قوم ملی ف۱۸۵ ہم نے فرمایا اے ذوالقرنین یا تو

اِن شاء اللہ، اِن شاء اللہ کہنے کا یہ ثمرہ ہوگا کہ اس دن کی محنت رائیگاں نہ جانے کی اور اگلے دن اسیں دیوار اتنی ٹوٹی ملے گی جتنی

تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ

تو انہیں عذاب دے ف۱۸۶ یا ان کے ساتھ بھلائی اختیار کرے ف۱۸۷ عرض کی

اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى

کہ وہ جس نے ظلم کیا ف۱۸۸ اسے تو ہم عنقریب سزا دیں گے ف۱۸۹ پھر اپنے رب

رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ

کی طرف پھیرا جائیگا ف۱۹۰ وہ اسے بری مار دیگا اور جو ایمان لایا

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ

اور نیک کام کیا تو اس کا بدلہ بھلائی ہے ف۱۹۱ اور عنقریب ہم

لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰٓى

اس سے آسان کام کہیں گے ف۱۹۲ پھر ایک سامان کے پیچھے چلا ف۱۹۳ یہاں تک

اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ

کہ جب سورج نکلنے کی جگہ پہنچا اسے ایسی قوم پر نکلتا پایا

لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾ كَذٰلِكَ

جن کے لئے ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہیں رکھی ف۱۹۴ بات یہی ہے

وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ

اور جو کچھ اس کے پاس تھا ف۱۹۵ سب کو ہمارا علم محیط ہے ف۱۹۶ پھر ایک

پہلے روز توڑ کے گئے تھے اب وہ نکل آئیں گے اور زمین میں فساد اٹھائیں گے قتل و غارت کریں گے اور چشموں کا پانی پی جائینگے جانوروں، درختوں اور جو آدمی ہاتھ آئیں گے ان کو کھا جائیں گے مکہ مکرمہ مدینہ طیبہ اور بیت المقدس میں داخل نہ ہوسکیں گے اللہ تعالیٰ بہ دعائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام انہیں ہلاک کرے گا اس طرح کہ ان کی گردنوں میں کیڑے پیدا ہوں گے جو انکی ہلاکت کا سبب ہوں گے ف۲۰۸ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یاجوج ماجوج کا نکلنا قریب قیامت کی علامت میں سے ہے۔ ف۲۰۹ یعنی تمام خلق کو عذاب و ثواب کے لئے روزِ قیامت ف۲۱۰ کہ اس کو صاف دیکھیں ف۲۱۱ اور وہ آیاتِ الٰہیہ اور قرآن و ہدایت و بیان اور دلائل قدرت و ایمان سے اندھے بنے رہے اور ان میں سے کسی چیز کو وہ نہ دیکھ سکے ف۲۱۲ اپنی بدبختی سے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ عداوت رکھنے کے باعث ف۲۱۳ مثل حضرت عیسیٰ علیہ السلام

صفت خرید و مالک کے ف۲۱۴ اور اس سے کچھ نفع پائیں گے یہ گمان فاسد ہے بلکہ وہ بندے ان سے بیزار ہیں اور بیشک ہم ان کے اس شرک پر عذاب کریں گے

ف۲۱۵ یعنی وہ کون لوگ ہیں جو عمل کرکے تھکے اور مشقتیں اٹھائیں اور یہ امید کرتے رہے کہ ان اعمال پر فضل و نوال سے نوازے جائیں گے مگر بجائے اس کے ہلاکت و بربادی میں پڑے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا وہ یہود و نصاریٰ ہیں بعض مفسرین نے کہا کہ وہ راہب لوگ ہیں جو صوامع میں عزلت گزین رہتے تھے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ لوگ اہلِ حرورا یعنی خوارج ہیں۔

ف۲۱۶ اور عمل باطل ہوگئے

ف۲۱۷ رسول و قرآن پر ایمان نہ لائے اور بعث و حساب و ثواب کے منکر رہے

ف۲۱۸ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ روزِ قیامت بعضے لوگ ایسے اعمال لائیں گے جو ان کے خیالوں میں مکہ مکرمہ کے پہاڑوں سے زیادہ بڑے ہوں گے لیکن جب وہ تولے جائیں گے تو ان میں وزن کچھ نہ ہوگا

سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ

سامان کے پیچھے چلا ف۱۹۷ یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے بیچ پہنچا ان سے

مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ

ادھر کچھ ایسے لوگ پائے کہ کوئی بات سمجھتے معلوم نہ ہوتے

قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَ

تھے ف۱۹۸ انہوں نے کہا اے ذوالقرنین بے شک یاجوج

مَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ

ماجوج ف۱۹۹ زمین میں فساد مچاتے ہیں تو کیا

نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا

ہم آپ کے لئے کچھ مال مقرر کردیں اس پر کہ آپ ہم میں اور ان میں

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ

ایک دیوار بنا دیں ف۲۰۰ کہا وہ جس پر مجھے میرے رب نے قابو دیا ہے

خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَ

بہتر ہے ف۲۰۱ تو میری مدد طاقت سے کرو ف۲۰۲ میں تم میں اور ان میں ایک مضبوط

بَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰۤى

آڑ بنا دوں ف۲۰۳ میرے پاس لوہے کے تختے لاؤ ف۲۰۴ یہاں تک

ف۲۱۹ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ سے مانگو

تو فردوس مانگو کیونکہ وہ جنتوں میں سب کے درمیان اور سب سے بلند ہے اور اس پر عرش رحمٰن ہے اور اسی سے جنت کی نہریں

إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا

کہ جب وہ دیوار دونوں پہاڑوں کے کناروں سے برابر کردی کہا دھونکو

حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ

یہاں تک کہ جب اُسے آگ کردیا کہا لاؤ میں اس پر گلا ہوا تانبہ

عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ

انڈیل دوں تو یاجوج و ماجوج اس پر نہ چڑھ سکے

وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا

اور نہ اس میں سوراخ کر سکے کہا ف ۲۰۵ یہ

رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي

میرے رب کی رحمت ہے پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا ف ۲۰۶

جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾

اُسے پاش پاش کردیگا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے ف ۲۰۷

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ

اور اس دن ہم انہیں چھوڑ دیں گے کہ ان کا ایک گروہ دوسرے پر ریلا آئے گا

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾

اور صور پھونکا جائے گا ف ۲۰۸ تو ہم سب کو ف ۲۰۹ اکٹھا کر لائیں گے اور

جاری ہیں حضرت قتادہ نے فرمایا کہ فردوس جنتوں میں سب سے اعلیٰ ہے اس میں نیکیوں کا حکم کرنے والے اور بدیوں سے روکنے والے عیش کریں گے ف ۲۲۰ جس طرح دنیا میں انسان کیسی ہی بہتر جگہ ہو اس سے اور اعلیٰ اور ارفع کی طلب رکھتا ہے یہ بات وہاں نہ ہوگی کیونکہ جانتے ہوں گے کہ فضلِ الٰہی سے انہیں بہت اعلیٰ و ارفع مکان و مکانت حاصل ہے ف ۲۲۱ یعنی اگر اللہ تعالیٰ کے علم و حکمت کے کلمات لکھے جائیں اور ان کے لئے تمام سمندروں کا پانی سیاہی بنا دیا جائے اور تمام خلق لکھے تو وہ کلمات ختم نہ ہوں اور یہ تمام پانی ختم ہو جائے اور اتنا ہی اور بھی ختم ہو جائے مدعا یہ ہے کہ اس کے علم و حکمت کی نہایت نہیں۔

شانِ نزول: حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ یہود نے کہا اے محمد آپ کا خیال ہے کہ ہمیں حکمت دی گئی

اور آپ کی کتاب میں ہے کہ جسے حکمت دی گئی اسے خیر کثیر دی گئی پھر آپ کیسے فرماتے ہیں کہ تمہیں نہیں دیا گیا مگر تھوڑا علم اس پر یہ

آیت کریمہ نازل ہوئی ایک قول یہ ہے کہ جب آیۃ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا نازل ہوئی تو یہود نے کہا کہ ہمیں

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾

ہم اس دن جہنم کافروں کے سامنے لائیں گے ف۲۱۰

الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ

وہ جن کی آنکھوں پر میری یاد سے پردہ پڑا تھا

ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾

ف۲۱۱ اور حق بات سن نہ سکتے تھے ف۲۱۲

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا

تو کیا کافر یہ سمجھتے ہیں کہ میرے بندوں کو

عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

ف۲۱۳ میرے سوا حمایتی بنالیں گے ف۲۱۴ بیشک ہم نے

جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

کافروں کی مہمانی کو جہنم تیار کر رکھی ہے تم فرماؤ کیا ہم تمہیں بتادیں کہ

بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ ۭ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ

سب سے بڑھ کر ناقص عمل کن کے ہیں ف۲۱۵ اُن کے جن کی ساری

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ

کوشش دنیا کی زندگی میں گم ہوگئی ف۲۱۶ اور وہ اس خیال میں ہیں

توریت کا علم دیا گیا اور اس میں ہر شے کا علم ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی مدعا یہ ہے کہ کل شے کا علم بھی علم الٰہی کے حضور قلیل ہے اور اتنی بھی نسبت نہیں رکھتا جتنی ایک قطرے کو سمندر سے ہو ف۲۲۲ کہ مجھ پر بشری اعراض و امراض طاری ہوتے ہیں در صورت خاصہ میں کوئی بھی آپ کا مثل نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حسن و صورت میں بھی سب سے اعلیٰ و بالا کیا اور حقیقت و روح و باطن کے اعتبار سے تو تمام انبیاء اوصاف بشر سے اعلیٰ ہیں جیسا کہ شفا قاضی عیاض میں ہے اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے اجسام و ظواہر تو حد بشریت پر چھوڑے گئے اور ان کے ارواح و بواطن بشریت سے بالا اور ملاء اعلیٰ سے متعلق ہیں شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ

ع ۱۹ / ۲

اللہ تعالیٰ علیہ نے سورۂ والضحیٰ کی تفسیر میں فرمایا کہ آپ کی بشریت کا وجود اصلاً نہ رہے اور غلبۂ انوار حق آپ پر علی الدوام حاصل ہو

أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

کہ ہم اچھا کام کر رہے ہیں یہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ

اپنے رب کی آیتیں اور اس کا ملنا نہ مانا ف۲۱۷ تو ان کا کیا دھرا سب

أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اکارت ہے تو ہم ان کے لئے قیامت کے دن کوئی تول قائم نہ کریں گے

وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا

ف۲۱۸ یہ ان کا بدلہ ہے جہنم اس پر کہ انہوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ إِنَّ

اور میری آیتوں اور میرے رسولوں کی ہنسی بنائی بیشک

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ

جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے فردوس

لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خَالِدِينَ

کے باغ ان کی مہمانی ہے ف۲۱۹ وہ ہمیشہ

فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَوْ

ان ہی میں رہیں گے ان سے جگہ بدلنا نہ چاہیں گے ف۲۲۰ تم فرما دو اگر

بہر حال آپ کی ذات و کمالات میں آپ کا کوئی بھی مثل نہیں اس آیت کریمہ میں آپ کو اپنی ظاہری صورت بشریہ کے بیان کا اظہار تواضع کیلئے حکم فرمایا گیا یہی فرمایا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے (خازن) مسئلہ: کسی کو جائز نہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے مثل البشر کہے کیوں کہ جو کلمات اصحاب عزت و عظمت بہ طریق تواضع فرماتے ہیں ان کا کہنا دوسروں کے لئے روا نہیں ہوتا دوم یہ کہ جس کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فضائل جلیلہ و مراتب رفیعہ عطا فرمائے ہوں اس کے ان فضائل و مراتب کا ذکر چھوڑ کر ایسے وصف عام سے ذکر کرنا جو ہر کہہ و مہ میں پایا جائے ان کمالات کے نہ ماننے کا مشعر ہے سوم یہ کہ قرآن کریم میں جا بجا کفار کا طریقہ بتایا گیا ہے کہ وہ انبیاء کو اپنے مثل بشر کہتے

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ

سمندر میرے رب کی باتوں کے لئے سیاہی ہو تو ضرور سمندر ختم

الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ

ہوجائیں گے اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم

جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا

ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں ف۲۲۱ تم فرماؤ ظاہر صورت بشری

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ

میں تو میں تم جیسا ہوں ف۲۲۲ مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ

ہی معبود ہے ف۲۲۳ تو جسے اپنے رب سے ملنے کی امید ہو

رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ

اسے چاہیئے کہ نیک کام کرے اور اپنے رب

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع

کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے ف۲۲۴

تھے اور اسی سے گمراہی میں مبتلا ہوئے پھر اس کے بعد آیت یُوْحٰۤى اِلَیَّ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مخصوص بالعلم اور مکرم عند اللہ ہونے کا بیان ہے ف۲۲۳ اس کا کوئی شریک نہیں ف۲۲۴ شرکِ اکبر سے بھی بچے اور ریا سے بھی جس کو شرکِ اصغر کہتے ہیں مسلم شریف میں ہے کہ جو شخص سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں حفظ کرے اللہ تعالیٰ اس کو فتنۂ دجال سے محفوظ رکھے گا یہ بھی حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سورۂ کہف کو پڑھے وہ آٹھ روز تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

ع ۱۲ ۲

سُورَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۂ طارق مکیہ ہے اور اس میں سترہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ① وَمَآ اَدْرٰىكَ

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی ف۲ اور کچھ تم نے جانا

مَا الطَّارِقُ ② النَّجْمُ الثَّاقِبُ ③ اِنْ

رات کو آنے والا کیا ہے خوب چمکتا تارا کوئی

كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ④ فَلْيَنْظُرِ

جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو ف۳ تو چاہئے کہ

الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ⑤ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا ف۴ جست کرتے پانی

دَافِقٍ ⑥ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَ

سے ف۵ جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کے بیچ

التَّرَآئِبِ ⑦ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ⑧

سے ف۶ بیشک اللہ اس کے واپس کردینے پر ف۷ قادر ہے

ف۱ سورۃ الطارق مکیہ ہے اس میں ایک رکوع سترہ آیتیں، اکسٹھ کلمے دو سو انتالیس حرف ہیں ف۲ یعنی ستارے کی جو رات کو چمکتا ہے شانِ نزول ایک شب سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ابو طالب کچھ ہدیہ لائے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کو تناول فرما رہے تھے اس درمیان میں ایک تارا ٹوٹا اور تمام فضا آگ سے بھر گئی ابو طالب گھبرا کر کہنے لگے یہ کیا ہے سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ستارہ ہے جس سے شیاطین مارے جاتے ہیں اور یہ قدرتِ الٰہی کی نشانیوں میں سے ہے ابو طالب کو اس سے تعجب ہوا اور یہ سورت نازل ہوئی ف۳ اس کے رب کی طرف سے جو اس کے اعمال کی نگہبانی کرے اور اس کی نیکی بدی سب لکھ لے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مراد اس سے فرشتے ہیں ف۴ تاکہ وہ جان لے کہ اس کا پیدا کرنے والا اس کو بعد موت جزا کے لئے زندہ کرنے پر قادر ہے پس اس کو روزِ جزا کے لئے عمل کرنا چاہئے ف۵ یعنی مرد و عورت کے نطفوں سے جو رحم میں مل کر ایک ہو جاتے ہیں ف۶ یعنی مرد کی پشت سے اور عورت کے سینہ کے مقام سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا سینہ کے اس مقام سے جہاں ہار پہنا جاتا ہے اور انہیں سے منقول ہے کہ عورت کی دونوں چھاتیوں کے درمیان سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ منی انسان کے

تمام اعضاء سے برآمد ہوتی ہے اور اس کا زیادہ حصہ دماغ سے مرد کی پشت میں آتا ہے اور عورت کے بدن کے اگلے حصہ کی بہت سی رگوں میں جو سینہ کے مقام پر ہیں نازل ہوتا ہے اسی لئے ان دونوں مقاموں کا ذکر خصوصیت سے فرمایا گیا ف یعنی موت کے

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ

جس دن چھپی باتوں کی جانچ ہوگی ف۸ تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور

قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ

ہوگا اور نہ کوئی مددگار ف۹ آسمان کی قسم جس سے مینھ

الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾

اترتا ہے ف۱۰ اور زمین کی جو اس سے کھلتی ہے ف۱۱

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾

بیشک قرآن ضرور فیصلہ کی بات ہے ف۱۲ اور کوئی ہنسی کی بات نہیں ف۱۳

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ

بیشک کافر اپنا سا داؤں چلتے ہیں ف۱۴ اور میں اپنی

كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ

خفیہ تدبیر فرماتا ہوں ف۱۵ تو تم کافروں کو ڈھیل دو ف۱۶ انہیں کچھ

رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾

تھوڑی مہلت دو ف۱۷

بعد زندگی کی طرف لوٹا دینے پر ف۸ چھپی باتوں سے مراد عقائد اور نیتیں اور وہ اعمال ہیں جن کو آدمی چھپاتا ہے روزِ قیامت اللہ تعالیٰ ان سب کو ظاہر کردے گا ف۹ یعنی جو آدمی منکرِ بعث ہے نہ اس کو ایسی قوت ہوگی جس سے عذاب کو روک سکے نہ اس کا کوئی ایسا مددگار ہوگا جو اسے بچا سکے ف۱۰ جو ارضی پیداوار نباتات و اشجار کے لئے مثل باپ کے ہے ف۱۱ اور نباتات کیلئے مثل ماں کے ہے اور یہ دونوں اللہ تبارک و تعالیٰ کی عجیب نعمتیں ہیں اور ان میں قدرتِ الٰہی کے بیشمار آثار نمودار ہیں جن میں غور کرنے سے آدمی کو بعث بعد الموت کے بہت سے دلائل ملتے ہیں ف۱۲ کہ حق و باطل میں فرق و امتیاز کر دیتا ہے ف۱۳ جو کچھ اور بے کار ہو ف۱۴ اور دینِ الٰہی کے مٹانے اور نورِ حق کو بجھانے اور سید عالم صلی

ع ۱۴ ۱۱

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے کے لئے طرح طرح کے داؤں کرتے ہیں ف۱۵ جس کی انہیں خبر نہیں ف۱۶ اے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ف۱۷ چند روز کی کہ وہ عنقریب ہلاک کئے جائیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور بدر میں انہیں عذابِ الٰہی نے پکڑا اور نسخ الاِمْہال بِاٰیۃ السَّیف۔

ف سُورَةُ الكٰفِرُوْنَ مکیہ ہے، اس میں ایک رکوع چھ آیتیں، چھبیس کلمے، چورانوے حروف ہیں۔ شانِ نزول، قریش کی ایک جماعت نے سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ آپ ہمارے دین کا اتباع کیجئے، ہم آپ کے دین کا اتباع کریں گے۔ ایک سال آپ ہمارے معبودوں کی عبادت کریں ایک سال ہم آپ کے معبود کی عبادت کریں گے سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی پناہ کہ میں اس کے ساتھ غیر کو شریک کروں کہنے لگے تو آپ ہمارے کسی معبود کو ہاتھ ہی لگا دیجئے ہم آپ کی تصدیق کر دینگے اور آپ کے معبود کی عبادت کریں گے اس پر یہ سورۂ شریفہ نازل ہوئی اور حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجدِ حرام میں تشریف لے گئے وہاں قریش کی وہ جماعت موجود تھی۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سورۃ انہیں پڑھ کر سُنائی تو وہ مایوس ہو گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اور حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے درپے ایذا ہوئے ف۲ مخاطب یہاں مخصوص کافر ہیں جو علمِ الٰہی میں ایمان سے محروم ہیں ف۳ یعنی تمہارے لئے تمہارا کفر اور میرے لئے میری توحید اور میرا اخلاص اور مقصود اس سے تہدید ہے (وھٰذہ الاٰیۃ منسوخۃ باٰیۃ القتال)

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۂ کٰفرون مکی ہے اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① لَاۤ اَعْبُدُ مَا

تم فرماؤ اے کافرو ف۲ نہ میں پوجتا ہوں

تَعْبُدُوْنَ ② وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ

جو تم پوجتے ہو اور نہ تم پوجتے ہو جو میں پوجتا

اَعْبُدُ ③ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ④

ہوں اور نہ میں پوجوں گا جو تم نے پوجا

وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ⑤ لَكُمْ

اور نہ تم پوجو گے جو میں پوجتا ہوں تمہیں

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ⑥ ع

تمہارا دین اور مجھے میرا دین ف۳

ف۱ سورۂ ابی لہب مکیہ ہے اس میں ایک رکوع پانچ آیتیں بیس کلمے ستتر حرف ہیں۔ شانِ نزول جب حضور نے کوہِ صفا پر عرب لوگوں کو دعوت دی ہر طرف سے لوگ آئے اور حضور نے ان سے اپنے صدق و امانت کی شہادتیں لینے کے بعد فرمایا اِنِّیْ لَکُمْ نَذِیْرٌ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ اس پر ابولہب نے حضور سے کہا تھا کہ تم تباہ ہو جاؤ کیا تم نے ہمیں اس لئے جمع کیا تھا اس پر یہ سورۃ نازل ہوئی اور اللہ نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جواب دیا۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۂ لہب مکی ہے اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿۱﴾ مَآ

تباہ ہو جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ تباہ ہو ہی گیا ف۲ اسے

اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ﴿۲﴾ سَيَصْلٰى

کچھ کام نہ آیا اس کا مال اور نہ جو کمایا ف۳ اب دھنستا

نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴿۳﴾ وَّامْرَاَتُهٗ

ہے لپٹ مارتی آگ میں وہ اور اس کی جورو ف۴

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿۴﴾ فِيْ جِيْدِهَا

لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھاتی اس کے گلے میں کھجور

حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿۵﴾

کی چھال کا رسا ف۵

ف۲ ابولہب کا نام عبدالعزّٰی ہے یہ عبدالمطلب کا بیٹا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا تھا بہت گورا خوبصورت تھا اسی لئے اس کی کنیت ابولہب ہے اور اسی کنیت سے وہ مشہور تھا دونوں ہاتھوں سے مراد اس کی ذات ہے

ف۳ یعنی اسکی اولاد مروی ہے کہ ابولہب نے جب پہلی آیت سنی تو کہنے لگا جو کچھ میرے بھتیجے کہتے ہیں اگر سچ ہے تو میں اپنی جان کے لئے مال و اولاد کو فدیہ کر دوں گا اس آیت میں اس کا رد فرمایا گیا کہ یہ خیال غلط ہے اس وقت کوئی چیز کام آنے والی نہیں۔

ع ۱ ۵ ۲۶

ف۴ ام جمیل بنت حرب بن امیہ ابوسفیان کی بہن جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نہایت عناد و عداوت رکھتی تھی اور باوجودیکہ بہت دولتمند اور بڑے گھرانے کی تھی لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت میں انتہا کو پہنچی تھی کہ خود اپنے سر پر کانٹوں کا گٹھا لا کر حضور کے راستہ میں ڈالتی تاکہ حضور کو اور حضور کے اصحاب کو تکلیف ہو اور حضور کی ایذا رسانی اس کو اتنی پیاری تھی کہ وہ اس کام میں کسی دوسرے سے مدد لینا بھی گوارہ نہ کرتی تھی ف۵ جس سے کانٹوں کا گٹھا باندھتی تھی ایک روز یہ بوجھ اٹھا کر لا رہی تھی کہ تھک کر آرام لینے کے لئے ایک پتھر پر بیٹھ گئی ایک فرشتے نے بحکم الٰہی اس کے پیچھے سے اس گٹھے کو کھینچا وہ گرا اور رسی سے گلے میں پھانسی لگ گئی اور وہ مر گئی۔

فضائل سورہ اِخلاص، فلق، ناس

✪ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم آرام فرمانے کے لئے لیٹتے تو دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر سُورۂ اخلاص، سُورۂ فلق، سُورۂ ناس پڑھ کر دم کرتے اور بدن کے جس حصے تک ہاتھ پہنچے وہاں ہاتھ پھیرتے لیکن ہاتھ پھیرنے کی ابتداء سر اور چہرے سے ہوتی اور جسم کے اگلے حصے سے۔ اور اسی طرح تین مرتبہ یہ عمل کرتے تھے۔

✪ عبداللہ کہتے ہیں بارش کی رات میں ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں نکلے، جب ہم آپ کی خدمت میں پہنچے تو آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا صبح شام تین تین مرتبہ سُورۂ فلق، اور سُورۂ ناس پڑھا کرو، یہ ہر بلا کو دفع کرنے کے لئے کافی ہوں گی۔ (ترمذی)

✪ سُورۂ اخلاص کا نقش بیمار کو لکھ کر اور دھو کر پلائیں اسے صحت ہو۔

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۳
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۳
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۵

اس کا نقش بچے کے گلے میں باندھیں تو بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

✪ سُورۂ فلق کا بلاناغہ پڑھنے والا تمام آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہتا ہے۔ نیز دشمنوں کے شر سے حفاظت اور مسحور سو بار پڑھے تو خلاصی پائے۔

✪ جو سورۂ ناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اُس پر کسی کا سحر نہ چلے اور بلا سے محفوظ رہے۔ اس کا نقش لکھ کر پاس رکھے۔ تمام پریشانیاں رفع ہوں۔

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۳۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

ف۱ سورۂ اخلاص مکیۃ و بقولے مدنیہ ہے اس میں ایک رکوع چار یا پانچ آیتیں پندرہ کلمے سینتالیس حرف ہیں اور احادیث میں اس سورت کی بہت فضیلتیں وارد ہوئی ہیں اس کو تہائی قرآن کے برابر فرمایا گیا ہے یعنی تین مرتبہ اس کو پڑھا جائے تو پورے قرآن مجید کی تلاوت کا ثواب ملے ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھے اس سورت سے بہت محبت ہے فرمایا اس کی محبت تجھے جنت میں داخل کریگی (ترمذی شریف) شانِ نزول: کفارِ عرب نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ ربُّ العزت عزّ و علا تبارک و تعالیٰ کے متعلق طرح طرح کے سوال کئے کوئی کہتا تھا کہ اللہ کا نسب کیا ہے کوئی کہتا تھا کہ وہ سونے کا ہے یا چاندی کا ہے یا لوہے کا ہے یا لکڑی کا ہے کس چیز کا ہے کسی نے کہا وہ کیا کھاتا ہے کیا پیتا ہے رُبوبیت اس نے کس سے ورثہ میں پائی اور اس کا کون وارث ہوگا ان کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی اور اپنی ذات و صفات کا بیان فرما کر معرفت کی راہ واضح کی اور جاہلانہ خیالات و اوہام کی تاریکیوں کو جن میں وہ لوگ گرفتار تھے اپنی ذات و صفات کے انوار کے بیان سے مضمحل کر دیا ف۲ رُبوبیت و اُلوہیت میں صفات عظمت و کمال کے ساتھ موصوف ہے مثل و نظیر و شبیہ سے پاک ہے اس کا کوئی شریک نہیں ف۳ ہر چیز سے، نہ کھائے نہ پئے ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا ف۴ کیونکہ کوئی اس کا

سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُ آيَاتٍ

سورۂ اخلاص مکی ہے اس میں چار آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ﴿۱﴾

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے ف۲

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ

اللہ بے نیاز ہے ف۳ نہ اسکی کوئی اولاد ف۴

وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ

اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ف۵ اور نہ اس کے

لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ﴿۴﴾

جوڑ کا کوئی ہے ف۶

مجانس نہیں ف۵ کیونکہ وہ قدیم ہے اور پیدا ہونا حادث کی شان ہے ف۶ یعنی کوئی اس کا ہمتا و عدیل نہیں، اس سورت کی چند آیتوں میں علم الٰہیات کے نفیس و اعلیٰ مطالب بیان فرما دیئے گئے جن کی تفصیلات سے کتب خانے کے کتب خانے لبریز ہو جائیں۔

ف۱ سورۂ فلق مدنیہ ہے اور ایک قول یہ ہے کہ مکیہ ہے (وَالْاَوَّلُ اَصَحُّ) اس سورت میں ایک رکوع پانچ آیتیں تیئس کلمے چوہتر حرف ہیں شانِ نزول : یہ سورت اور سورۃ الناس جو اس کے بعد ہے یہ اُس وقت نازل ہوئی جبکہ لبید بن اعصم یہودی اور اس کی بیٹیوں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر جادو کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک اور اعضاء ظاہرہ پر اس کا اثر ہوا قلب عقل واعتقاد پر کچھ اثر نہ ہوا چند روز کے بعد جبریل آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ ایک یہودی نے آپ پر جادو کیا ہے اور جادو کا جو کچھ سامان ہے وہ فلاں کنوئیں میں ایک پتھر کے نیچے داب دیا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا انہوں نے کوئیں کا پانی نکالنے کے بعد پتھر اٹھایا اس کے نیچے سے کھجور کے گابھے کی تھیلی برآمد ہوئی اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے شریف جو کنگھی سے برآمد ہوئے تھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنگھی کے چند دندانے اور ایک ڈورا یا کمان کا چلہ جس میں گیارہ گرہیں لگی تھیں اور ایک موم کا پتلا جس میں گیارہ سوئیاں چبھی تھیں یہ سب سامان پتھر کے نیچے سے نکلا اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر کیا گیا اللہ تعالیٰ نے یہ دونوں سورتیں نازل فرمائیں ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں پانچ سورۂ فلق میں ہر ایک آیت کے پڑھنے کے ساتھ ایک گرہ کھلتی جاتی تھی (بقیہ ۱۲۹ پر)

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۂ فلق مدنی ہے اس میں پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ

تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے ف۲ اس کی

شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

سب مخلوق کے شر سے ف۳ اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے

اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

جب وہ ڈوبے ف۴ اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں

فِى الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

پھونکتی ہیں ف۵ اور حسد والے کے شر سے جب وہ

اِذَا حَسَدَ ۝۵ ع

مجھ سے جلے ف۶

ع ۵ / ۲۸

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۂ ناس مدنی ہے اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے ف۱

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ

تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب ف۲ سب

النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ

لوگوں کا بادشاہ ف۳ سب لوگوں کا خدا ف۴ اس کے

الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْ

شر سے جو دل میں برے خطرے ڈالے ف۵ اور دبک رہے ف۶

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ

وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

جن اور آدمی ف۷

ف۱ سورۃ الناس بقول اصح مدنیہ ہے اس میں ایک رکوع چھ آیتیں بیس کلمے اناسی حرف ہیں ف۲ سب کا خالق مالک ذکر میں انسانوں کی تخصیص ان کی تشریف کے لئے ہے کہ انھیں اشرف المخلوقات کیا ف۳ ان کے کاموں کی تدبیر فرمانے والا ف۴ کہ الٰہ اور معبود ہونا اسی کے ساتھ خاص ہے ف۵ مراد اس سے شیطان ہے ف۶ یہ اس کی عادت ہی ہے کہ انسان جب غافل ہوتا ہے تو اس کے دل میں وسوسے ڈالتا ہے اور جب انسان اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان دبک رہتا ہے اور ہٹ جاتا ہے ف۷ یہ بیان ہے وسوسے ڈالنے والے شیطان کا کہ وہ جنوں میں سے بھی ہوتا ہے اور انسانوں میں سے بھی جیسا شیاطین جن انسانوں کو وسوسے میں ڈالتے ہیں ایسے ہی شیاطین انس بھی ناصح بن کر آدمی کے دل میں وسوسے ڈالتے ہیں پھر اگر آدمی ان وسوسوں کو مانتا ہے تو اس کا سلسلہ بڑھ جاتا ہے اور خوب گمراہ کرتے ہیں اگر اس سے متنفر ہوتا ہے تو ہٹ جاتے ہیں اور دبک جاتے ہیں آدمی کو چاہئے کہ شیاطین جن کے شر سے بھی پناہ مانگے اور شیاطین انس کے شر سے بھی۔ بخاری و مسلم کی حدیث ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب کو جب بستر پر تشریف لاتے تو اپنے دونوں ہاتھ جمع فرما کر ان میں دم کرتے اور سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۃ الناس پڑھ کر اپنے ہاتھوں کو سر سے لے کر تمام جسم اقدس پر پھیرتے جہاں تک دست مبارک پہنچ سکتے یہ عمل تین مرتبہ فرماتے۔

فضائلِ سُورۂ فاتحہ

✪ حضرت سائب بن یزید روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ پر سُورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا اور فرمایا کہ سُورۂ فاتحہ ہر بیماری کے لئے شفا ہے۔ (بیہقی) ایک صحابی نے سانپ کے کاٹے ہوئے پر دم کیا اور وہ اچھا ہوگیا۔ ایک روایت میں ہے قرآن مجید سب دواؤں سے بہتر دوا ہے۔ (ابنِ ماجہ) ھر سورۃ قرآن مجید ہے اور تمام سُورتوں میں بزرگ تر الحمد شریف ہے۔

✪ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم سُورۂ فاتحہ اور سُورۂ اخلاص پڑھ لو تو سوائے موت کے ہر آفت سے مامون ہو جاؤ گے۔ (بزار)

✪ جو شخص سُنت و فرض کے درمیان فجر کی نماز میں سُورۂ فاتحہ، مع بسم اللہ چالیس بار پڑھ کر کسی بیمار کے منھ پر دم کرے تو اللہ تعالیٰ اس سُورۃ کی برکت سے اس کو صحت کلی عطا فرمائے گا۔ اس کے نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھنا باعثِ شفا ہے۔

۲۲۵۲	۲۲۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵
۲۲۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۲۷۰
۲۲۶۳	۲۳۶۶	۲۳۷۳	۲۳۸۹
۲۳۷۲	۲۳۶۰	۲۳۶۳	۲۳۶۷

✪ سُورۂ فاتحہ ستو مرتبہ پڑھ کر جو دُعا مانگے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ (دارمی) ہر ذی شان کام کے شروع میں بسم اللہ کی طرح سُورۂ فاتحہ بھی پڑھنا چاہیئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی حبیبہ الکریم سورۂ فاتحہ کے اسماء اس سورۃ کے متعدد نام ہیں: فاتحہ، فاتحۃ الکتاب، ام القرآن، سورۃ الکنز، کافیہ، وافیہ، شافیہ، شفاء، سبع مثانی، نور، رقیہ، سورۃ الحمد، سورۃ الدعا، تعلیم المسئلہ، سورۃ المناجاۃ، سورۃ التفویض، سورۃ السوال، ام الکتاب، فاتحۃ القرآن، سورۃ الصلوٰۃ

اس سورۃ میں سات آیتیں ستائیس کلمے، ایک سو چالیس حرف ہیں، کوئی آیت ناسخ یا منسوخ نہیں شانِ نزول یہ سورۃ مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ یا دونوں میں نازل ہوئی عمرو بن شرحبیل سے منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہؓ سے فرمایا میں ایک ندا سنا کرتا ہوں جس میں اقرأ کہا جاتا ہے۔ ورقہ بن نوفل کو خبر دی گئی عرض کیا جب ندا آئے آپ اطمینان سے سنیں اس کے بعد حضرت جبریلؑ نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کیا، فرمائیے بسم اللہ الرحمن الرحیم اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نزول میں یہ پہلی سورۃ ہے مگر دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے سورۂ اقرأ نازل ہوئی، اس سورۃ میں تعلیماً بندوں کی زبان میں کلام فرمایا گیا ہے احکام مسئلہ: نماز میں اس سورۃ کا پڑھنا واجب ہے امام و منفرد کیلئے تو حقیقۃً اپنی زبان سے اور مقتدی کے لئے بقراءتِ حکمیہ یعنی امام کی زبان سے صحیح حدیث میں ہے قِرَاءَةُ الْإِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ امام کا پڑھنا ہی مقتدی کا پڑھنا ہے۔ قرآن پاک میں مقتدی کو خاموش رہنے اور امام کی قرأت سننے کا حکم دیا ہے اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا

بقیہ

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ

سورۂ فاتحہ مکی ہے اس میں سات آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۟ۙ (۱) الرَّحْمٰنِ

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بہت مہربان

الرَّحِیْمِ ۟ۙ (۲) مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۟ؕ (۳) اِیَّاكَ

رحم والا روزِ جزا کا مالک ہم تجھی کو

نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۟ؕ (۴) اِهْدِنَا

پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں ہم کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۟ۙ (۵) صِرَاطَ الَّذِیْنَ

سیدھا راستہ چلا راستہ ان کا

اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

جن پر تو نے احسان کیا نہ ان کا جن پر غضب ہوا

عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۟ (۷)

اور نہ بہکے ہوؤں کا

مُسلم شریف کی حدیث ہے اِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا جب امام قرات کرے تم خاموش رہو اور بہت احادیث میں یہی مضمون ہے۔
مَسْئَلَہ نمازِ جنازہ میں دُعا یاد نہ ہو تو سورۂ فاتحہ بہ نیت دُعا پڑھنا جائز ہے بہ نیت قرات جائز نہیں (عالمگیری) سُورۂ
فاتحہ کے فضائل: احادیث میں اس سورۃ کی بہت سی فضیلتیں وارد ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا توریت و انجیل و زبور
میں اس کی مثل سُورت نہ نازل ہوئی (ترمذی) ایک فرشتہ نے آسمان سے نازل ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کیا
اور دو ایسے نوروں کی بشارت دی جو حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے کسی نبی کو عطا نہ ہوئے ایک سورۂ فاتحہ، دوسرے سورۂ
بقرہ کی آخری آیتیں (مُسلم شریف) سورۂ فاتحہ ہر مرض کے لئے شفا ہے (دارمی) سورۂ فاتحہ سو مرتبہ پڑھ کر جو دُعا مانگے اللہ تعالیٰ
قبول فرماتا ہے (دارمی)۔ استعاذہ، مَسْئَلَہ: تلاوت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھنا سُنت ہے
(خازن) لیکن شاگرد استاد سے پڑھتا ہو تو اس کے لئے سُنت نہیں (شامی) مَسْئَلَہ: نماز میں امام و منفرد کے لئے سُبحان
سے فارغ ہو کر آہستہ اَعُوْذُ الخ پڑھنا سُنت ہے (شامی) تسمیہ مَسْئَلَہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قرآن پاک کی
آیت ہے، مگر سورۂ فاتحہ یا اور کسی سورۃ کا جزو نہیں، اسی لئے نماز میں جہر کے ساتھ نہ پڑھی جائے۔ بخاری و مسلم میں مروی
ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نماز اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
سے شروع فرماتے تھے مَسْئَلَہ: تراویح میں جو ختم کیا جاتا ہے اس میں کہیں ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ جہر کے ساتھ ضرور
پڑھی جائے تاکہ ایک آیت باقی نہ رہ جائے مَسْئَلَہ: قرآن پاک کی ہر سورۃ بِسْمِ اللّٰهِ سے شروع کی جائے سوائے
سورۂ برات کے مَسْئَلَہ: سورۂ نمل میں آیت سجدہ کے بعد جو بِسْمِ اللّٰهِ آئی ہے وہ مستقل آیت نہیں بلکہ جزو آیت
ہے۔ بلاخلاف اس آیت کے ساتھ ضرور پڑھی جائے گی نماز جہری میں جہراً، سری میں سراً مَسْئَلَہ: ہر مباح کام
بِسْمِ اللّٰهِ سے شروع کرنا مستحب ہے۔ ناجائز کام پر بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنا ممنوع ہے۔ سورۂ فاتحہ کے مضامین اس سورۃ
میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا: ربوبیت، رحمت، مالکیت، استحقاقِ عبادت، توفیقِ خیر، بندوں کی ہدایت، توجہ الی اللہ،
اختصاصِ عبادت، استعانت طلب رشد، آدابِ دعا، صالحین کے حال سے موافقت، گمراہوں سے اجتناب و نفرت، دُنیا
کی زندگانی کا خاتمہ، جزاء، اور روزِ جزا کا صریح و مفصل بیان ہے اور جملہ مسائل کا اجمالاً حمد۔ مَسْئَلَہ: ہر کام کی ابتداء میں
تسمیہ کی طرح حمد الٰہی بجالانا چاہئے مَسْئَلَہ: کبھی حمد واجب ہوتی ہے جیسے خطبۂ جمعہ میں، کبھی مستحب جیسے خطبۂ نکاح و
دُعا و ہر امر ذیشان میں اور ہر کھانے پینے کے بعد، کبھی سُنتِ مؤکدہ جیسے چھینک آنے کے بعد (طحاوی) رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
میں تمام کائنات کے حادث، ممکن، محتاج ہونے اور اللہ تعالیٰ کے واجب، قدیم ازلی ابدی حی قیوم قادر علیم ہونے کی طرف
اشارہ ہے جن کو رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مستلزم ہے۔ دو لفظوں میں علمِ الٰہیات کے اہم مباحث طے ہو گئے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ
ملک کے ظہور تام کا بیان اور یہ دلیل ہے کہ اللہ کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں کیونکہ سب اس کے مملوک ہیں اور مملوک مستحق
عبادت نہیں ہو سکتا اسی سے معلوم ہوا کہ دُنیا دار العمل ہے اور اس کے لئے ایک آخر ہے جہان کے سلسلہ کو ازلی و قدیم کہنا باطل
ہے اختتام دُنیا کے بعد ایک جزاء کا دن ہے اس سے تناسخ باطل ہو گیا اِيَّاكَ نَعْبُدُ ذکر ذات و صفات کے بعد یہ فرمانا
اشارہ کرتا ہے کہ اعتقاد عمل پر مقدم ہے اور عبادت کی مقبولیت عقیدے کی صحت پر موقوف ہے مَسْئَلَہ: نَعْبُدُ کے
صیغۂ جمع سے ادا بجماعت بھی مستفاد ہوتی ہے اور یہ بھی کہ عوام کی عبادتیں محبوبوں اور مقبولوں کی عبادتوں کے ساتھ درجۂ قبول پاتی
ہیں مَسْئَلَہ: اس میں ردِ شرک بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کسی کے لئے نہیں ہو سکتی وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ میں یہ
تعلیم فرمائی کہ استعانت خواہ بواسطہ ہو یا بے واسطہ ہر طرح اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے حقیقی مستعان وہی ہے۔ باقی آلات و
خدام و احباب وغیرہ سب عونِ الٰہی کے مظہر ہیں بندے کو چاہئے کہ اس پر نظر رکھے اور ہر چیز میں دستِ قدرت کو کارکن

ف۵ اس سے یہ سمجھنا کہ اولیاء و انبیاء سے مدد چاہنا شرک ہے عقیدۂ باطلہ ہے کیونکہ مقربان حق کی امداد، امداد الٰہی ہے استعانت بالغیر نہیں اگر اس آیت کے وہ معنی ہوتے جو وہابیہ نے سمجھے تو قرآن پاک میں اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ اور اِسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ کیوں وارد ہوتا اور احادیث میں اہل اللہ سے استعانت کی تعلیم کیوں دی جاتی اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ معرفت ذات و صفات کے بعد عبادت اس کے بعد دُعا، تعلیم فرمائی اس سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ بندے کو عبادت کے بعد مشغول دعا ہونا چاہئے۔ حدیث شریف میں بھی نماز کے بعد دعا کی تعلیم فرمائی گئی (الطبرانی فی الکبیر و البیہقی فی السنن) صِرَاطِ مُسْتَقِیْم سے مراد اسلام یا قرآن یا خلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا حضور کے آل و اصحاب ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صراط مستقیم طریق اہل سنت ہے جو اہل بیت و اصحاب اور سنت و قرآن و سواد اعظم سب کو مانتے ہیں صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ جملہ اولیٰ کی تفسیر ہے کہ صراط مستقیم سے طریق مسلمین مراد ہے اس سے بہت سے مسائل حل ہوتے ہیں کہ جن امور پر بزرگان دین کا عمل رہا ہو وہ صراط مستقیم میں داخل ہے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اس میں ہدایت ہے کہ مسئلہ: طالب حق کو دشمنان خدا سے اجتناب اور ان کے راہ و رسم وضع و اطوار سے پرہیز لازم ہے۔ ترمذی کی روایت ہے کہ مَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ سے یہود اور الضَّآلِّیْنَ سے نصاریٰ مراد ہیں مسئلہ: ضاد اور ظا میں مباینت ذاتی ہے بعض صفات کا اشتراک انہیں متحد نہیں کرسکتا لہٰذا غَیْرِ الْمَغْظُوْبِ بظا پڑھنا اگر بقصد ہو تو تحریف قرآن و کفر ہے ورنہ ناجائز مسئلہ: جو شخص ضاد کی جگہ ظا پڑھے اس کی امامت جائز نہیں (محیط برہانی) اٰمِیْنَ اس کے معنی ہیں ایسا ہی کر، یا قبول فرما مسئلہ یہ کلمۂ قرآن نہیں۔ مسئلہ سورۂ فاتحہ کے ختم پر آمین کہنا سنت ہے نماز کے اندر بھی اور باہر بھی مسئلہ حضرت امام اعظم کا مذہب یہ ہے کہ نماز میں آمین اخفا کے ساتھ یعنی آہستہ کہی جائے تمام احادیث پر نظر اور تنقید سے یہی نتیجہ نکلتا ہے جہر کی روایتوں میں صرف وائل کی روایت صحیح ہے۔ اس میں مَدَّ بِھَا کا لفظ ہے جس کی دلالت جہر پر قطعی نہیں جیسا جہر کا احتمال ہے ویسا ہی بلکہ اس سے قوی مد ہمزہ کا احتمال ہے اس لئے یہ روایت جہر کے لئے حجت نہیں ہوسکتی دوسری روایتیں جن میں جہر و رفع کے الفاظ ہیں ان کی اسناد میں کلام ہے علاوہ بریں وہ روایت بالمعنیٰ ہیں اور فہم راوی حدیث نہیں لہٰذا آمین کا آہستہ ہی پڑھنا صحیح تر ہے۔

(بقیہ آیۃ الکرسی صفحہ ۱۴۲ کا) کرسی سے یا علم و قدرت مراد ہے یا عرش یا وہ جو عرش کے نیچے اور ساتوں آسمانوں کے اوپر ہے اور ممکن ہے کہ یہ وہی ہو جو فلک البروج کے نام سے مشہور ہے ف۹ اس آیت میں الٰہیات کے اعلیٰ مسائل کا بیان ہے اور اس سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے الٰہیت میں واحد ہے حیات کے ساتھ متصف ہے واجب الوجود اپنے ماسوا کا موجد ہے تحیز و حلول سے منزہ اور تغیر و فتور سے مبرا ہے نہ کسی کو اس سے مشابہت نہ عوارض مخلوق کو اس تک رسائی، ملک و ملکوت کا مالک، اصول و فروع کا مُبدع، قوی گرفت والا جس کے حضور سوائے ماذون کے کوئی شفاعت کے لئے لب نہ ہلاسکے، تمام اشیاء کا جاننے والا جلی کا بھی اور خفی کا بھی، کلی کا بھی اور جزئی کا بھی واسع الملک والقدرۃ ادراک و وہم و فہم سے برتر و بالا۔

(بقیہ صفحہ ۱۳۳ کا) یہاں تک کہ سب گرہ کھل گئیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بالکل تندرست ہوگئے مسئلہ: تعویذ اور عمل جس میں کوئی کلمۂ کفر یا شرک کا نہ ہو جائز ہے خاص کردہ عمل جو آیات قرآنیہ سے کئے جائیں یا احادیث میں وارد ہوئے ہوں۔ حدیث شریف میں ہے کہ اسماء بنت عمیس نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جعفر کے بچوں کو جلد جلد نظر ہوتی ہے۔ کیا مجھے اجازت ہے کہ ان کے لئے عمل کروں حضور نے اجازت دی (ترمذی) ف۲ تعوذ میں اللہ تعالیٰ کا اس وصف

کے ساتھ ذکر اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ صبح پیدا کر کے شب کی تاریکی دور فرماتا ہے تو وہ قادر ہے کہ پناہ چاہنے والے کو جن حالات سے خوف ہے ان کو دور فرمائے. نیز جس طرح شب تاریک میں آدمی طلوع صبح کا انتظار کرتا ہے. ایسا ہی خائف امن و راحت کا منتظر رہتا ہے علاوہ ازیں صبح اہل اضطرار اور اضطراب کی دعاؤں کا اور ان کے قبول ہونے کا وقت ہے تو مراد یہ ہوئی کہ جس وقت ارباب کرب و غم کو کشائش دی جاتی ہے اور دعائیں قبول کی جاتی ہیں میں اس وقت کے پیدا کرنے والے کی پناہ چاہتا ہوں. ایک قول یہ بھی ہے کہ فلق جہنم میں ایک وادی ہے ف۳ جاندار ہو یا بے جان، مکلف ہو یا غیر مکلف، بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ مخلوق سے مراد یہاں خاص ابلیس ہے جس سے بدتر مخلوق میں کوئی نہیں اور جادو کے عمل اسی کی اور اس کے اعوان و لشکروں کی مدد سے پورے ہوتے ہیں. ف۴ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کی طرف نظر کر کے ان سے فرمایا اے عائشہ اللہ کی پناہ اس کے شر سے یہ اندھیری ڈالنے والا ہے جب ڈوبے (ترمذی) یعنی آخر ماہ میں جب چاند چھپ جائے تو جادو کے وہ عمل جو بیمار کرنے کے لئے ہیں اسی وقت میں کئے جاتے ہیں. ف۵ یعنی جادوگر عورتیں جو ڈوروں میں گرہ لگا لگا کر ان میں جادو کے منتر پڑھ پڑھ کر پھونکتی ہیں جیسے کہ لبید کی لڑکیاں. مسئلہ: گنڈے بنانا اور ان پر گرہ لگانا، آیات قرآن یا اسماء الٰہیہ دم کرنا جائز ہے جمہور صحابہ و تابعین اسی پر ہیں اور حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں ہے کہ جب حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل میں سے کوئی بیمار ہوتا تو حضور معوذات پڑھ کر اس پر دم فرماتے. ف۶ حسد والا وہ ہے جو دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرے یہاں حاسد سے یہود مراد ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حسد کرتے تھے یا خاص لبید بن اعصم یہودی حسد بدترین صفت ہے اور یہی سب سے پہلا گناہ ہے جو آسمان میں ابلیس سے سرزد ہوا اور زمین میں قابیل سے.

(بقیہ صفحہ ۱۲۰ کا) سے بحث و تکرار کرنے آیا تھا، اس کے ہاتھ میں ایک گلی ہوئی ہڈی تھی، اس کو توڑتا جاتا تھا اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتا جاتا تھا کہ کیا آپ کا خیال ہے کہ اس ہڈی کو گل جانے اور ریزہ ریزہ ہو جانے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ زندہ کردے گا. حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہاں اور تجھے مرنے کے بعد اٹھایا جائے گا اور جہنم میں داخل فرمائے گا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور اس کے جہل کا اظہار فرمایا گیا کہ گلی ہوئی ہڈی کا بکھرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی قدرت سے زندگی قبول کرنا اپنی نادانی سے ناممکن سمجھتا ہے، کتنا احمق ہے اپنے آپ کو نہیں دیکھتا کہ ابتداء میں ایک گندہ نطفہ تھا. گلی ہوئی ہڈی سے بھی حقیر تر، اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ نے اس میں جان ڈال دی، انسان بنایا تو ایسا مغرور و متکبر انسان ہوا کہ اس کی قدرت ہی کا منکر ہو کر جھگڑنے آگیا. اتنا نہیں دیکھتا کہ جو قادر برحق پانی کی بوند کو قوی اور توانا بنا دیتا ہے. اس کی قدرت سے گلی ہوئی ہڈی کو دوبارہ زندگی بخش دینا کیا بعید ہے اور اس کو ناممکن سمجھنا کتنی کھلی ہوئی جہالت ہے. ف۱۰۳ یعنی گلی ہوئی ہڈی کو ہاتھ سے مل کر مثل بناتا ہے کہ یہ تو ایسی بکھر گئی کیسے زندہ ہوگی. ف۱۰۴ کہ قطرۂ منی سے پیدا کیا گیا ہے. ف۱۰۵ پہلی کا بھی اور موت کے بعد والی کا بھی. ف۱۰۶ عرب میں دو درخت ہوتے ہیں جو وہاں کے جنگلوں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں، ایک کا نام مرخ ہے، دوسرے کا عفار، ان کی خاصیت یہ ہے کہ جب ان کی سبز شاخیں کاٹ کر ایک دوسرے پر رگڑی جائیں تو ان سے آگ نکلتی ہے باوجودیکہ وہ اتنی تر ہوتی ہیں کہ ان سے پانی ٹپکتا ہوتا ہے، اس میں قدرت کی کیسی عجیب و غریب نشانی ہے کہ آگ و پانی دونوں ایک دوسرے کی ضد ہر ایک، ایک جگہ، ایک لکڑی میں موجود نہ پانی آگ کو بجھائے نہ آگ لکڑی کو جلائے. ف۱۰۷ یا انہیں کو بعد موت زندہ نہیں کر سکتا. ف۱۰۸ بیشک وہ اس پر قادر ہے. ف۱۰۹ کہ پیدا کرے. ف۱۱۰ یعنی مخلوقات کا وجود اس کے حکم کے تابع ہے. ف۱۱۱ آخرت میں.

فضائلِ آیۃ الکرسی

- مسلم شریف میں ہے کہ قرآن مجید کی آیتوں میں سب سے عظمت والی آیت آیۃ الکرسی ہے۔ سوتے وقت تلاوت کرنے سے رات بھر شیاطین قریب نہیں آسکتے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نگہبانی ہوتی ہے۔
- طبرانی میں ہے ہر نماز کے بعد پڑھنے والا جنّت میں داخل ہوگا۔

اکثر اکابر مشائخ سلف صالحین کا خیال ہے کہ اس میں اسم اعظم شریف اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

- اکثر مشائخ فرماتے ہیں کہ آیۃ الکرسی میں ۵۰ کلمے ہیں اور ہر کلمے میں ۵۰ برکتیں ہیں۔
- جو شخص جمعہ کے دن بعد نمازِ عصر تین سو تیرہ بار آیۃ الکرسی پڑھے تو ایسی خیر و برکت حاصل ہو جو قیاس میں نہ آئے۔
- فتوح الاوراد میں ہے کہ جو شخص بعد ہر نماز کے آیۃ الکرسی کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو شاکروں کا قلب اور صدیقوں کا عمل اور انبیاء کا ثواب عطا فرماتا ہے اور اپنے دستِ رحمت کو اس کے لئے فراخ کرتا ہے اور اس کو بہشت میں داخل ہونے سے کوئی چیز منع نہیں کرتی مگر موت (یعنی مرتے ہی داخلِ بہشت ہو۔)
- امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو آیۃ الکرسی کو پڑھے وسوسۂ شیطان سے محفوظ رہے اور اگر فقیر ہو تو غنی ہو جائے اور جہاں سے گمان نہ ہو رزق پہنچے اور جب تک اپنی جگہ جنّت میں نہ دیکھ لے نہ مرے۔ (فوائد الکبرٰی)

ف۱ اس میں اللہ تعالیٰ کی اُلوہیت اور اُس کی توحید کا بیان ہے۔ اس آیت کو آیت الکرسی کہتے ہیں احادیث میں اس کی بہت فضیلتیں وارد ہیں ف۲ یعنی واجب الوجود اور عالم کا ایجاد کرنے اور تدبیر فرمانے والا ف۳ کیونکہ یہ نقص ہے اور وہ نقص وعیب سے پاک ف۴ اس میں اس کی

آیۃ الکرسی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۥ لَا تَاْخُذُهٗ

اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ف۱ وہ آپ زندہ اور اوروں کا قائم رکھنے والا ف۲

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اسے نہ اُونگھ آئے نہ نیند ف۳ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

زمین میں ف۴ وہ کون ہے جو اس کے یہاں سفارش کرے بے اس کے حکم

بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

کے ف۵ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ف۶

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ

اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے ف۷

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَ

اس کی کرسی میں سمائے ہوئے ہیں آسمان اور زمین ف۸ اور اسے

لَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (۲۵۵)

بھاری نہیں ان کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا ف۹

مالکیت اور نفاذ امر و تصرف کا بیان ہے اور نہایت لطیف پیرایہ میں رد شرک ہے کہ جب سارا جہاں اس کی ملک ہے تو شریک کون ہوسکتا ہے مشرکین یا تو کواکب کو پوجتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں یا دریاؤں، پہاڑوں، پتھروں، درختوں، جانوروں، آگ وغیرہ کو جو زمین میں ہیں جب آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ کی ملک ہے تو یہ کیسے پوجنے کے قابل ہوسکتے ہیں ف۵ اس میں مشرکین کا رد ہے جن کا گمان تھا کہ بُت شفاعت کرینگے انہیں بتا دیا گیا کہ کفار کیلئے شفاعت نہیں اللہ کے حضور ماذونین کے سوا کوئی شفاعت نہیں کرسکتا اور اذن والے انبیاء و ملائکہ و مومنین ہیں۔ ف۶ یعنی ماقبل ومابعد یا امور دنیا و آخرت ف۷ اور

جن کو وہ مطلع فرمائے وہ انبیاء و رسل ہیں جن کو غیب پر مطلع فرمانا ان کی نبوت کی دلیل ہے دوسری آیت میں ارشاد فرمایا: لَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (خازن) ف۸ اس میں اس کی عظمت شان کا اظہار ہے اور

بقیہ ص۱۳۹

فضائلِ دُعاءِ گنج العرش

✪ جو کوئی اس دعائے گنج العرش کو پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی کمائی میں برکت دے گا۔ دوسرا اُسے غیب سے ایسی روزی پہنچائے گا کہ کوئی نہ جانے گا کہ یہ روزی کہاں سے کھاتا ہے، تیسرے دشمن اس کے مقہور ہوں گے۔

✪ جو زن وشوہر اس دُعاء کو مشک اور زعفران سے لکھ کر اکیس روز پی لیں تو حق تعالیٰ ان کو فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

✪ اس دُعاء کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ درپردہ نقصان پہنچانے والوں اور غیبت کرنے والوں سے بچائے گا اور اس پر قرض ہوگا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو قرض سے سبکدوش فرمائے گا اور جو شخص اس دُعائے گنج العرش کو حائل کر کے اپنے پاس رکھے گا تو تمام آفتوں سے امن پائے گا اور پڑھنے والے کو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوگا۔

✪ دُعائے گنج العرش میں بزرگوں نے اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کو جمع کر دیا ہے۔ آخر میں چند انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے اسماء بھی شامل ہیں جس کے پڑھنے والے کو اسمائے باری تعالیٰ کے پڑھنے کا بھی ثواب ملے گا اور یہ فوائد بھی حاصل ہوں گے۔

✪ اس دعاء کے اثر سے جادو اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور اس دعاء کو بارش کے پانی سے دھو کر سحر زدہ کو پلایا جائے تو شفا ہوگی اور جس مریض کو اطبا جواب دے چکے ہوں اس کو دھو کر یہ دعاء پلائی جائے تو شفا ہوگی۔ غرض کہ دعائے گنج العرش کے بیشمار فوائد ہیں۔

دعائے گنج العرش

مع فضائلِ اسمائے حسنیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ پاک ہے بادشاہ نہایت پاک

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ پاک ہے غالب، بگاڑ کا اصلاح کرنے والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ پاک ہے بڑا مہربان نہایت رحیم والا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَ الْغَفُوْرِ الرَّحِیْمِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ پاک ہے بخشنے والا نہایت مہربان

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحٰنَ الْکَرِیْمِ الْحَکِیْمِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ پاک ہے بخشش والا حکمت والا

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس اسم کو یا اسم یا ھو کو ہر روز جو کوئی ہزار بار پڑھے وہ صاحب یقین ہووے۔

عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ اس اسم کو جو شخص ہر روز سو مرتبہ پڑھے فراموشی اور غفلت اسکے دل سے جاتی ہے۔

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اس اسم کو جو شخص ہر روز سو مرتبہ پڑھے تمام عالم اس پر مہربان ہووے۔

اَلْمَلِكُ اس اسم کو جو کوئی ہر روز زوال کے وقت سو مرتبہ پڑھے تو غفلت و فراموشی اس کے دل سے جاوے اور دل اس کا پاک ہووے۔

اَلْقُدُّوْسُ یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ اس اسم کو جو کوئی روٹی کے اوپر لکھ کر کھایا کرے اس شخص میں فرشتوں کی صفت پیدا ہووے **اَلسَّلَامُ** اس اسم کو جو کوئی بیمار کی صحت کے لئے ہر روز سو مرتبہ پڑھا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد آرام پاوے۔ **اَلْمُؤْمِنُ** اس اسم کو جو کوئی پڑھا کرے یا اپنے پاس رکھے تو اس شخص کے ظاہر و باطن کی دولت حق تعالیٰ کی امان

وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ

وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ

بَیْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۞

فضائلِ ہفت ہیکل

○ روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کی مسجد میں رونق افروز تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کا نزول ہوا اور انھوں نے باری تعالیٰ کا یہ پیغام پہنچایا کہ اس ہفت ہیکل کو جو شخص پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کو مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوں گے :

- اس کے والدین کو عذابِ دوزخ سے آزاد کر دیا جائے گا۔
- جس مکان میں ہفت ہیکل ہو، اُس میں دیو، بھوت، جن و پری کا گزر نہ ہو۔
- جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا، مرگِ مفاجات سے محفوظ رہے گا۔
- اس کو پاس رکھنے والا ہمیشہ باعزت رہے اور موت کی تکلیف آسان ہوگی۔
- جو شخص اس کی روزانہ تلاوت کرے گا یا اگر پڑھنا نہ جانتا ہو تو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اس کو ستر ہزار ختم قرآن پڑھنے کا، ستر ہزار شہداء کا، ستر ہزار حج کا، ستر ہزار مسجدیں تعمیر کرنے کا، ستر ہزار غلام آزاد کرنے کا، ستر ہزار آدمیوں کو روزہ افطار کرانے کا، ستر ہزار حافظوں کا، ستر ہزار حاجیوں کا، ستر ہزار علماء کا، ستر ہزار عابدوں کا، ستر ہزار فرشتوں کا، ستر ہزار دانشمندوں کا، ستر ہزار پیغمبروں کا اور چاروں مقرب فرشتوں یعنی جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل علیہم السلام کا ثواب عطا کیا جائے گا۔

○ جو شخص اپنی عمر میں ایک بار ہفت ہیکل پڑھے اس کے نامۂ اعمال میں ستر ہزار نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔ نیز چغل خوروں، عیب کرنے والوں اور تمام بلیات سے بچا رہے۔ قرض سے نجات پائے۔ دشمن مقہور ہوں گے۔ ●

اَلْھَیْکَلُ الْاَوَّلُ ١

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۵ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

اَلْھَیْکَلُ الثَّانِیْ ٢

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اِذْ

قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا
فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّکَ اَنْتَ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ سُنَّۃَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَکَ مِنْ
رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ○ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ
لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ
اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا ○ وَمِنَ الَّیْلِ
فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَۃً لَّکَ ۖ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ
رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ
مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ
وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ○

اَلْهَیْکَلُ الثَّالِثُ (۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اٰمَنَ

الرسول بما انزل اليه من ربه والمؤمنون

كل امن بالله وملئكته وكتبه ورسله

لا نفرق بين احد من رسله وقالوا سمعنا

واطعنا غفرانك ربنا واليك المصير ○ لا

يكلف الله نفسا الا وسعها لها ما كسبت و

عليها ما اكتسبت ربنا لا تؤاخذنا ان نسينا

او اخطانا ربنا ولا تحمل علينا اصرا كما حملته

على الذين من قبلنا ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة

لنا به واعف عنا واغفر لنا وارحمنا انت

مولنا فانصرنا على القوم الكفرين ○ ع

الهيكل الرابع ٤

بسم الله الرحمن الرحيم ○

اعيذ نفسي بالله العلي العظيم ○ وقل

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۖ اِنَّ الْبَاطِلَ
كَانَ زَهُوْقًا ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا
هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ
الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى
الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ
الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا ○ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى
شَاكِلَتِهٖ ۖ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى
سَبِيْلًا ○ع وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۖ قُلِ
الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ
الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ○

اَلْهَيْكَلُ الْخَامِسُ ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ قَالَ

رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ

شَیْبًا وَّلَمْ اَکُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِیًّا ○ وَاِنِّیْ

خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ

عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ○ یَّرِثُنِیْ وَ

یَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ○

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ

لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَکُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ

لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ

دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ○

اَلْهَیْکَلُ السَّادِسُ (۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ قُلْ

اُوحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ

فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ یَّهْدِیْٓ

اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ

بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ كَانَ

یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۙ

اَلْهَیْكَلُ السَّابِعُ ۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ وَ

اِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ

اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ ع

فضائلِ اسمائے مبارکہ

صلی اللہ علیہ وسلم

حضور سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی کا وظیفہ کرتے وقت اوّل اور آخر درود وسلام بھیجا کریں۔ ذیل میں ہم حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں سے چند کے فوائد پیش کررہے ہیں؛

مُحَمَّدٌ غریب آدمی اس مُبارک نام کو چار سو بار روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے غنی کردے۔

حَامِدٌ اللہ پاک اس نام کے پڑھنے والے پر رحمت کے دروازے کھول دے گا۔

قَاسِمٌ جو شخص اس نامِ پاک کا روزانہ وِرد کرے اللہ تعالیٰ اسے عالم بنادے۔

فَاتِحٌ اس نامِ مُبارک کو جو شخص روزانہ پڑھے تو اسے قربتِ الٰہیہ حاصل ہوگی۔

اَحمَدُ اس اسمِ پاک کو روزانہ وِرد کریں تو تمام دُنیا مطیع اور فرماں بردار رہے۔

مَحمُودٌ اس نامِ پاک کے پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ مفلسی دُور ہوتی ہے۔

عَاقِبٌ کوئی بھی ضرورت ہو اللہ تعالیٰ اس نام کے پڑھنے والے کی آرزو پوری کرتا ہے۔

خَاتِمٌ اتوار کے دن ستر مرتبہ پڑھ کر جو شخص دُعا مانگے تو اس کی ہر مراد برآئے گی۔

حَاشِرٌ اس نامِ پاک کو کمزور طالبِ علم پڑھے تو اس کے علم میں ترقی ہوگی۔

دَاعٍ اس نامِ مُبارک کو پڑھا کریں، دُنیا میں عزت اور ہر دلعزیزی حاصل ہوگی

رَسُوْلٌ جب کسی مالی پریشانی میں پڑ جائیں تو روزانہ اس نام کو پڑھا کریں۔ اللہ پریشانی دور کریگا۔

هَادٍ مُهْدٍ صراطِ مستقیم حاصل کرنے کے لئے ہمیشہ اس اسم مبارک کو پڑھا کریں۔

نَبِیٌّ خدائے تعالیٰ کا عرفان حاصل کرنے کے لئے اس اسم پاک کو ہمیشہ پڑھیں۔

یٰسٓ اگر آدھی رات کو ننگے سر ہو کر جو شخص ۴۱ بار پڑھے گا تو اللہ ہر مراد پوری کرے گا۔

وَلِیٌّ اللہ پاک کی رضا حاصل کرنے کے لئے اس نام مبارک کا وظیفہ کریں۔

حَمِیْدٌ بری عادتوں سے بچنے کے لئے اس کا ورد کریں

مَاحٍ جو شخص اس کو روزانہ پڑھے گا حشر کا دن اس کے لئے آسان ہوگا۔

بَشِیْرٌ سِرَاجٌ جو شخص ہمیشہ اس کا ورد زبان پر رکھے گا، اس کے لئے قبر میں روشنی ہوگی۔

طٰهٰ اس کا ورد کرنے سے برکت حاصل ہوگی۔

نَکِیْرٌ عذابِ قبر سے محفوظ رہنے کے لئے اس نام مبارک کا ورد کیا کریں۔

خَلِیْلٌ اگر کسی کو برے خواب دکھائی دیں تو اس اسم کو روزانہ سونے سے پہلے پڑھے۔

مُزَّمِّلٌ اس نام مبارک کو نادار مفلس کو چاہئے کہ روزانہ پڑھا کرے مفلسی دور ہوگی۔

نَصِیْرٌ سفر میں اس نام پاک کو پڑھیں تھکن نہ ہوگی اور سفر آسان ہوجائے گا۔

حَکِیْمٌ بری عادتوں والا اس نام پاک کو اگر پڑھے گا تو نیک و صالح بن جائے گا۔

مُدَثِّرٌ اسکو پڑھنے سے شیطان کے مکر و شر سے بچے۔

حَبِیبٌ روزانہ ایک ہزار بار پڑھیں تمام عالم مسخر ہو جائیگا۔

کَلِیمٌ جو شخص اِس کو روزانہ پڑھے گا تو اللہ پاک اس کو فصیح اور بلیغ بنا دے گا۔

مُصْطَفٰی نیک کاموں کی توفیق کے حصُول کے لئے اس نام پاک کا ورد کریں۔

مُرْتَضٰی تمام آفاتِ ارضی اور سماوی سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ پڑھا کریں۔

مُخْتَارٌ شہریاری اور بلند مرتبہ حاصِل کرنے کے لئے روزانہ پچاس مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

عَادِلٌ اس نام پاک کی برکت سے پڑھنے والا ہر جگہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

نُوْرٌ روزانہ پڑھنے والا ہرگز خواب میں نہ ڈرے۔

مُصَدِّقٌ اس نام پاک کو صبح ہوتے ہی دس مرتبہ پڑھیں، تمام دن زبان سے جھوٹ نہ نکلے۔

حُجَّةٌ کسی بھی ضرورت کے لئے اس نام پاک کا زبان پر ورد کرنا چاہیئے۔

شَہِیدٌ اس نام پاک کو مسواک کرتے وقت پڑھیں، دانت بڑھاپے میں بھی قائم رہیں گے۔

بَیَانٌ عقلمندی اور سوجھ بوجھ حاصِل کرنے کے لئے اس نام پاک کا پڑھنا افضل ہے۔

قَائِمٌ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو رات کے وقت اس نام کو ایک ہزار بار پڑھیں بارش ہوگی۔

حَافِظٌ تمام مصیبتوں اور بلاؤں سے بچنے کے لئے یہ اسمِ پاک بہترین ذریعہ ہے۔

صَادِقٌ آسیب کو دور کرنے کے لئے اس نام پاک کو پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑکیں۔

وَاعِظٌ جو شخص پورے رمضان روزانہ سو بار پڑھا کرے خداوند کریم اس کی عبادت قبول کرے گا۔

مَتِینٌ اس اسم کے پڑھنے سے دلی مقاصد پورے ہوں

بُرھَانٌ اس کے پڑھنے سے مفلسی دور ہوتی ہے۔

مَکِینٌ اس اسم پاک کو پڑھنے والا آنکھ کی روشنی کم ہونے سے محفوظ رہتا ہے۔

مُطِیعٌ اس نام کے پڑھنے سے خداوند عالم گناہ سے مغفرت عطا کرتا ہے

اَمِینٌ اس نام کو پڑھنے والا کبھی ذلیل نہیں ہوتا۔

حِجَازِیٌّ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اس لفظ کو پڑھا کریں۔

صَاحِبٌ اس اسم مبارک کو پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

نَاطِقٌ دشمن سے محفوظ رہنے کے لئے ہر روز پڑھا کریں۔

رَءُوفٌ اس نام پاک کو پڑھ کر جس حاکم کے پاس جاؤ گے وہ عزت سے پیش آئے گا۔

مُرَبِّیٌ اس اسم مبارک کو بچھو، سانپ اور پاگل کتے وغیرہ جانوروں کے ڈسے ہوئے پر دم کرنا چاہیئے، شفا ہو جاتی ہے۔

یَتِیمٌ اس نام پاک کو پڑھ کر زخموں پر دم کریں، قدرتاً زخم مندمل ہو جائیں گے۔

کَرِیمٌ بے روزگار اس نام کو پڑھا کرے خداوندِ عالم اسے روزگار عطا فرمائیں گے۔

عَلِیمٌ اس نام پاک کے وِرد سے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔

عَزِیزٌ برائے ہردلعزیزی وغنا ظاہری و باطنی طالب پڑھے تو مطلوب حاصل ہو۔

مناجات بدربارِ قاضی الحاجات بعد ہر نماز

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیِ دیدارِ حُسنِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

یا الٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُنکے پیارے منہ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب پڑے محشر میں شورِ دار و گیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سیدِ بے سایہ کے ظلِّ لوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستارِ خطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب بہیں آنسو حسابِ جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دعا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب حسابِ خندۂ بیجا رلائے
چشمِ گریانِ شفیعِ مرتجیٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی رنگ لائیں جب مری بیباکیاں
ان کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب چلوں تاریک راہِ پل صراط
آفتابِ ہاشمی نور الہدیٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
ربِّ سلِّم کہنے والے غمزدا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جو دعائیں نیک ہم تجھ سے کریں
قدسیوں کے لب سے آمین ربنا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضا خوابِ گراں سے سر اٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

سلام

از اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

خلق کے داد رس سب کے فریاد رس
کہف روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے بیکس کی دولت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بے بس کی قوت پہ لاکھوں سلام

ربِ اعلیٰ کی دولت پہ لاکھوں درود
حق تعالیٰ کی منت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جس کے سجدہ کو محرابِ کعبہ جھکی
ان بھووں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

اس کی پیاری فصاحت پہ بیحد درود
اس کی دلکش بلاغت پہ لاکھوں سلام

ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام

نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

بھینی بھینی مہک پر مہکتے درود　　پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام
ان کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود　　انکے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام
ان کے مولا کے ان پر کروڑوں درود　　انکے اصحاب و عزت پہ لاکھوں سلام
تیرے سب دوستوں کے طفیل اے خدا　　بندۂ ننگِ خلقت پہ لاکھوں سلام
میرے اُستاد ماں باپ بھائی بہن　　اہلِ وُلد و عشرت پہ لاکھوں سلام
ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں　　شاہ کی ساری اُمت پہ لاکھوں سلام
کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور　　بھیجیں سب انکی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ
مُصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اعلیٰ حضرت کے ارشاد فرمودہ چند مخصوص عملیات

عامل کے لئے قابلِ قدر تحفہ

جو شخص پابندی سے کوئی وظیفہ یا عمل پڑھ رہا ہو اچانک کسی تکلیف یا مجبوری یا بیماری یا سفر کی وجہ سے عمل یا وظیفہ نہ پڑھ سکے یا عمل ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہو یا کوئی فرد بہت زائد وظائف پڑھتا ہو اور کسی وجہ سے سب کے پڑھنے کا موقع نہیں اور ناغہ ہونے سے عمل ختم ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اس دُعا کو صبح و شام ایک بار پڑھ لیں۔ یہ تنہا عمل کے قائم مقام ہے نیز دن اور رات کے ہر نقصان کی تلافی ہے۔

نوٹ :(یہ یاد رکھئے کہ آدھی رات ڈھلنے سے سورج کی کرن چمکنے تک صبح ہے، یونہی دوپہر ڈھلنے سے غروب آفتاب تک شام ہے) اگر پابندی سے روزانہ پڑھتا رہے تو کبھی خسارے میں نہ رہے۔ (از اعلیٰ حضرت)۔

فَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِیۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ ○ وَلَهُ الۡحَمۡدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَعَشِیًّا وَّحِیۡنَ تُظۡهِرُوۡنَ ○ یُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَیُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ وَیُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ وَکَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ ○

بے نظیر دُعا

احادیث میں فرمایا گیا ہے جو مومن یہ دُعا صبح ایک بار پڑھے تو رات بھر کی عبادت اور جو شام کو ایک بار پڑھے تو دن بھر کی عبادتِ الٰہی کرنے والے کو جو اجر ملے گا۔ فضل ربّی سے اتنا ہی اجر اس دُعا کے پڑھنے والے کو ملے گا۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الۡحَمۡدُ حَمۡدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الۡحَمۡدُ حَمۡدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوۡدِكَ وَلَكَ الۡحَمۡدُ حَمۡدًا لَّا مُنۡتَهٰی لَهٗ دُوۡنَ

مَشِیْئَتِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ کُلِّ طَرْفَةِ عَیْنٍ وَّتَنَفُّسِ کُلِّ نَفْسٍ ؕ

مجرّب استخارہ

یہ وہ استخارہ ہے کہ جو اسکی مداومت کرتا رہے تو کچھ دنوں بعد سے رات و دن میں جو کچھ پیش آنیوالا ہے وہ اسے قبل از وقت معلوم ہو جایا کرتا ہے۔ روزانہ کے حالات جو صرف اپنی ذات سے متعلق ہوں معلوم کرنے کے لئے سات سات بار صبح و شام پڑھیں۔ چند یوم کی پابندی سے اپنی ذات پر گزرنے والے حالات کا انکشاف ہو جایا کرے گا۔ اگر کسی خاص مقصد کے لئے استخارہ کرنا ہو خواہ اپنی ذات سے متعلق ہو یا کسی اور کیلئے تو ایک ہزار اکیس بار پڑھ کر اس مقام پر سو رہیں۔ استخارہ خالی پیٹ کرے تو زیادہ بہتر ہے: اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰٓی اِخْتِیَارِیْ ط

سیّد الاستغفار

اگر ایک ایک بار یا تین تین بار روزانہ ورد رکھے تو تمام گناہ معاف ہوں اور اس دن یا رات میں مر جائے تو شہید اور اگر کسی کو اپنے کسی نقصان کا اندیشہ ہو مثلاً تجارت میں نقصان یا دشمن سے خطرہ ہو یا پولس کا خوف ہو، ٹرین کے لٹنے، جہاز کے ڈوبنے، چوری ہونے، آگ لگنے کا اندیشہ ہو۔ مولیٰ تعالیٰ اس کے طفیل محفوظ رکھتا ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ اَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ؕ

فقیر اس کے بعد اتنا زائد کرتا ہے: وَاغْفِرْ لِکُلِّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ اور اپنے جس کسی ضرر کا اندیشہ ہوتا ہے اسے پڑھتا ہے مولیٰ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔

نادِ علی

اس کے ۱۵ فوائد جلیلہ ہیں۔ یہاں مختصراً تحریر ہیں۔ لاعلاج امراض جملہ مشکلات۔ خلل جن و آسیب خصوصاً حُب کے لئے مجرب ہے۔ کم از کم ۲۱ بار یا ۱۸ بار پڑھ کر اس کی طرف دم کریں اِنْ شَاءَ اللہ انکار نہ کرے۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبْ ✧ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبْ
كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ ✧ بِنُبُوَّتِكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ
وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

تسبیح فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

دن بھر محنت کرنے اور طویل سفر کرنے پر کسل دور کرنے کے لئے اس سے بہتر اور کوئی وظیفہ نہیں۔ تسبیح فاطمہؓ پڑھ کر سوئے جب صبح کو اٹھے گا تو ایسا معلوم ہوگا کہ رات بھر کنیزوں نے ہاتھ پاؤں دبائے ہیں۔ دردِ بدن کے لئے اور گرنے سے چوٹ آنے پر یہاں تک کہ اگر کسی عضو میں عیب ہو جانے کا اندیشہ ہو تو تسبیح فاطمہؓ کا ورد کرے اور اگر کوئی عضو معطل ہو گیا ہو تو ورد میں رکھے رفتہ رفتہ وہ عیب جاتا رہے گا اور فضیلت کا یہ عالم کہ اس دن میں تمام جہان میں کسی کا عمل اس کے برابر بلند نہ کیا جائے مگر جو اس کے مثل پڑھے وہ تسبیح یہ ہے: سُبْحٰنَ اللهِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار، اَللهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار، آخر میں ایک بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؎

برائے حفاظت حصار حسنین رضوان اللہ تعالیٰ علیہما

جب دشمن کا خطرہ ہو یا دشمنوں میں گھر جائے یا دشمن سے ملنے جائے اور اس

سے خطرہ ہو خواہ دشمنِ جان ہو یا دشمنِ ایمان۔ خواہ دشمن درندے ہوں یا انسان اِنْ شَاءَ اللّٰہ ہر حال میں محفوظ رہے گا۔

فریاد، فریاد، بدرگاہِ تو بدوستیِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و بدوستی علی مرتضٰی کرّم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم و حسن مجتبٰی و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانجام رسان" ایک بار آیۃ الکرسی، تین بار چاروں قُل، تین تین بار اپنے گرد حصار کرے یعنی ہر طرف منھ کرکے دم کردے اور کلمہ کی انگلی پر دم کرکے کان کے گرد حصار کرے۔

ہر بلا و مصیبت اور ہر بیماری سے حفاظت کیلئے

یہ دُعاء جس مصیبت زدہ کو دیکھ کر ایک بار پڑھ لیں تو اس مرض یا مصیبت سے عمر بھر محفوظ رہیں گے مگر آشوبِ چشم، بخار اور خارش والوں کو دیکھ کر یہ دُعا نہ پڑھیں کہ ان امراض کی حدیث میں تعریف آئی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِىْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا ۔ اس دُعاء کو خود حفظ کرلے اور اپنے بچوں کو حفظ کرالے۔ جب کسی کو مقدمہ میں ماخوذ دیکھیں یا کسی کے ہتھکڑی پڑے دیکھیں یا کسی کو مقروض دیکھیں یا کسی کو جیل یا پاگل خانہ میں دیکھیں، شوہر ساس نندوں کی جانب سے بیجا سختی ظلم ہوتے دیکھیں فوراً اس دُعاء کو پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ اس دُعاء کا پڑھنے والا زندگی بھر اس مرض اور مصیبت میں مبتلا نہ ہوگا۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے بھی اپنے ذاتی تجربات تحریر کئے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دونوں جہاں کی مسرّتوں کے حصُول کا ذریعہ

اس میں ہر عمل آخرت یعنی ہمیشگی کی زندگی کو سنوارنے کے لئے ہے۔ مُسلمان کی سب سے بڑی کامیابی آخرت کی کامیابی ہے کہ دنیاوی زندگی چند روزہ ہے۔ دنیاوی عزت، شہرت، طاقت، حکومت، دولت، پیغامِ اجل آتے ہی مرنے والے کے لئے بیکار ہیں۔ یہ چیزیں آخرت میں کام آنے والی نہیں۔ ہاں اگر کسی کو خدا کی عطا سے یہ سب چیزیں یا ان میں سے کوئی شے حاصل ہے اور اس سے اس نے خدا کے دین کی خدمت اور اس کی اشاعت کا کام کیا ہے تو آخرت میں یہ کام آئے گا اور صرف دنیاوی طلبی کا ذریعہ بنایا تو ان میں سے کوئی چیز آخرت میں کام آنے والی نہیں ہاں دنیاوی زندگی میں پیش آنے والی وہ اُلجھنیں جو دینی خدمت میں رکاوٹ پیدا کر سکتی ہیں ان کا تدارک اشد ضروری ہے۔ مثلاً بیماری، تنگدستی، زن و شوہر میں نا اتفاقی، اولاد کی نافرمانی۔ ماں باپ کی نظرِ محبّت سے محرومی، ملازمین کیلئے افسران کی سخت گیری، اپنوں کا حسد، دوستوں کی طرف سے نفرت کا اظہار وغیرہ وغیرہ امور جو کبھی سدِ راہ بن جاتے ہیں، ان کا حل بھی بتا دینا ضروری ہے تاکہ مُسلمان اپنے آپ کو دینی خدمت سے مجبور نہ تصور کرنے لگیں۔ اگرچہ ہمارے اسلاف کرام نے کبھی دنیاوی امور کی پرواہ نہ کی اور جو کانٹا دین کی راہ میں حائل ہوا اسے نکال پھینکا۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا نے بھی ان سے صلح کرلی تھی۔ نہ انھیں اولاد سے شکایت ہوتی، نہ شوہر کو بیوی سے نہ بیوی کو شوہر سے شکوہ ہوتا، نہ کسی کی عداوت و محبّت ان کی راہ میں حائل ہوتی اور اگر امتحاناً کچھ درپیش بھی ہوتا تو اس کی طرف متوجہ نہ ہوتے۔ خدا ہم سب کو اسلاف کرام کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین۔

جسمانی امراض کا علاج

اگرچہ جسمانی امراض بھی خدا کی رحمت اور روحانی امراض کا علاج ہیں کہ جسمانی تکلیفات سے خدا عزّ وجلّ کی یاد آتی ہے اور پھر خدا تعالیٰ کی نافرمانیاں و روگردانیاں یاد آتی ہیں اور جب تکلیف کی شدت سے بے چین ہو کر کوئی بندہ یا اللہ کہتا ہے تو اس کے گناہ مٹتے ہیں۔

احادیث کثیرہ موجود ہیں کہ مسلمان جسمانی تکلیف واذیت پر صبر کرنے سے گناہوں سے اس طرح صاف ہوتا ہے۔ جس طرح سونے کو بھٹی میں تپا کر میل صاف کیا جاتا ہے۔ (بخاری ومسلم وترمذی وغیرہم)

نہ صرف مریض کو صبر پر اجر ملتا ہے بلکہ جو مسلمان مریض خاص طور پر اپنے روٹھے دوست واحباب، دوستوں کے دوستوں کی عیادت کرے۔

حدیث شریف میں ہے کہ صبح کو عیادت کو جائے تو شام تک اور شام کو جائے تو صبح تک ستّر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہیں اور جنّت کا ایک باغ اس کے لئے خاص کر دیا جاتا ہے (ترمذی وابوداؤد) بیماری اور تکلیف پر صبر یہ نہیں کہ علاج نہ کرے بلکہ صبر یہ ہے کہ آہ وفغاں اور خدا کی ناشکری سے بچے۔

بخار یا جاڑا بخار

بخار یا جاڑا بخار کے لئے ایک بار بِسْمِ اللّٰہ اور ایک سانس میں ۷ بار يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا پڑھ کر مریض کو پانی پر دم کر کے پلائے اور مریض پر دم کرے۔

دردِ سر

بِسْمِ اللّٰہ شریف انگشتِ شہادت سے درد کی جگہ لکھے اِنْ شَاءَ اللّٰہ تعالیٰ فوراً درد کافور ہو۔

امراضِ چشم

امراضِ چشم میں درودِ شفا، اس طرح پڑھے کہ سیدنا مُحمد پر پہنچے تو شہادت کی اُنگلی انگوٹھے کے ناخن کو ملا کر چوم کر آنکھوں سے لگائے رکھے۔ یہاں تک کہ درود شریف پورا پڑھ لے تب ہٹالے۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد تین بار پڑھے۔ امراض چشم سے نجات ہو ہمیشہ ورد میں رکھے تو نابینائی سے محفوظ رہے۔ درودِ شفا، یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَآئِمًا اَبَدًا ط

مرض و تکلیف فوراً دور ہو

درود تاج تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ فوراً شفا ہو۔

بچوں کے امراض ــــــ سُوکھا، پسلی، جموگا، دُودھ نہ پینا

ان امراض میں آیۃ الکرسی شریف ۹ بار پڑھ کر بچے پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے ایک دو قطرے بچے کو اور اس کی ماں کو پلائے۔ فوراً بچہ دودھ پیے۔ پسلی کے مرض میں تین روز اور جموگے میں سات روز، سوکھے میں گیارہ روز دم کرے اور دم کیا ہوا پانی بچے کو اور اس کی ماں کو پلائے اول آخر تین تین بار درودِ شفا، پڑھے۔

قے اور پیٹ کی دوسری بیماریاں

بچے بوڑھوں ہر کسی کو درود شفا، تین تین بار یا سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اور مریض پر دم کرے فوراً شفاء ہو۔

نظرِ بد

نظرِ بد حق ہے اور مشہور ہے کہ نظر پتھر کو توڑ دیتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ نظر انسان کو قبر میں اور جانور کو ہانڈی میں لے جاتی ہے یعنی نظر انسان اور جانور کو موت سے ہمکنار کر دیتی ہے۔ اس کے لئے آیۃ الکرسی شریف ۱۱ بار پڑھ کر کلونجی پر دم کر کے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالے گائے، بھینس، بکری، گھوڑا، مرد، عورت، بچہ، بوڑھا ہر ایک نظرِ بد سے محفوظ رہے۔

رُوحانی امراض کا علاج

روحانی امراض مثلاً شوہر کی بدمزاجی و سخت گیری، ساس نندوں کی ایذا رسانی یا بیوی کی نافرمانی اور بہو کی بدزبانی۔ اولاد کی ماں باپ کے ساتھ نا اتفاقی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی، دوستوں کا روٹھ جانا، اپنوں کا دشمنی سے پیش آنا، افسران کا تعصب برتنا یہ سب رُوحانی صدمے ہیں جن کے لئے حدیث شریف میں فرمایا کہ بندے کو کوئی تکلیف کم و بیش نہیں پہنچتی مگر اس کے گناہ کے سبب اور بہت تو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے اس کے بعد سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیۃِ کریمۃ تلاوت فرمائی: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔

"جو تمہیں مصیبتیں پہنچیں وہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے کیا اور بہت سی معاف فرما دیتا ہے۔" (ترمذی)

لہٰذا جب انسان کو کوئی رُوحانی و جسمانی صدمہ پہنچے وہ اپنے عمل اور کیریکٹر کا جائزہ لے۔ پہلے اس خامی کو دور کرے۔ اللہ تعالیٰ سے معافی چاہے، پھر تدارک کے لئے عمل کرے کہ جب ہر تکلیف گناہ کا بدلہ ہے اور گناہ چھوٹتا نہیں تو پھر علاج سے کیا حاصل۔ مریض کو پہلے مضر اشیاء غذا، پانی، ہوا جس سے بھی مرض

میں اضافہ کا اندیشہ ہو قریب نہ آنے دے پھر دوا کرے تو فائدہ جلد اور یقینی ہے۔

گھریلو زندگی میں یہ بھی خیال رکھئے کہ میرے چھوٹوں کو مجھ سے تکلیف اور بڑوں کو صدمہ نہ پہنچے اگرچہ وہ نافرمان اور ظالم ہوں۔ خود صبر کرے کہ اللہ تعالٰے صابروں کے ساتھ ہے۔ جو بڑا اپنے چھوٹوں کے قصور معاف کرنے کا عادی ہو وہ اُمید رکھے کہ اللہ تعالیٰ بھی اس کے قصور معاف فرمادے گا۔ اگر وہ اپنے قصورواروں کو معاف نہیں کرتا تو خدا کے غضب سے ڈرے کہ اس کی پکڑ سخت ہے۔

بیوی شوہر کی خدمت کرتے وقت یہ خیال رکھے کہ مجھے تو خدا کی رضا درکار ہے اگر شوہر مجھے ایذا دیتا، میرے حقوق ادا نہیں کرتا تو یہ خدا تعالیٰ کا مجرم ہے۔ میں اس کا بدلہ اپنی ادا، اپنی زبان، اپنے عمل سے دے کر خود کیوں مجرم بنوں۔ میں تو خدا کی طرف سے اس کی خدمت پر مامور کی گئی ہوں۔ خدا تعالیٰ ہی سے اس کا اجر لینا ہے۔ ساس نندوں کے ساتھ اچھے سلوک سے بھی شوہر خوش ہوتا ہے۔ جو خدا تعالیٰ کی خوشنودی کا سبب ہے۔ بعض لوگ اپنے ماں باپ کا خیال نہیں کرتے، ان کا حق ادا نہیں کرتے اس پر بھی وہ خدا کے مجرم ہیں۔ عورت کو چاہیئے کہ اپنے شوہر کو خدا کی پکڑ اور سزا سے بچانے کے لئے سمجھائے، اپنے اور اس کے ماں باپ کے حقوق یاد دلائے ادائیگی کی طرف مائل کرے، اپنی محبت اور طرزِ عمل کا ثبوت اور خدا تعالیٰ کا واسطہ دیکر منوانے کی کوشش کرے، نہ مانے تو عملیات و تعویذات کی طرف توجہ دے کہ پھر یہ کام باعث ثواب ہوگا۔

یوں تو اس میں تمام اوراد و ظائف روحانی و جسمانی امراض کے علاج ہیں۔ انکی پابندی کرنے والا ہر شکایت سے محفوظ رہے گا۔ پھر بھی چند مخصوص اور آسان عمل تحریر کئے جاتے ہیں تاکہ وقتِ ضرورت مرد، عورت یا بوڑھا اس پر عمل کرکے فائدہ حاصل کرسکے۔

دشمن کو دوست بنانے کا مجرب عمل

یہ دُعا، ۲۱ یوم قبل نمازِ فجر ۱۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین سانس میں تین گھونٹ خود پئے باقی پانی سب گھر والوں کو پلائے کہ سب آپس میں محبت سے رہیں اوّل آخر درود شریف تین تین بار (دُعا، یہ ہے)

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ اَعْدَآئِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ قَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَّرْتَ اَبَا جَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ قٓ بِحَقِّ حٰمٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

نوٹ: اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نمازِ فجر قبل طلوع آفتاب پڑھے۔ پڑھتے وقت دشمن یا کسی اور کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے۔

اگر شوہر کسی اور کی طرف مائل ہو

مذکورہ بالا دُعا، شوہر کے نام کے اعداد کے مطابق بعد نمازِ فجر پڑھے۔ اگر تعداد زیادہ ہو اور ایک دن میں نہ پڑھا جا سکے تو دو یا چار حصّے کر کے پڑھے۔ کچھ آج کچھ کل مگر ہر روز جتنا پڑھے اس کے اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور پانی یا کسی میٹھی چیز یا نمک پر ہر روز دم کرتی جائے۔ وہ پانی یا شیرینی شوہر کو کھلائے۔ اگر نہ کھلا سکے تو

نمک بہتر ہے کہ ہانڈی میں ڈالا کرے۔ بیٹا، شوہر، ساس، نندیں بے حد محبت کریں۔

اگر بیوی نافرمان یا زبان دراز ہو تو یہ عمل کرے

سورۂ بقر: (الٓمٓ تا اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ)

سات بار اور مندرجہ بالا دُعا، (یعنی اَللّٰھُمَّ سَخِّرۡلِیۡ الخ) ۴۱ بار سات یوم پڑھ کر پانی پر دم کرکے پانی تین سانس میں خود پئے اور چوتھا گھونٹ منہ میں لے کر اسی پانی میں لوٹ دے اور وہ پانی بیوی کو پلائے۔ اوّل و آخر درود شریف تین تین بار۔ خود پانی پیتے وقت بسم اللہ شریف پڑھنا نہ بھولے۔

یہی عمل دوستوں کی دشمنی ختم کرنے، افسران کے تعصب کو دور کرنے اور انکو مسخر کرنے کے لئے بھی مجرب ہے۔

نوٹ: جن کو کھانا پلانا ناممکن ہو اُن کا تصور کرکے پڑھے، جتنا تصور قوی ہوگا اتنی ہی جلد کامیابی ہوگی۔

اگر گاؤں یا محلّہ والے دشمن ہوں

سورۂ بقر دشمنوں کی تعداد کے مطابق رات کو تاریکی میں پڑھیں اور اتنی ہی بار نادِ علی پڑھیں۔ کوئی بھی دشمن غالب نہ آسکے، نہ نقصان پہنچا سکے۔

دُعاء قبول ہونے کے ذرائع

اوّل آخر درُود شریف

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد محترم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر دُعاء کے اوّل آخر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے آل واصحاب پر درود شریف بھیجے کہ درود خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہے اور پروردگار کریم اس سے برتر کہ اوّل و آخر کو قبول فرمائے اور اوسط کو رد کرے۔

حدیث میں ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دُعاء اللہ تعالیٰ سے حجاب میں ہے جب تک مجھ پر اور میرے اہلِ بیت پر درود نہ بھیجی جائے۔ (بیہقی)

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ فرماتے ہیں اے عزیز دُعاء طائر ہے اور درود پر، طائر بے پر کیا اُڑ سکتا ہے۔ (احسنُ الدّعاء)

دُعاء میں حُسن پیدا کرو

حدیث: رسُولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور طلب میں حُسن پیدا کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اچھے انداز میں رزق عطا فرمائے گا۔ (مشکوٰۃ)

خدا تعالیٰ کی عظمت وجلال کے تصوّر میں ڈوب کر دُعاء کرے۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے ارشاد فرمایا:

اگر اس مُبارک تصوّر نے غلبہ کیا کہ زبان بند ہوگئی تو سُبحان اللہ، یہ خاموشی ہزار دُعاؤں سے زیادہ کام دے گی ورنہ اس قدر تو ضرور کہ مورثِ حیا وادب وخشوع وخضوع ہوگا کہ یہی روحِ دُعا ہے۔ دعاء بے اس کے تنِ بے جان اور تن بے جان سے اُمید جہالت۔ (احسنُ الدّعا)

دُعا میں شرم نہ کرو

اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے فرمایا کہ دُعا میں تکبّر اور شرم سے بچئے۔ مثلاً تنہائی میں دُعا میں نہایت تضرع والحاح کر رہا ہے، اپنا منہ خوب گڑگڑانے کا بنا رہا ہے۔ اب کوئی آگیا تو اس حالت سے شرماکر موقوف کردیا۔ یہ سخت حماقت اور معاذ اللہ خدا تعالےٰ کی جناب میں تکبّر سے مشابہ ہے۔ اس کے حضور گڑگڑانا موجب ہزار عزت ہے، نہ کہ معاذ اللہ خلاف شان وشوکت۔ (احسنُ الدّعاء)

دُعا قبول نہ ہونے پر شکوہ کرنے والے

اکثر حضرات تلاوتِ قرآن پاک میں مصروف رہتے ہیں یا وقت کی تنگی کے سبب صرف یازدہ ورنہ پنجسورہ کی تلاوت ضرور کرتے اور ذکر و دعا میں مشغول رہتے ہیں پھر بھی دُعا نہ قبول ہونے کی شکایات بھی کرتے ہیں۔ اوّلاً تو یہ شکایت ہی بے جا ہے۔

اعلیٰ حضرت قدس سرہ فرماتے ہیں یہ دُنیا کے کتے اس احکم الحاکمین کے در پر آتے ہی کب ہیں اور آئے بھی تو اکتاتے گھبراتے۔ کل کا ہوتا آج ہو جائے ایک ہفتہ کچھ پڑھتے گزرا اور شکایت ہونے لگی۔ ایسوں سے کہا جائے کہ اے بے حیاؤ بے شرمو، ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈالو۔ اگر کوئی تمہارا برابر والا دوست تم سے ہزار بار اپنے کچھ کام کو کہے اور تم ایک کام نہ کرو تو اپنا کام اس سے کہتے ہوئے شرماؤ گے کہ ہم نے تو اس کا کہنا کیا ہی نہیں، اب کس منہ سے اس سے کام کو کہیں اور اگر کہہ بھی دیا اور اس نے نہ کیا تو اصلاً محل شکایت نہ جانو گے کہ ہم نے کب کیا تھا جو وہ کرتا۔ اب جانو کہ مالک علی الاطلاق عزّجلالہٗ کے کتنے حکم ٹالتے اور اپنی خواہش کو پورا کرانا چاہتے ہو کیسی بے حیائی ہے اور احمق پن۔

ان نافرمانیوں کے باوجود سر سے پاؤں تک ہر ہر رونگٹے میں صد ھزار نعمتیں،

بے حساب کرم و رحمتیں بے مانگے ملیں. اگر بعض خواہشیں عطا نہ ہوں تو کس منہ سے شکایت کرتا ہے. تو کیا جانے کہ تیرے لئے بھلائی کاہے میں ہے. تو کیا جانے کہ کیسی سخت بلا آنے والی تھی کہ اس دُعا نے رفع کی تو کیا جانے کہ اس دُعا کے عوض کیسا ثواب تیرے لئے ذخیرہ ہو رہا ہے. قبول کی یہ تین صورتیں ہیں جن میں ہر پہلی پچھلی سے اعلیٰ ہے. ہاں بے اعتقادی آئی تو یقین جان کہ مارا گیا اور ابلیس لعین نے تجھے اپنا سا کرلیا. والعیاذ باللہ سُبحانہٗ وتعالیٰ. اے خاکِ ذلیل، اے آب ناپاک، اپنا منہ دیکھ اور اس عظیم شرف کو غور کر کہ اپنی بارگاہ میں حاضر ہونے اپنا پاک مقامی نام لینے، اپنی طرف منہ کرنے، اپنے پکارنے کی تجھے اجازت دیتے ہیں. لاکھ مرادیں اس فضل پر نثار، او بے صبر، ذرا بھیک مانگنا سیکھ. اس آستان رفیع کی خاک پر لوٹ جا اور لپٹا رہ اور ٹکٹکی بندھی رکھ کہ اب ملتا ہے بلکہ اسے پکارنے، اس سے مناجات کرنے کی لذت میں ایسا ڈوب جا کہ ارادہ و مراد کچھ یاد نہ رہے. یقین جان کہ اس دروازے سے ہرگز محروم نہ پھرے گا. (احسنُ الدعاء)

دُعاء گو کو چاہیئے

اپنے گناہوں پر شرمندہ ہو اور ہمیشہ کے لئے توبہ کرے حرام کمائی سے بچے، حرام غذا سے بچے. اگر کسی کا حق اس پر آتا ہو تو ادا کرے یا معاف کرالے. دشمنِ خدا و رسول سے دوستی نہ کرے کہ دشمن و بدگو کی دوستی بھی بارگاہِ الٰہی سے مقبولیت کا علاقہ منقطع کر دیتی ہے. اگرچہ خود تو بدگو نہیں، نہ کبھی توہین کی، نہ کبھی گستاخی، خدا اور رسول کا دل میں شبہ گزرا مگر ایسے لوگوں کی عزت کرنا، تعظیم سے پیش آنا اور انہیں پیر، امام، پیشوا، عالِم، عابد و زاہد جاننا ماننا، جنہوں نے گستاخیاں کیں اور کبھی توبہ نہ کی. یہ سب انہیں میں سے ہیں. ایسوں سے دوستی، ان سے محبت خدا و رسول کی بارگاہِ رفیع سے علاقہ مقبولیت کا منقطع کر دیتی ہے.

ضروری ہدایات

عام مسلمانوں خصوصاً عاملین کے لئے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنے کے بعد ہر اوراد و وظائف کا اثر فوراً ظاہر ہوگا۔

(۱) مذہب اہلِ سنّت والجماعت پر قائم رہیں جس پر علمائے حرمین شریفین ہیں۔ خدا اور رسول کے دشمنوں کو اپنا دشمن اور مخالف جانیں، ان کی بات نہ سنیں، ان کے پاس نہ بیٹھیں، ان کی تحریر نہ دیکھیں کہ شیطان کو (معاذاللہ) دِل میں وسوسہ ڈالتے کچھ دیر نہیں لگتی۔ دین وایمان کی حفاظت اشد ضروری ہے۔ دین وایمان سے ہمیشگی کے گھر میں کام پڑتا ہے۔ ان کی فکر سب سے زیادہ لازم ہے۔

(۲) نماز پنجگانہ کی پابندی نہایت ضروری ہے۔ مردوں کو مسجد وجماعت کا التزام بھی واجب ہے۔ بے نماز مسلمان گویا تصویر کا آدمی ہے۔ بے نماز وہی نہیں ہے جو کبھی نہ پڑھے بلکہ جو ایک وقت کی بھی قصداً کھوئے بے نماز ہے۔ کوئی آقا یہاں تک کہ کافر بھی نماز سے باز نہیں رکھ سکتا اور اگر منع کرے تو ایسی نوکری ہی حرام قطعی ہے اور کوئی وسیلۂ رزق نماز کھو کر برکت نہیں لا سکتا۔

(۳) جتنی نمازیں قضا ہو گئی ہیں ان کی ادائیگی ضروری ہے۔ سب کا ایسا حساب لگائیں کہ تخمینے میں باقی نہ رہ جائیں۔ زیادہ ہو جائیں تو حرج نہیں اور وہ سب بقدر طاقت رفتہ رفتہ نہایت جلد ادا کریں۔ کاہلی نہ کریں کہ موت کا وقت معلوم نہیں اور جب تک فرض ذمّہ پر باقی ہوتا ہے کوئی نفل قبول نہیں کیا جاتا۔ قضا نماز کی نیت یوں کریں کہ سب میں پہلی نماز فجر جو مجھ سے قضا ہوئی، اسی

طرح ظہر وغیرہ نیز ہر نماز میں نیت کریں۔ قضا میں فقط فرض اور وتر یعنی ہر دن اور رات کی ۲۰ رکعت ادا کی جاتی ہیں۔

(۴) جتنے روزے بھی قضا ہوئے ہوں دوسرا رمضان آنے سے پہلے ادا کرلئے جائیں کہ حدیث شریف میں ہے جب تک پچھلے رمضان کے روزوں کی قضا نہ کرلی جائے اگلے قبول نہیں ہوتے۔

(۵) جو صاحبِ مال ہیں زکوٰۃ بھی دیں جتنے برسوں کی نہ دی ہو فوراً حساب کرکے ادا کریں۔ ہر سال کی زکوٰۃ سال تمام ہونے سے پہلے دے دیا کریں۔ سال تمام ہونے کے بعد دیر لگانا گناہ ہے۔

(۶) صاحبِ استطاعت پر حج بھی فرض ہے۔ اللہ عزوجل نے اس کی فرضیت بیان کرکے فرمایا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ "اور جو کفر کرے تو اللہ جہان سے بے پرواہ ہے"۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے تارکِ حج کو فرمایا ہے کہ چاہے یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر۔

(۷) کذب، فحش، چغلی، غیبت، زنا، لواطت، ظلم، خیانت، ریا، تکبر اور ہر بُری خصلت سے بچیں۔

اعمال و وظائف میں ایک دو نہیں سینکڑوں کتابیں موجود ہیں۔ اور لوگ اس کے مطابق عمل بھی کرتے ہیں نیز ہزاروں لوگ تلاوت قرآن مجید بھی کرتے ہیں پھر بھی اکثر ان میں وہ بھی ہیں جو دنیاوی تکلیفوں کی شکایات کرتے ہیں۔ ایسے حضرات سے گزارش ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

(۱) اللہ و رسول کی محبت کا چراغ دل میں روشن ہو (۲) جو کچھ پڑھ رہا ہو اس کے فضائل و فوائد پر یقین محکم ہو (۳) پڑھنے والے کی زبان سے جو نکلے دل کی بھی وہی صدا ہو۔ جو ان باتوں پر عمل کرے گا اللہ و رسول کے وعدے سے اس کے لئے جنت ہے

بارہ۱۲ مہینے کے فضائل، نوافل و اشغال

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں ارشاد فرماتا ہے اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ الخ (ترجمہ) "بے شک مہینوں کی گنتی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں، اللہ کی کتاب میں جب سے اُس نے آسمان اور زمین بنائے، ان میں چار حرمت والے ہیں، یہ سیدھا دین ہے تو مہینوں میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو (یعنی گناہوں سے بچو)"۔

اس آیتِ کریمہ سے یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے سال کے چار مہینوں کو اپنے لئے خاص فرما لیا اور باقی آٹھ مہینے اپنے بندوں کے لئے چھوڑ دیئے تاکہ ان آٹھ مہینوں میں خیر و شر کی جانچ کی جائے۔ گویا آٹھ مہینے امتحان کے لئے ہیں اور چار مہینے انعام و اکرام کے لئے کہ ان چار مہینوں میں مختصر عمل پر اجرِ عظیم عطا فرمایا جاتا ہے۔ وہ مبارک چار مہینے یہ ہیں: رجبُ المرجب، ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم الحرام۔

سال کی اِبتدا و انتہا

ماہ محرم الحرام اسلامی سال کی ابتدا ہے اور ذی الحجہ سال کی انتہا۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو آخر دن ذی الحجہ اور اول دن محرم الحرام کا روزہ رکھے وہ پورے سال کے روزے رکھنے والوں کے برابر ثواب پائے۔ چاہیئے کہ ذی الحجہ کی ۲۹ تاریخ کا روزہ رکھے، اگر ۲۹ کا چاند نہ ہو تو ۳۰ کو بھی روزہ رکھے پھر پہلی محرم الحرام کو۔

مُحرّمُ الحرام

یہ مہینہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے مہینوں میں نیکی کا ثواب عظیم ہے مگر گناہ کا عذاب بھی اسی قدر ہے۔ مگر افسوس کہ اس مبارک مہینے میں ہر مسلمان بدعات، بد رسومات،

گناہ اور خرافات میں زیادہ مبتلا رہتے ہیں۔ شہر اور دیہات میں عورتوں کا سج بن کر گھروں سے نکلنا اور غیر محرموں کو دعوت نظارہ دینا اور خود غیر مردوں کو دیکھنا ہی معمولی گناہ نہیں، اس پر غضب یہ کہ دامن عصمت کی دھجیاں ہونا، غیر مسلموں سے اسلام کا مضحکہ اڑوانا۔ (والعیاذ باﷲِ)

مسلمانوں کو چاہیئے کہ روافض کی اقتداء سے خود بچیں اور اپنی عورتوں اور بچوں کو بچائیں۔ علم، تخت، تازیوں سے اہلِ سنت کو کوئی لگاؤ نہیں نہ دین میں اس کی کوئی اصلیت ہے، پھر باجہ وغیرہ تو یزیدی افعال ہیں۔ اور گناہ کبیرہ۔ ہاں نذر و نیاز کہ محمود و مقبول بارگاہ الٰہی ہے۔ خوب ایصالِ ثواب کریں، اپنے گھروں کے مردوں خصوصًا شہیدانِ کربلا و دیگر بزرگانِ دین کو کہ اس کا ثواب بہت ہے، اور جو ایصالِ ثواب کرے اس کو دس گنا اجر ملتا ہے۔

(اقبال احمد نوری)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں مجھے اللہ پر گمان ہے کہ عاشورہ کا روزہ ایک سال قبل کے گناہ مٹا دیتا ہے (صحیح مسلم)

عاشورہ محرم الحرام کی دسویں کو کہتے ہیں۔ اولیاء کرام فرماتے ہیں جو شخص عاشورہ یعنی دس محرم الحرام کو دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف سورۂ انعام اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف سورۂ یٰسین شریف، اس کو ہزار برس کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔

صفر المظفر

اکثر لوگ خصوصًا عورتیں ماہ صفر المظفر کو منحوس جانتی ہیں، کوئی نیا کام نہیں کرتیں اور انھیں میں کے کچھ جاہل آخری چہار شنبہ یعنی بدھ کو خوشی مناتے ہیں کہ حضور کو اس دن صحت ہوئی —— لیکن حقیقت یہ کہ دونوں باتیں غلط ہیں۔

احادیث سے ثابت ہے کہ نہ یہ مہینہ منحوس ہے، نہ اس میں شادی کرنا منع، نہ مکان کی تعمیر کی ابتداء باعثِ تکلیف۔ صحیح یہ ہے کہ آخری چہارشنبہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض میں اضافہ ہوا تھا۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ اس رات کو عبادت میں گزاریں اور نوافل وتلاوتِ قرآن میں مصروف رہیں۔ (اقبال احمد نوری)

عاملین فرماتے ہیں کہ اس رات میں چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ ــــ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ کافرون پندرہ مرتبہ، ــــ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ، ــــ تیسری رکعت میں سورۂ فلق پندرہ مرتبہ، ــــ اور چوتھی رکعت میں سورۂ ناس پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر بعد سلام کے ــــ درود شریف ۷۰ مرتبہ، کلمۂ طیبہ ۷۰ مرتبہ، پھر درود شریف، صرف ۷ مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور آل واصحاب کی ارواح کو بخشیں پھر اپنے لئے دُعا کریں جو حاجت ہو پوری ہو۔

ربیعُ الاوّل

یہ بڑا مُبارک مہینہ ہے۔ اس میں جتنی خوشی منائی جائے کم ہے۔ اگر میسّر ہو تو ہر روز غسل کریں، کپڑے بدلیں، عطر لگائیں، غلامانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کو ولادتِ سرکار کی خوشی منائیں اور خاص بارھویں شب کیا بلکہ پورے مہینے خوشی منائیں۔ ــــ رضائے الٰہی کے لئے وعظ، میلاد، نوافل وخیرات، تلاوت قرآن مجید میں پورا ماہ گزاریں تو کیوں نہ ان کی قبر پر تاقیامت رحمت کی بارش ہو۔

(اقبال احمد نوری)

ان ایام میں بکثرت درود شریف پڑھنا افضل ہے۔ یا درودِ جمعہ پڑھیں کہ اس

کا ثواب بے حد اور فوائد کثیر ہیں۔ (اعلیٰ حضرت)

ربیع الآخر

یہ مہینہ سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے منسوب ہے۔ اس ماہ کی ۱، ۳، ۵، ۷، ۹، ۱۱ ——— تاریخوں میں سے کسی شب کو صلوٰۃ غوثیہ پڑھے، اسی شب اس کی حاجت پوری ہو۔

ترکیبِ صلوٰۃِ غوثیہ

بعد نماز مغرب دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف گیارہ بار سورۂ اخلاص پھر سلام کے بعد سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحٰنَ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ گیارہ بار، پھر گیارہ بار حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام عرض کرے اور گیارہ بار یہ کہے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر عراق کی طرف گیارہ قدم چلے، ہر قدم پر یہ کہے یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ وَیَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔

جمادی الاوّل ——— جمادی الآخر

ان دونوں مہینوں کی شروع تاریخوں میں جو عمل بھی عامل بننے کے لئے کیا جائے اور زکوٰۃ ادا کی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ عمل ضرور کامیاب ہو اور عامل کے عملیات زود اثر ہوں۔

رَجَبُ المُرَجَّب

یہ برکت کا مہینہ ہے، اس کی ۲۷ ویں شب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی اور اسی موقع پر نماز فرض ہوئی۔ لہٰذا اس شب یا پہلی نصف شب کو قضاء عمری ادا کرنے اور نوافل پڑھنے کا بڑا ثواب ہے۔ اس ماہ کے ایک روزہ کا ثواب سال بھر کے روزوں کا ثواب ہے۔ ۲۷، رجب کو روزہ رکھیں۔ سراج السالکین میں ہے کہ جو کوئی پہلی، ۷، ۲۷ ویں شب کو سورۂ طٰہٰ، الٓمٓ تنزیل اور یٰسین پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اُسے دوزخ سے آزاد کرے گا۔

شَعبَانُ المعظّم

رجب المرجب اللہ کا مہینہ ہے اور حضور اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ شعبان میرا مہینہ ہے، جس نے اس کا احترام کیا اس نے میرا احترام کیا۔ جو اس ماہ کی پہلی تاریخ کو چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد، ۷ بار سورۂ اخلاص پڑھے تو، ۷۰ برس کی عبادت کا ثواب پائے۔ اس ماہ میں ایک رات شب براءۃ کے نام سے موسوم ہے جن مردوں، عورتوں کے ذمہ بالغ ہونے سے آج تک کی کوئی نماز نہیں ان کے لئے نوافل کی کثرت باعثِ قرب الٰہی ہے۔ اس رات کی عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی راتوں کی عبادت کے برابر ہے۔ اس شب بزرگوں کی قبر پر جا کر ایصالِ ثواب کرے کہ اس کے مُردے بخش دیئے جائیں گے اور بزرگوں سے فیض حاصل ہوگا۔ ہر مسلمان کو چاہیئے کہ اس تاریخ کو ماں، باپ، دوست احباب، زن و شوہر ایک دوسرے سے اس کے حقوق کی معافی چاہے اور پندرھویں تاریخ کا روزہ رکھے کہ اس کا بڑا اجر ہے۔ آتش بازی حرام ہے۔ اس سے سب بچیں۔

رمضانُ المبارک

یہ مہینہ جس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ رجب المرجب خدا کا مہینہ ہے اور شعبانُ المعظم میرا اور رمضان المبارک میری امت کا ہے کہ اس میں صرف فرض کی ادائیگی یعنی نماز پنجگانہ اور روزہ، زکوٰۃ دینا، ساتھ ہی تراویح کا پڑھنا ہر روز ایک ماہ کی عبادت و ریاضت کا ثواب اور اس پر گناہ سے بچنا ہر روز جہاد کا ثواب، اب اس کا دس گنا کر لو. گویا یہ مہینہ ایسا ہے جیسے کسان کھیتی کاٹ کر فصل بھر آرام سے بیٹھ کر کھاتا ہے، اسی طرح یہ مہینہ مسلمان کی کمائی کا ہے کہ اس ماہ کی کمائی سال بھر کام آنے والی ہے۔

شوّالُ المکرّم

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو عیدُ الفطر کے ۶ روزے اور رکھتے تو رمضان کے ۳۰ اور ۶، یہ تو ۳۶ ہوئے اب اس کا دس گنا کرو یعنی ۳۶۰ ہوئے گویا پورے سال کے روزوں کا اور سال بھر شب بیداری کا اور سال بھر جہاد کا اور سال بھر کی عبادت کا ثواب پائے

ذی قعدہ

یہ اللہ کا مہینہ ہے. اس میں فرائض کے علاوہ نوافل، خیر و خیرات، یتیموں، فقیروں و مسکینوں کو کھانا کھلانا، خصوصاً دینی طلباء کو نئے کپڑے بنانا، عزت و احترام کے ساتھ کھانا کھلانا، فصل کی چیزیں اس موقع پر جو بھی موجود ہوں اسی طرح تواضع کے ساتھ پیش کرنا جس طرح ملک کے عہدے داروں کی دعوت کی جاتی ہے تو اللہ ربُّ العزت تم کو بھی وہی چیز اسی عزت و احترام کے ساتھ کھلائے گا اور کبھی تمہار عزت اور دولت میں کمی نہ ہوگی اور دینی طالب علم حضرات کی خاطر تواضع کا اجر اللہ ربُّ العزت آخرت میں سات گنا دیگا کہ وہی جگہ کام آنے کی ہے یعنی آخرت۔

ذی الحجّہ

یہ بھی اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے۔ اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی دولت خدا کے راستے میں خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

جن لوگوں پر زکوٰۃ فرض کی گئی ہے یعنی صاحبِ نصاب، وہ قربانی کریں اور جن کے پاس اتنی رقم ہے کہ حج کر سکتے ہیں تو وہ حج کا فریضہ پورا کریں۔
اگر وہ اس دولت سے حج نہ کریں تو وہ دولت ایسے لوگوں کی غربت و مفلسی کا سبب بھی بن سکتی ہے کہ اللہ رب العالمین نے دولت لوگوں کو اسی لئے دی ہے کہ اسی کے نام اور اس کے دین پر اور اللہ تعالیٰ کے راستے پر صرف کی جائے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص ماہِ ذی الحجہ کی آخری شب میں زیادہ نہ ہو سکے تو دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ:

پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف، سورۂ اخلاص ۳ مرتبہ،
دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف، سورۂ ناس ۳ مرتبہ،
تو ۳۶۰ قرآن کا ثواب پائے۔

تمت بالخیر

قرآنی سورتوں اور درود و دعا کے پیش نظر اس کتاب کی بار بار تصحیح کی گئی ہے۔

حضراتِ مصححین :۔ مفتی محمد اعجاز شاداب شریف نگری، مولانا خالد صاحب بستوی۔
مولانا محمد ادریس رحمانی۔ مولانا حامد دہلوی

کاتب حضرات : مولانا محمد یوسف علیم آبادی دہلی، حافظ ساجد حسن بجنوری، حافظ فرحت علی سہوانی